★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 12 | پیر 19 محرم الحرام 1445ھ 7 اگست 2023ء 23 ساون 2080ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 323

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

نواز شریف جلد واپس آکر پاکستان کی تقدیر بدل دینگے: وزیر اعظم

ملک بھر میں موٹروے کا جال بچھایا، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا، 30 ارب کی سرمایہ کاری لائے، آج ٹرین حادثہ میں ہلاکتوں میں دلی دکھ ہوا، قصور جلسہ خطاب

ہائر ایجوکیشن کمیشن میں اراکین کے ناموں کی منظوری، وزیر اعظم کو 10 کمیشن اراکین کے تقرر کے لیے 30 ناموں پر مشتمل 10 پینل بھیجے گئے تھے

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد/قصور (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نواز شریف جلد واپس آئیں گے اور پاکستان کی تقدیر بدل دیں گے۔ قصور میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کے سمندر کو دیکھ کر میری 16 ماہ کی تھکاوٹ اتر گئی ہے، آج ایک ٹرین حادثہ ہوا، 30 لوگ جاں بحق، 100 زخمی ہوئے ہیں، اللہ جاں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

چیئرمین PTI کی گرفتاری، راولپنڈی میں دفعہ 144 نافذ

راولپنڈی میں لاؤڈ سپیکر کے استعمال، اسلحہ لیکر گھومنے پر بھی پابندی ہوگی

کسی قسم کے اجتماع، جلسے جلوس اور دھرنوں پر مکمل پابندی، نوٹیفکیشن جاری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین کی گرفتاری پر ممکنہ احتجاج کے خطرے کے پیش نظر راولپنڈی میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

چیئرمین PTI کی گرفتاری پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے: امریکہ

امید ہے چیئرمین پی ٹی آئی اور دیگر سیاستدانوں کے خلاف کیسز پاکستان کے قانون کے مطابق ہوں گے، مداخلت نہیں کر سکتے

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی جمہوری اصولوں کے احترام اور قانون کی حکمرانی کا کہتے ہیں، ترجمان امریکی دفتر خارجہ میتھیو ملر

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی گرفتاری پر امریکا کا ردعمل بھی آ گیا۔ ترجمان امریکی دفتر خارجہ میتھیو ملر کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی اور دیگر سیاستدانوں کے خلاف کیسز پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے۔ میتھیو ملر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

نوابشاہ: ٹرین حادثے کے بعد پاک فوج کے جوان امدادی کارروائیوں میں حصے لے رہے ہیں

چیئرمین PTI نے ریاستی تحفے بیچے گرفتاری سیاسی نہیں

مریم اورنگزیب

نواز شریف اور چیئرمین پی ٹی آئی کا موازنہ نہیں کیا جا سکتا، نواز شریف نے اپنے اوپر لگنے والے تمام الزامات کا جواب عدالت میں دیا

9 مئی کو پی ٹی آئی کے کارکنوں نے حساس تنصیبات کو نشانہ بنایا، ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو رہی: انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے ریاستی تحائف بیچے اس لئے ان کی گرفتاری سیاسی نہیں ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ توشہ خانہ کیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

کراچی سے حویلیاں جانیوالی ہزارہ ایکسپریس کی 10 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں آرمی چیف کی فوجی ٹیموں کو جائے وقوعہ پر پہنچنے کی ہدایت

نواب شاہ ٹرین کو حادثہ 30 افراد جاں بحق 80 زخمی

حادثہ تخریب کاری بھی ہو سکتی ہے، حادثے کے ہر پہلو کو دیکھا جا رہا ہے، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی، خواجہ سعد رفیق، زخمی کو ہر ممکن سہولیات دینگے، شرجیل میمن

حادثہ اس قدر اچانک ہوا کہ سنبھلنے کا موقع نہ ملا، مسافروں کی گفتگو، 10 میں سے 9 بوگیوں کو کلیئر کروا دیا گیا، ریلوے حکام، صدر وزیر اعظم، آرمی چیف و دیگر کا حادثے پر اظہار افسوس

نوابشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) نوابشاہ کے قریب ہزارہ ایکسپریس حادثے کا شکار، جاں بحق افراد کی تعداد 30 ہو گئی کراچی سے حویلیاں جانے والی ہزارہ ایکسپریس کی کئی بوگیاں نواب شاہ کے قریب پٹری سے اتر گئیں جس کے نتیجے میں کم از کم 30 افراد جاں بحق اور 80 سے زائد افراد زخمی ہو گئے۔ ریلوے حکام کے مطابق کراچی سے آنے والی ہزارہ ایکسپریس سرہاری ریلوے اسٹیشن کے قریب حادثے کا شکار ہوئی، حادثے میں ہزارہ ایکسپریس کی کئی بوگیاں ٹریک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

نوابشاہ: ٹرین حادثے کے بعد پاک فوج کے جوان امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں

محسن نقوی کا تھانہ سٹی راولپنڈی کا دورہ، نقص صفائی پر اظہار برہمی

ایس ایچ او کی سرزنش، ایس ایچ او کو واش رومز کا وزٹ کرنے، صفائی کے انتظامات اور واش رومز کی حالت کو بہتر بنانے کا حکم

درخواست کے اندراج سے ایف آئی آر تک سائلین کو تھانے کے بار بار چکر نہ لگوائے جائیں، ہدایات، محسن نقوی از بکستان روانہ

راولپنڈی / تاشقند (بیورو رپورٹ + ایجنسیاں) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے تھانہ سٹی راولپنڈی کا دورہ کیا، گندگی، تعفن، صفائی کے ناقص انتظامات اور واش رومز کی ابتر صورتحال پر برہمی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے ایس ایچ او کی سرزنش کرتے ہوئے پوچھا کہ آپ نے تھانے کے واش رومز استعمال کئے ہیں؟ وزیر اعلیٰ نے ایس ایچ او کو واش رومز کا وزٹ کرنے، صفائی کے انتظامات اور واش رومز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

امید ہے چیئرمین پی ٹی آئی کو عدلیہ سے انصاف ملے گا: شیخ رشید

چیئرمین پی ٹی آئی کو فیئر ٹرائل کا حق ملنا چاہئے تھا، امید ہے جلد رہائی ملے گی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری اور اُن کو اٹک جیل منتقل کرنے پر مجھے انتہائی دکھ اور افسوس ہوا جس کی پُرزور مذمت کرتا ہوں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ''ایکس'' (ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو فیئر ٹرائل کا حق ملنا چاہئے تھا، امید ہے سابق وزیر اعظم کو ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ سے انصاف ملے گا اور انہیں جلد رہائی ملے گی۔ انہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

انسان جو بوتا وہی کاٹتا، عمران کی گرفتاری پر علیم خان کا ردعمل

چیئرمین PTI کی گرفتاری سیاسی استحکام کیلئے بہتر ثابت ہوگی: عون چوہدری

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری پر استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ انسان جو بوتا ہے وہی کاٹتا ہے۔ اپنے ایک بیان میں عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ اللہ حق ہے، عمران خان کی گرفتاری مکافاتِ عمل ہے کیونکہ انسان جو بوتا ہے وہی کاٹتا ہے۔ دوسری جانب استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما عون چوہدری نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری سیاسی استحکام کے لیے بہتر ثابت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

چیئرمین پی ٹی آئی کے پاس اپیل کا حق ہے: وزیر قانون

چیئرمین پی ٹی آئی کو قانونی طریقے سے سزا ہوئی وہ اس کا سامنا کریں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے پاس ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں اپیل کا حق ہے۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو قانونی طریقے سے سزا ہوئی ہے، وہ اس کا سامنا کریں، 37 دفعہ وہ عدالت میں حاضر نہیں ہوئے۔ وزیر قانون نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری کا معاملہ سادہ سے کیس پر ہوا، گوشوارے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

''تماشا خانہ'' کیس میں طے شدہ فیصلہ سنایا گیا: مونس الٰہی

مقبول ترین لیڈر کو گرفتار کر لیا گیا، عوام پی ڈی ایم کو معاف نہیں کرینگے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر چودھری مونس الٰہی نے کہا ہے کہ ''تماشہ خانہ'' کیس کا پہلے سے طے شدہ فیصلہ آج سنا دیا گیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے صاحبزادے چودھری مونس الٰہی نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایک دفعہ پھر قانون کا خون ہو گیا ہے۔ سابق وفاقی وزیر چودھری مونس الٰہی نے اپنے ٹوئٹ میں مزید کہا ہے کہ قوم کے مقبول ترین لیڈر کو گرفتار کر لیا گیا، پی ڈی ایم کے سازشی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وزیر خزانہ اسحاق ڈار اے سی این ای سی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین PTI کو موقع فراہم کئے بغیر فیصلہ سنایا گیا: سپریم کورٹ بار

چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل کی غیر موجودگی میں کیس کا فیصلہ جلد بازی میں کیا گیا

یہ آرٹیکل 4 کے تحت ملزم کے بنیادی حقوق کی صریحاً خلاف ورزی: صدر، سیکرٹری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری کے معاملے پر ردعمل بھی سامنے آ گیا۔ صدر اور سیکرٹری سپریم کورٹ بار نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ یہ بدقسمتی کی بات ہے کہ عدالت نے ملزم کو سماعت کا منصفانہ موقع فراہم کیے بغیر فیصلہ دیا، چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل کی غیر موجودگی میں کیس کا فیصلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

الیکشن میں تاخیر وفاق کیلئے خطرناک ہوگی: سینیٹر رضا ربانی

کوئی کہہ رہا ہے الیکشن چھ ماہ اور کوئی کہہ رہا ہے 7 ماہ کیلئے موخر ہوں گے

بلوچستان کی 16 سیٹوں والی جمہوریت بھی برداشت نہیں ہو رہی: کامران مرتضیٰ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ الیکشن میں تاخیر وفاق کے لیے خطرناک ثابت ہوگی۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ مشترکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

فردوس عاشق کی گھریلو ملازمہ سے بدتمیزی کی ویڈیو وائرل

ملازمہ کو گالیاں اور پولیس کو بلا کر اسے بند کرانے کی دھمکیاں بھی دیں

الزامات بے بنیاد، یہ لوگ کام کر کے گھروں میں چوریاں کرتے: گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کی ترجمان فردوس عاشق اعوان کی اپنی گھریلو ملازمہ سے گالم گلوچ اور تشدد کی مبینہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ واقعے کی موبائل فون ویڈیو میں فردوس عاشق اعوان ملازمہ پر تشدد کا اعتراف بھی کر رہی ہیں، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ وزیر اعظم یوتھ لیپ ٹاپ سکیم تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

رضوانہ تشدد کیس: سول جج کی اہلیہ جے آئی ٹی کو مطمئن نہ کر سکیں

تشدد نہیں کیا بچی کو اسکن الرجی تھی، سر پر چوٹ کیسے لگی، ہمیں نہیں معلوم: اہلیہ

سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ نے مقدمے میں ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کر رکھی

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمسن گھریلو ملازمہ رضوانہ تشدد کیس میں نامزد سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ سومیہ عاصم جے آئی ٹی کے روبرو پیش ہو گئیں۔ سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ سومیہ عاصم 23 جولائی سے ایف آئی آر میں نامزد ہیں تاہم سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

چیئرمین پی ٹی آئی کی جیل میں پہلی رات کی روداد افشاں

پہلی رات اٹک جیل کی ہائی سکیورٹی بیرک میں گزاری، رات کو کھانا، صبح ناشتہ دیا گیا

نواز شریف بھی اسی جیل بیرک میں قید رہ چکے، جیل کے اطراف سکیورٹی ہائی الرٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) توشہ خانہ کیس میں گرفتار چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کی اٹک جیل میں پہلی رات کیسے گزری تفصیلات سامنے آ گئیں۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف نے پہلی رات اٹک جیل کی ہائی سکیورٹی بیرک میں گزاری، چیئرمین پی ٹی آئی کو رات کا کھانا اور صبح کا ناشتہ جیل مینول کے مطابق دیا گیا، سابق وزیر اعظم کو نماز فجر کے بعد ناشتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

پاکستان کڈنی اینڈ لیور ٹرانسپلانٹ انسٹی ٹیوٹ کا داخلی راستہ انتہائی دلکش منظر

پی کے ایل آئی کا داخلی راستہ دلکش منظر پیش کررہا ہے: شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف نے نگران وزیراعلیٰ پنجاب اور کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کے کام کی تعریف کی، وزیراعظم کے پی کے ایل آئی راستے کی تصاویر بھی شیئر کیں

عوامی مقامات خصوصاً ہسپتالوں کو ایسا فرینڈلی (خوشگوار) نظر آنا چاہیے، مریضوں اور آنے لواحقین کے لیے یہ بہترین جگہ بنادی گئی ہے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کو ٹویٹر پر پیغام

لاہور (خبرنگار) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر پی کے ایل آئی ہسپتال کے داخلی راستے کی بیوٹیفکیشن کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے نگران وزیراعلیٰ پنجاب اور کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کے کام کی تعریف کی۔ انہوں نے اپنے ٹویٹر پیغام میں کہا کہ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی سپرویژن میں کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا بہترین کام کر رہے ہیں۔ پاکستان کڈنی اینڈ لیور ٹرانسپلانٹ انسٹی ٹیوٹ کا داخلی راستہ انتہائی دلکش منظر پیش کررہا ہے۔ عوامی مقامات خصوصاً ہسپتالوں کو ایسا فرینڈلی (خوشگوار) نظر آنا چاہیے۔ بعد ازاں وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے پی کے ایل آئی یونیورسٹی کے سنگ بنیاد کی تقریب کے دوران نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی اور کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں اور آنے لواحقین کے لیے یہ بہترین جگہ بنا دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے پی کے ایل آئی کے اطراف بیوٹیفکیشن و تزئین و آرائش کا کام حال ہی میں مکمل کیا ہے۔

بھارتی بربریت نے جنت نظیر کشمیر کو جہنم نظیر بنادیا: تنویر خان

بھارتی مسلمانوں سمیت کشمیریوں کیلئے ہر دن یوم سیاہ اور ہر شب پرآشوب ہے

لاہور (خبرنگار) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کے مرکزی سیکرٹری جنرل تنویر احمد خان نے کہا ہے کہ مودی سرکار نے کشمیریوں کے استحصال کی انتہا کردی۔ بھارتی مسلمانوں سمیت کشمیریوں کیلئے ہر دن یوم سیاہ اور ہر شب پرآشوب ہے۔ مودی سرکار کی مجرمانہ منافقت اور معاونت کے نتیجہ میں بھارتی مسلمانوں کی نسل کشی میں شدت آگئی۔ بھارتی بربریت نے جنت نظیر کشمیر کو جہنم نظیر بنادیا۔ جموں و کشمیر کے شہروں اور زندانوں میں کوئی فرق نہیں رہا۔ وہ یوم استحصال کے سلسلہ میں ایک سیمینار سے خطاب کررہے تھے، سیمینار میں شہدائے کشمیر کے درجات کی بلندی کیلئے اجتماعی دعا کی گئی۔ تنویر احمد خان نے مزید کہا کہ بھارت میں ہزاروں کشمیری قیدی اور اپنے قانونی دفاع کے حق سے محروم ہیں لیکن اس کے باوجود وہ غلامی تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں۔ جموں و کشمیر کو جیل میں تبدیل کرنے والے بھارت کیلئے بوجھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت کیخلاف کشمیریوں کی بھرپور مزاحمت اور استقامت نوید انقلاب ہے۔ کشمیری شہیدوں نے اپنے خون سے اپنی تحریک آزادی کی تاریخ لکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے فلسطینی اور کشمیری بھائی آج بھی پاکستان کے عوام کی وفاؤں اور دعاؤں کا محور ہیں، ہم ان کی بھرپور حمایت سے ہرگز دستبردار نہیں ہوں گے۔ بھارت کے زندانوں سے اسیر کشمیریوں کو فوری رہا کیا جبکہ بھارت میں ایک منظم سازش کے تحت مساجد سمیت بیگناہ مسلمانوں کو شہید کرنیوالے انتہاپسند ہندوؤں کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے متعصبانہ اور آمرانہ رویوں نے بہادر کشمیریوں کو باغی بنادیا ہے، وہ اپنے حق آزادی سے ہرگز دستبردار نہیں ہوں گے۔

چیئرمین PTI سیاست میں گالم گلوچ کے بانی: حاجی امداد

گرفتاری آئین وقانون کے مطابق، عوام باقیات کو سیاست سے آؤٹ کردینگے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے سابق صدر و رکن پنجاب اسمبلی حاجی امداد حسین نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے چوری کی جس پر عدالتی حکم پر ان کی آئین و قانون کے مطابق گرفتاری ہوئی، پی ٹی آئی سربراہ نے سیاست میں نفرت اور گالم گلوچ کا کلچر متعارف کروایا، ان کے کہنے پر جج کے خلاف سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کیا گیا، پی ٹی آئی سربراہ کی صادق و امین کی حقیقت کھل کر عوام کے سامنے آچکی ہے، اب انہیں قوم کے لوٹے ہوئے ایک ایک پیسے کا حساب دینا پڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عدالت سے سزا کے بعد پارٹی سربراہی کیلئے بھی اہل نہیں رہے۔

رہائش گاہ سید بشیر حسین شاہ بخاری سے برآمد ہونیوالے سالانہ ماتمی جلوس میں عزادار ماتم داری کررہے ہیں

ملک میں 9 مئی جیسے واقعہ کی اب دوبارہ گنجائش نہیں، سنی علما کونسل

سیاستدان کی گرفتاری پر احتجاج کی آڑ میں ریاستی رٹ کو چیلنج کرنیوالوں سے نمٹا جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ ملک میں 9 مئی جیسے واقعہ کی اب دوبارہ گنجائش نہیں ہے، یہ ملک ہمارا ہے اور اس ملک کی حفاظت ریاستی اداروں کے ساتھ ساتھ ہر پاکستانی کی بھی ہے، سیاستدان کی گرفتاری پر احتجاج کی آڑ میں ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے والوں سے قانونی طریقے سے نمٹا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کو چور چور کہنے والے جب عدالتوں سے خود سزا پاتے ہیں تو ان کے حامی احتجاج کی آڑ میں جو دنگا فساد کرتے ہیں وہ کسی بھی لحاظ سے درست نہیں ہے سیاسی لیڈروں سے ہمدردی کیلئے کارکنوں کا سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور جگہ جگہ احتجاج کرنے کی بجائے انہیں عدالتوں کا رخ کرنا چاہیے اور وہاں اپنی بے گناہی ثابت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری پر احتجاج کرنے والوں پر کڑی نظر رکھی جائے کیونکہ احتجاج کرنے والوں میں دہشتگرد گھس جاتے ہیں جو موقعہ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے توڑ پھوڑ اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس، ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم بھی موجود ہیں

جنرل ہسپتال میں 24 لاکھ مریضوں کا علاج ہوا: پروفیسر الفرید ظفر

مریضوں کو ایک ارب 8 کروڑ روپے کی مفت ادویات فراہم کی گئیں: ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم،

گزشتہ مالی سال میں 10 ہزار سے زائد بچوں کی پیدائش ہوئی: ڈاکٹر لیلیٰ شفیق کا اظہار خیال

ہیلتھ پروفیشنلز مستقبل میں بھی تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کو یقینی بنائیں: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور (خبرنگار) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران ایمرجنسی و آؤٹ ڈور میں مجموعی طور پر 24 لاکھ 48 ہزار 113 مریضوں کو بغیر پرچی فیس کے طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ گزشتہ برس کے مقابلے میں 2 لاکھ 78 ہزار مریضوں کا اضافہ ہوا ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم کا کہنا تھا کہ مریضوں کو ایک ارب 8 کروڑ روپے کی مفت ادویات فراہم کی گئیں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹرز، نرسز اور پیرا میڈیکس کی شبانہ روز پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ فرائض کی ادائیگی اور مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات کی فراہمی کی روائیت کے پیش نظر ہسپتال کی شہرت و بہتری میں مزید اضافہ ہوا اور عوام نے بھی اس شفاء خانے پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ مخیر حضرات کے تعاون سے جنرل ہسپتال میں مریضوں و تیمارداروں کو صبح کا ناشتہ و کھانا بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر لیلیٰ شفیق کے مطابق سال بھر میں 10 ہزار سے زائد پیدائش ہوئیں نومولود کو حفاظتی انجیکشن لگا کر ڈسچارج کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے یکم جولائی 2022 سے 30 جون 2023 کی سالانہ کارکردگی کی رپورٹ جاری کرنے کیلئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خالد بن اسلم، فوکل پرسن ایمرجنسی ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر نادیہ ارشد، ڈاکٹر سونیہ ایوب، ڈاکٹر عبدالعزیز و انتظامی ڈاکٹرز بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے تحت مریضوں کو طبی و تشخیصی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ہسپتال کے اعداد و شمار کی تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی میں 11 لاکھ 66 ہزار 190 مریضوں کو سرنج سے لے کر آپریشن تک کے سامان کی فراہمی، ادویات اور ٹیسٹ مفت کیے گئے، آؤٹ ڈور میں 12 لاکھ 81 ہزار 923 مریض آئے جن میں سے 76 ہزار 630 مریضوں کو داخل کیا گیا۔ اسی طرح ایک لاکھ 4 ہزار 47 چھوٹے بڑے آپریشن کیے گئے، 57029 سی ٹی سکین، 96046 ایکسرے، 150123 الٹرا ساؤنڈ ہوئے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے بتایا کہ 17283 ڈائلسز، 33033 ای سی جی، 669 نیورو انجیوگرافی اور 1746 مریضوں کی شعاعوں سے پتھری تحلیل کی گئی۔ پروفیسر الفرید ظفر نے ہسپتال کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہیلتھ پروفیشنلز اسی طرح دکھی انسانیت کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے اور مستقبل میں بھی تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کو یقینی بناتے ہوئے جنرل ہسپتال کو مثالی شفاخانہ بنانے کے لئے اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لائیں گے اور تمام شہریوں کو بلاتفریق سہولیات کی فراہمی بلا تعطل جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ طب کی دنیا میں مریض سب سے اہم ہوتا ہے اور پورا سسٹم اس کے علاج و صحت یابی کے گرد گھومتا ہے لہٰذا ہر پل مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کریں اور بہترین دیکھ بھال و خوش اخلاقی سے پیش آکر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کریں۔

محتسب پنجاب میجر (ر) اعظم سلیمان خان کا جناح ہسپتال کا دورہ

چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ، ایم ایس اور پرنسپل نے ہسپتال کے امور پر بریفنگ دی

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ جناح ہسپتال اعجاز گوہر کی دعوت پر محتسب پنجاب میجر (ر) اعظم سلیمان خان نے ایڈوائزر ہیلتھ ڈاکٹر ناصر جمال پاشا کے ہمراہ جناح ہسپتال کا دورہ کیا۔ چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ، ایم ایس جناح ہسپتال اور پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج نے محتسب پنجاب کو جناح ہسپتال سے متعلق مختلف امور پر بریفنگ دی اور تبادلہ خیال کیا۔ محتسب پنجاب نے کڈنی ٹرانسپلانٹ اور ڈائیلسز یونٹ، یورولوجی ڈیپارٹمنٹ، میڈیکل سٹورز اور دیگر ڈیپارٹمنٹس کا دورہ کیا جس کے دوران انہیں بتایا گیا کہ کثیر تعداد میں مریضوں کو گردوں کی پیوندکاری کی ضرورت ہے لیکن وسائل کی کمی اور قانون میں سقم کی وجہ سے ٹرانسپلانٹ کے حوالے سے مشکلات درپیش ہیں جس کے ازالہ کیلئے قانونی سقم کو دور کیا جانا ضروری ہے۔ محتسب پنجاب میجر (ر) اعظم سلیمان خان نے چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ کو یقین دہانی کروائی کہ وہ دفتر محتسب پنجاب کے حوالے سے جناح ہسپتال کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن قانونی مدد دستیاب ہوگی۔

لاہور: مصطفیٰ ٹاؤن کے رہائشیوں نے احتجاج کے دوران پولیس اہلکاروں کو آگے جانے سے روک رکھا ہے

دوسروں کو چور کہنے والا خود چور ثابت ہوا: میاں حسیب امجد

عدالتی فیصلے سے جھوٹے سادھو کا چہرہ بے نقاب ہوگیا، نواز شریف سرخرو ہوگئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما میاں حسیب امجد نے کہا ہے کہ دوسروں کو چور کہنے والا خود سرٹیفائیڈ چور ثابت ہوا ہے، بددیانت شخص کو صادق اور امین کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے والوں کو شرمندہ ہونا چاہیے۔ توشہ خانہ فیصلے پر اپنے دفتر میں لیگی کارکنوں میں مٹھائی تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے کہا تھا کہ میں اپنا فیصلہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑتا ہوں، عدالتی فیصلے سے جھوٹے سادھو کا چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے، عدالتی فیصلہ حق اور سچ کا فیصلہ ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور رہنماؤں کو جھوٹے کیسز میں سزائیں دی گئیں، جو چور تھا وہ پکڑا گیا، یہ شخص کبھی بہت تکبر کیا کرتا تھا، آج اللہ نے اسے تکبر کا انجام دکھا دیا۔

نیشنل ٹیکنالوجی کونسل ایکٹ کو وفاقی کابینہ نے منظور کر لیا

اب وقت دور نہیں جب پاکستان ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی کریگا اور ملک و قوم کے دیرینہ مسائل حل ہوجائینگے: شزا فاطمہ

لاہور (خبرنگار) نیشنل ٹیکنالوجی کونسل ایکٹ سابقہ حکومتوں کی عدم توجہ کی وجہ سے عرصہ دراز سے التوا کا شکار تھا۔ جس کی وجہ سے قوم کے اربوں روپے سے بنائی گئی ٹیکنالوجی یونیورسٹیوں اور ساڑھے تین لاکھ ٹیکنالوجی گریجویٹس کا مستقبل تاریکی کا شکار تھا۔ صدر ینگ انجینئرنگ ٹیکنالوجسٹس ایسوسی ایشن سید علی حسن شاہ کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت نے اپنے وعدے کو وفا کر کے دکھا دیا۔ یہ ایکٹ وفاقی وزیر برائے تعلیم رانا تنویر حسین اور وزیراعظم کی معاون خصوصی محترمہ شزا فاطمہ خواجہ کی ان تھک کاوشوں کے بعد کابینہ سے منظور ہوا۔ امید ہے کہ وہ جلد اسے پارلیمنٹ میں پیش کر کے منظور کروائیں گے۔ انہوں نے پوری ٹیکنالوجی کمیونٹی کی طرف سے وزیراعظم پاکستان اور مسلم لیگ ن کے ہر فرد کا شکریہ ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب وقت دور نہیں جب پاکستان ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی کرے گا اور ملک و قوم کے دیرینہ مسائل حل ہو جائیں گے۔ اور پاکستان کی ٹیکنالوجی کی تاریخ میں مسلم لیگ ن کا نام سنہری الفاظ میں لکھا جائے گا۔

گولڈ میڈل یاسر سلطان کے اعزاز میں لاہور چیمبر میں نشست کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے گولڈ میڈل یاسر سلطان میں کے اعزاز میں لاہور چیمبر آف کامرس میں خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں لاہور چیمبر آف کامرس کے نائب صدر محمد عدنان خالد بٹ اور چیمبر کے دیگر ممبران نے ان کا استقبال کیا اور انہیں گلدستہ پیش کیا، اس موقع پر پاکستان فارمیسی کالجز ایسوسی ایشن چیئرمین پروفیسر بابازادہ اسحاق میو، شہزاد جواہر، سردار فرخ طفیل خان، پروفیسر ڈاکٹر حامد رضا، ڈاکٹر عطاء الرحمن، سلطان خان سمیت دیگر سماجی و تاجر برادری کے رہنما بھی موجود تھے، لاہور چیمبر آف کامرس کے نائب صدر محمد عدنان خالد بٹ و دیگر مہمانوں نے یاسر سلطان میو کو چیمبر کی یادگار شیلڈ پیش کی۔

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں غروب آفتاب کا منظر

سیاسی جماعتیں صبر و تحمل کا دامن نہ چھوڑیں، متحدہ علماء کونسل

احتجاج کی آڑ میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا کسی لحاظ سے عقلمندی نہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین مولانا عبدالرؤف ملک، مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی، مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیاسی جماعتیں صبر و تحمل کا دامن کسی صورت نہ چھوڑیں، ایک سیاسی لیڈر کی گرفتار پر جو پہلے واقعہ رونما ہوا ہے اس طرز کے مزید واقعہ کی دوبارہ گنجائش نہیں ہے، احتجاج سیاسی جماعتوں کا حق ہے احتجاج کی آڑ میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا کسی لحاظ سے عقلمندی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی لیڈروں کو سزائیں عدالتوں سے ملتی ہیں ایسے حالات میں انہیں کیسوں کا عدالتوں میں سامنا کرنا چاہیے عدالتی فیصلے کی آڑ میں ملکی سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا کسی صورت عقلمندی نہیں ہے لہٰذا چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری پر ان کے کارکن صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔

چیئرمین PTI پارٹی سربراہی کیلئے بھی نااہل ہوگئے: ماجد کمبوہ

جو جتھہ ملک دشمنوں کا آلہ کار بنا ہوا ہے اس پر پابندی لگنی چاہیے' بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما چوہدری ماجد محمود کمبوہ نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو توشہ خانہ سے چوری پر عدالت سے سزا ہوئی، انہوں نے توشہ خانہ کیس میں جھوٹ بولے، جھوٹ کبھی سچ ثابت نہیں ہوتا، اب چیئرمین پی ٹی آئی عدالتی فیصلے کو چیلنج بھی کرلیں لیکن سزا سے نہیں بچ سکتے، باشعور عوام نام نہاد صادق و امین کی چوری سے لاعلم نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب بھی پاکستان بحران کا شکار ہوا نواز شریف نے ملک کو اس سے نکالا، جو جتھہ ملک دشمنوں کا آلہ کار بنا ہوا ہے اس جتھے پر پابندی لگنی چاہیے۔

چیئرمین پی ٹی آئی کو غرور اور تکبر لے ڈوبا' محمد افضل خان

توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی نااہلی اور گرفتاری مکافات عمل ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور کے امیر محمد افضل خان نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو غرور اور تکبر لے ڈوبا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ کرپشن کی گنگا میں ہاتھ دھونے والے بھی اب گرفتاری کیلئے تیاری پکڑیں، توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی نااہلی اور گرفتاری مکافات عمل ہے۔ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور قاری منظور الحسن چترالی کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو صادق و امین کا سرٹیفکیٹ دینے والوں کو بھی کٹہرے میں لایا جائے چیئرمین پی ٹی آئی کے بارے میں جے یو آئی کا موقف واضح ہے کہ یہ شخص یہودیوں کا ایجنٹ ملک دشمن اور خزانہ چور ہے۔

گورنمنٹ گریجویٹ کالج خواتین سمن آباد میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر شاہین کرامت کے زیر صدارت یوم استحصال کشمیر پر ریلی نکالی جارہی ہے

گورنمنٹ گرلز کالج سمن آباد میں یوم استحصال کشمیر منایا گیا

5اگست کو بھارت قانون سازی کر کے قوانین پر شب خون مارا: پرنسپل کا خطاب

لاہور (پ۔ر) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین سمن آباد لاہور میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر شاہین کرامت علی کی زیر سرپرستی یوم استحصال جموں کشمیر منایا گیا تقریب کے انتظامات شعبہ سیاسیات اور شعبہ تاریخ کے تعاون سے کیے گئے۔ نظامت کے فرائض شعبہ انگریزی کی مس عائشہ صدیقہ نے ادا کیے۔ تقریب کی مہمان خصوصی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر شاہین کرامت علی اور مہمان اعزاز مسز صائمہ میر کے ہمراہ اساتذہ اور طالبات نے شرکت کی۔ تلاوت قرآن پاک کی سعادت طالبہ عجوہ اور نعت رسول مقبول کی سعادت آئمہ سید نے حاصل کی۔ خوبصورت دھن پر قومی ترانہ اور کشمیر کا ترانہ پڑھا گیا۔ مودی سرکار نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کر دیا۔ اس غیر قانونی، غیر آئینی اور غیر انسانی بھارتی اقدام کو 4 برس مکمل ہوگئے۔

علی حسین شاہ ہیومن رائٹس پروٹیکشن شالیمار ٹاؤن کے نائب صدر مقرر

اب انہیں کرپشن، فراڈ اور جھوٹ کے جرم میں سزا بھگتنا ہوگی' بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈسٹرکٹ ٹو کی جنرل سیکرٹری ثمینہ طارق نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری سیاسی انتقام نہیں، انہیں توشہ خانہ سے چوری پر عدالت سے سزا ہوئی، اب عوام کو پتہ چلا کہ 9 مئی کا واقعہ کیوں ہوا کیونکہ ایک چور اپنے احتساب سے بھاگ رہا تھا، اب انہیں کرپشن، فراڈ اور جھوٹ کے جرم میں سزا بھگتنا ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوسروں پر الزام اور دیوار سے لگانے والے کے پاس آج اپنی صفائی میں کہنے کو کچھ نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنی تجوریاں بھریں۔

علی حسین شاہ ہیومن رائٹس پروٹیکشن شالیمار ٹاؤن کے نائب صدر مقرر

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین ہیومن رائٹس پروٹیکشن اینڈ سوشل جسٹس رانا غلام نبی نے سید علی حسین شاہ کو نائب صدر شالیمار ٹاؤن لاہور مقرر کر دیا۔ اس سلسلہ میں باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ سید علی حسین شاہ نے کہا کہ ہیومن رائٹس پروٹیکشن اینڈ سوشل جسٹس کے پلیٹ فارم سے پسے ہوئے اور کمزور طبقات کیلئے آواز بلند کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

عوام سکیورٹی اداروں کیساتھ تعاون کریں' قاری اعظم حسین

چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری پر ان کے کارکن برداشت کا مظاہرہ کریں

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (س) کے مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ عوام سکیورٹی اداروں کے ساتھ ہر طرح سے تعاون کریں، دہشتگردی کے واقعات کے پیش نظر سیاسی کارکن اپنے احتجاج میں ملک دشمنوں پر کڑی نظر رکھیں، چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری پر ان کے کارکن اور حامی صبر و تحمل اور قوت برداشت کا مظاہرہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کہیں ناانصافی ہوئی ہے۔

چیئرمین پی ٹی آئی سے جو کچھ ہوا وہ مکافات عمل ہے' سلیم رضا

توشہ خانہ کیس میں فیصلہ حق اور سچ کی فتح ہے ایک نام نہاد صادق و امین کی اصلیت سامنے آگئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے جو کچھ ہوا وہ مکافات عمل ہے، اپنے دور اقتدار میں ساری جماعتوں کے لیڈروں کو چور کہنے والا آج سرٹیفائی چور ثابت ہوگیا، توشہ خانہ کیس میں فیصلہ حق اور سچ کی فتح ہے ایک نام نہاد صادق و امین کی اصلیت سامنے آگئی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی لیڈروں کو چور کہنے والا ایک دفعہ ضرور اپنے انجام کو پہنچ چکا ہے چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف فیصلہ دینے والے جج کو سلام پیش کرتے ہیں کہ اس نے کسی دھمکی و لالچ سے مرغوب ہوئے بغیر حق اور سچ کا فیصلہ کر کے ایک متکبر شخص کو اپنے انجام تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی بارے فیصلہ عدلیہ اور ان کے جرم کا معاملہ ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:40
ظہر	1:30
عصر	5:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

یو ای ٹی لاہور، پوسٹ گریجویٹ پروگرامز میں داخلوں کی رجسٹریشن میں 2 روز باقی

یو ای ٹی لاہور میں ایم ایس سی/ ایم فل/ ماسٹرز/ ایم ایس اور پی ایچ ڈی پروگرامز میں داخلہ کی آخری تاریخ 8 اگست ہے

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں پوسٹ گریجویٹ، ایم فل، ایم ایس سی، ماسٹرز، اور پی ایچ ڈی پروگرامز میں داخلے جاری ہیں۔ پراسپیکٹس حبیب بینک لمیٹڈ سے بذریعہ آن لائن بینکنگ یا HBL KONNECT سترہ سو روپے کی ادائیگی پر 8 اگست 2023 تک آن لائن حاصل کیا جا سکتا ہے۔ آن لائن درخواست جمع کرانے کی سہولت یو ای ٹی کے داخلہ پورٹل http://admission.uet.edu.pk/ پر موجود ہے۔ درخواست آن لائن پر ہو گی، متعلقہ کاغذات کو سکین کر کے درخواست کے ساتھ اپلوڈ کیا جائے گا۔ متعلقہ ڈیپارٹمنٹس کی طرف سے تیار کردہ سبجیکٹ ٹیسٹ 9 اگست تا 11 اگست تک یو ای ٹی لاہور مین کیمپس میں متعلقہ ڈیپارٹمنٹ میں منعقد ہوگا۔ ماسٹرز سبجیکٹ ٹیسٹ میں 50 فیصد نمبر حاصل کرنے والے طلباء کا متعلقہ ڈیپارٹمنٹ میں انٹرویو 15 تا 18 اگست 2023ء منعقد کیا جائے گا۔ داخلوں کا آغاز 25 اگست 2023 سے ہوگا اور کلاسز کا آغاز 4 ستمبر 2023 سے ہوگا۔

15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر متعلقہ کالرز کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

شہری ون فائیو (15) ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر ضروری کالز سے اجتناب کریں، ایس پی رضا تنویر

لاہور (خبرنگار) لاہور پولیس اور پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر متعلقہ کالرز کیخلاف کارروائی کرنیکا فیصلہ کرلیا۔ ہر ماہ 200 فیصد ٹاپ غیر متعلقہ کالرز کو تنبیہ کیلئے کال بیک کی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایمرجنسی 15 پر جولائی میں پنجاب بھر سے 27 لاکھ 10 ہزار 543 کالز موصول ہوئیں۔ جس میں سے 1 لاکھ 94 ہزار 802 کالز پر پولیس کی فوری مدد فراہم کی گئی۔ موصول شدہ کالز میں 6 لاکھ 45 ہزار 308 کالز غیر متعلقہ تھیں۔ لاسٹ اینڈ فاؤنڈ سینٹر کی مدد سے 2 گمشدہ افراد کو اپنوں سے ملوایا گیا۔ 84 موٹر سائیکلیں اور 5 گاڑیاں مالکان کے حوالے کی گئیں۔ ایس پی رضا تنویر کا کہنا تھا کہ ایمرجنسی 15 مصیبت میں مبتلا شہریوں کی بروقت امداد کیلئے فری سروس ہے۔ 15 کے ناجائز استعمال سے سنگین صورتحال میں پھنسے شہریوں کی امداد میں تاخیر ہوتی ہے۔ شہری ون فائیو (15) ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر ضروری کالز سے اجتناب کریں۔

پولیس کے ہاتھوں ڈاکٹر کا قتل ناقابل معافی جرم: پروفیسر اشرف نظامی

پی ایم اے لاہور اس لاقانونیت اور پولیس دہشت گردی کی مذمت کرتی ہے، جابرانہ فعل کو ریاستی دہشت گردی گردانتی: خطاب

لاہور (خبرنگار) جھنگ میں پولیس اہلکاروں کے ہاتھوں ایک بیگناہ ڈاکٹر کا اغوا اور قتل ایک بہیمانہ جرم ہے۔ پی ایم اے لاہور اس لاقانونیت اور پولیس دہشت گردی کی شدید مذمت کرتی ہے اور پولیس اہلکاروں کے اس جابرانہ فعل کو ریاستی دہشت گردی گردانتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پی ایم اے ہاؤس میں ایک ہنگامی اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر اشرف نظامی صدر پی ایم اے لاہور نے کی۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر ملک شاہد شوکت، پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود خان، ڈاکٹر ارم شہزادی، ڈاکٹر واجد علی، ڈاکٹر بشریٰ حق، ڈاکٹر ریاض ذوالقرنین اسلم اور دیگر اراکین نے شرکت کی اجلاس میں پی ایم اے کے عہدیداران نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ جھنگ کی ذمہ دار نااہل انتظامیہ کو معطل کر کے ظالم دہشت گردوں کو ATC کے تحت قرار واقعی سزا دی جائے۔ عہدیداران نے مزید کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم ڈاکٹر عمر فاروق کے خاندان سے اظہار ہمدردی اور پی ایم اے جھنگ کو ہر قسم کی معاونت کی مکمل یقین دہانی کرواتے ہیں پنجاب میں ڈاکٹروں کے خلاف بڑھتے ہوئے مظالم اور لاقانونیت کے خلاف حکمت عملی طے کرنے کیلئے پی ایم اے پنجاب کا ہنگامی اجلاس بلانے کی درخواست بھی کی گئی ہے۔

جامعہ ٹاؤن: ڈاکٹر فخر الحق کے زیر صدارت پنجاب یونیورسٹی جنرل باڈی اجلاس

پراجیکٹ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور ممبران کے بھرپور اعتماد سے آگے بڑھ رہا ہے، ڈاکٹر اظہر نعیم کی ممبران کو تفصیلی بریفنگ

لاہور (خبرنگار) جامعہ ٹاؤن، پنجاب یونیورسٹی کی جنرل باڈی کا اجلاس، چیئرمین ڈاکٹر فخر الحق نوری کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس میں مینجمنٹ کمیٹی کے دیگر اراکین کے علاوہ، اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کے منتخب اراکین اور ٹاؤن کے ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی، آسا کے صدر ڈاکٹر محمد اظہر نعیم نے ممبران کو تفصیلی بریفنگ دی، انہوں نے مختلف سوالوں کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ پراجیکٹ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور ممبران کے بھرپور اعتماد سے آگے بڑھ رہا ہے، انہوں نے کہا کہ چند عناصر پراجیکٹ کو خراب کرنے کے لیے مختلف حربے استعمال کر رہے ہیں۔

متحرک گینگز سمیت اشتہاریوں کی گرفتاری یقینی بنائیں، ڈاکٹر انوش مسعود

چالانی تناسب میں بہتری کے لیے دستیاب تمام وسائل بروئے کار لائیں، ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی جائزہ میٹنگ میں گفتگو

لاہور (خبرنگار کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود کی زیر صدارت میٹنگ، تمام سرکل ڈی ایس پیز نے شرکت کی۔ ڈاکٹر انوش مسعود نے قتل، اقدام قتل، بلائنڈ مرڈر کے مقدمات کی ڈسپوزل کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے افسران سے تھانوں میں تفتیشی افسران کی عدم حاضری بارے باز پرس کی تھانوں کی صفائی اور سکیورٹی بہتر بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو سخت احکامات دیئے گئے۔ اور چالانی ریشو بہتر بنانے والے متعدد سرکل ڈی ایس پیز کو وارننگ بھی دی ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے زیر التوا مقدمات میں درپیش مسائل بارے دریافت کیا، بجلد چالان جمع کروانے کا حکم، خاموش ملزمان اور روڈ سرٹیفکیٹس کی پینڈینسی فوری طور پر کلیئر کرنے کی ہدایت۔ ڈاکٹر انوش مسعود نے چالانی تناسب میں بہتری کے لیے دستیاب تمام وسائل بروئے کار لائیں، تفتیشی افسران کے ساتھ مقدمات کی جلد یکسوئی کے لیے روزانہ میٹنگ یقینی بنائیں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود نے کہا کہ متحرک گینگز سمیت اشتہاریوں کی گرفتاری یقینی بنائیں۔ محنتی افسران کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 07 اگست 2023

موٹروے قصور کی ترقی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی: ملک احمد سعید

موٹروے جن جن اضلاع سے گزرتی ہے وہاں وہاں انڈسٹریل زون بنتے ہیں، وہاں عوام کو روزگار ملتا ہے، عوام کی معیار زندگی بلند ہوتا ہے، مصطفی آباد میں کارنر میٹنگ سے خطاب

مصطفی آباد/لالیانی (نامہ نگار) موٹروے کے قیام سے قصور کی ترقی کے نئے سنگ میل ثابت ہوں گے، جس سے اب روپے کی لاگت سے بنایا جائے گا، اور اس پر چیزی کے کام ہوگا اور ایک سال تک قصور کی عوام اس سے مستفید ہونا شروع ہو جائے گی، ان خیالات کا اظہار سابق ایم پی ایف سے مسلم لیگ ن ملک احمد سعید نے مصطفی آباد میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر میونسپل کمیٹی مصطفی آباد سے مسلم لیگ ن کے صدر چوہدری اصغر علی، سابق ایم ایل سی رحمانی، غلام مصطفی رحمانی، چوہدری محمد نصیر پرویز، محمد عثمان زرگر سمیت دیگر کارکنان وعہدیدار موجود تھے، ملک احمد سعید نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے جن جن اضلاع سے گزرنے کا فیصلہ کیا ہے وہاں وہاں انڈسٹریل زون بنتے ہیں، وہاں عوام کو روزگار ملتا ہے، عوام کی معیار زندگی بلند ہوتا ہے، وہاں ٹھیکہ اور سحت کی سہولیات عام ہوتی ہیں، موٹروے کے گزرنے کے دیگر فوائد بھی بہت ہیں، اس سلسلے میں ہر کوئی عوام مستفید ہوگی، موٹروے پیشہ ور دوستی بنانے جا رہی ہے، ملک احمد سعید نے کارکنان مسلم لیگ ن سے اپیل کی کہ وہ اتوار کو کھڈیاں میں ہونے والے جلسے میں بھرپور شرکت کریں اور اپنے قائد کا شاندار تاریخ ساز استقبال کر کے ثابت کریں کہ قصور مسلم لیگ ن کا تھا ہے اور ہے گا، ملک احمد سعید نے مزید کہا کہ موٹروے جن جن اضلاع سے گزرتی

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

کشمیریوں کو استصواب کا حق دلوانے وقت کا تقاضا

پاکستان نے جموں و کشمیر سے متعلق یو این سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد پر زور دیا ہے اور اس امر کا تقاضا کیا ہے کہ جموں و کشمیر میں اقوام متحدہ کی نگرانی میں استصواب رائے کا انعقاد کرایا جائے تا کہ کشمیری عوام اپنا ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت استعمال کر سکیں۔ اس سلسلہ میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نائب مندوب عامر خان نے نیویارک میں قحط اور تنازعات کے باعث عالمی خوراک کے تحفظ کو درپیش خطرات کے موضوع پر منعقدہ اعلیٰ سطح کے کھلے مباحثے میں اظہار خیال کرتے ہوئے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اس امر کو یقینی بنائے کہ بھارتی قبضہ معاشی محرومی اور خوراک کے عدم تحفظ کے ذریعے کشمیریوں کی جائز تحریک آزادی کو دبانے کے لیے استعمال نہ ہو۔ ان کے بقول کشمیریوں کو یو این قراردادوں کی روشنی میں استصواب کا حق دے کر ہی مسئلہ کشمیر ٹھوس بنیادوں پر اور پر امن طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔

آج جبکہ کشمیری عوام نے مقبوضہ کشمیر کو 5 اگست 2019ء کے اقدام کے تحت بھارت میں ضم کرنے کے جبری اقدام کے خلاف پوری دنیا میں یوم سیاہ اور یوم استحصال کشمیر منایا ہے اور بھارت کی مودی سرکار نے کشمیریوں کی آواز دبانے کے لیے اس دن بھی ان پر ظلم و تشدد اور ان کے انسانی حقوق کی پامالیوں میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے چیمپئن دوسرے عالمی اداروں اور عالمی قیادتوں کو مسئلہ کشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مستقل حل کے لیے بھارت پر بہرصورت دباؤ ڈالنا چاہیے بصورت دیگر بھارت اپنے جن توسیع پسندانہ عزائم اور جنگی جنونیت میں مبتلا ہے اور سیکولر بھارت کو ہندو انتہا پسند ریاست کی قالب میں ڈھال کر کشمیری عوام اور بھارتی اقلیتوں کو دیوار سے لگانے کی سازشوں میں مصروف ہے، اس کے ہاتھوں علاقائی اور عالمی امن کی تباہی کوئی دور کی بات نہیں رہے گی۔ اسی تناظر میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے گزشتہ روز یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اقوام عالم کو باور کرایا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے غیر قانونی غاصبانہ تسلط کے خلاف لازوال قربانیاں دے رہے ہیں جن کے جائز حقوق کے حصول کے لیے پاکستان ان کے دست و بازو بنا رہے گا۔ اسی طرح وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی گزشتہ روز حکومتی اتحادیوں کی آن لائن میٹنگ کے موقع پر مقبوضہ کشمیر پر جبری بھارتی قبضے کے چار سال مکمل ہونے کے ناطے سے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ عالمی برادری کو مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم پر خاموش نہیں رہنا چاہیے۔

یہ حقیقت ہے کہ بھارتی لیڈر شپ نے 14 اگست 1947ء کو تقسیم ہند کے عمل میں پاکستان کی شکل میں ایک آزاد اور خود مختار مملکت کو بادل نخواستہ قبول تو کر لیا تھا مگر وہ اس کی سلامتی کمزور کرنے کی سازشوں میں شروع دن سے ہی مگن ہو گئے۔ تقسیم ہند کے ایجنڈا کے تحت ہندوستان کی خود مختار ریاستوں کا ان کی مذہبی اکثریتی آبادی کے تناسب سے پاکستان یا بھارت کے ساتھ الحاق عمل میں آنا تھا جیسے ریاست جونا گڑھ، مناوادر اور حیدر آباد دکن کا بھارت کے ساتھ الحاق ہوا۔ اسی طرح مسلم اکثریتی آبادی ہونے کے ناطے ریاست جموں و کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق طے شدہ تھا جس کے لیے کشمیری عوام نے قیام پاکستان سے قبل اپنے ایک نمائندہ اجلاس میں متفقہ قرارداد بھی منظور کر لی تھی مگر بھارتی لیڈر شپ نے پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے سازش کے تحت کشمیر کا تنازعہ کھڑا کر کے اس کا پاکستان کے ساتھ الحاق نہ ہونے دیا اور پھر اس تنازعہ کے تصفیہ کے لیے خود ہی اقوام متحدہ سے رجوع کر لیا اور ساتھ ہی وادی کشمیر میں اپنی افواج داخل کر کے اس پر جبراً اپنا تسلط جما لیا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے بھارتی درخواست پر اپنے اجلاس میں غور کیا اور کشمیریوں کو تقسیم ہند کے فارمولا کی روشنی میں استصواب کا حق دے دیا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سلامتی کونسل کی اس قرارداد کی توثیق کی اور اس پر عمل درآمد کے لیے اقوام متحدہ کا ایک نمائندہ مقرر کر کے بھارت کو اس کی زیر نگرانی جموں و کشمیر میں رائے شماری کے اہتمام کی ہدایت کی۔

جواہر لال نہرو کی حکومت نے پہلے تو سلامتی کونسل کی اس قرارداد پر عمل درآمد کے لیے آمادگی ظاہر کی مگر پھر یکا یک بھارت کے تیور بدل گئے اور کانگرسی حکومت نے بھارتی آئین میں دو شقوں 370 اور 35 اے کا اضافہ کر کے اپنے ناجائز زیر قبضہ کشمیر کو ایک خود مختار بھارتی ریاست کا درجہ دے دیا اور اس پر بھارتی اٹوٹ انگ کی رٹ لگانا شروع کر دی۔ کشمیری عوام نے اس بھارتی جبری اقدام کو قبول نہ کیا اور بھارتی تسلط سے اپنی آزادی کی جدوجہد کا آغاز کر دیا جو آج بھی جاری ہے۔ کشمیری عوام نے بھارتی حکومت اور سکیورٹی فورسز کے ظلم و جبر کا ہر ہتھکنڈا قبول کرتے ہوئے، جانی اور مالی قربانیوں میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور بھارتی بندقوں کے آگے سینہ تان کر کھڑے رہے ہیں اور اقوام عالم کو بھارتی مظالم سے پل پل آگاہ کرتے رہے ہیں۔ پاکستان نے کشمیریوں کے استصواب کے حق سے متعلق سلامتی کونسل کی قرارداد کو تسلیم کیا اور کشمیریوں کا دامے درمے قدمے سخنے اور سفارتی سطح پر ہر طرح کا ساتھ نبھانے کی پالیسی اختیار کی جس پر پاکستان آج کے دن تک کاربند ہے اور ہر علاقائی اور عالمی فورم پر کشمیریوں کے اس حق کے لیے آواز اٹھا رہا ہے۔ اسی کی پاداش میں بھارت نے پاکستان پر تین جنگیں مسلط کیں، اسے سانحہ سقوط ڈھاکہ اور پھر آبی دہشت گردی سے دوچار کیا اور باقی ماندہ پاکستان کی سلامتی کے بھی درپے ہو گیا۔ چنانچہ بھارتی فوجیں جہاں کشمیریوں پر مظالم کے پہاڑ توڑتی رہیں وہیں بھارتی حکومت پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے کی سازشوں کے تانے بانے بھی بنتی رہی۔ اس کی یہ سازشیں ہنوز جاری ہیں۔ کشمیریوں نے بھارتی رعونت کے آگے سر نہیں جھکایا اور خود مختار کشمیر سے متعلق اس کی ترغیبات بھی ٹھکرائیں جبکہ پاکستان اور چین کشمیریوں کے استصواب کے حق کے لیے ہر محاذ پر ڈٹ کر کھڑے ہیں اور اس تناظر میں بھارت ان کا مشترکہ دشمن ہے۔ اس کے برعکس بھارت کشمیر سے متعلق اپنی ہٹ دھرمی پر قائم ہے اور عالمی قیادتوں اور اداروں کی جانب سے کشمیر پر ثالثی کی ہر پیشکش رعونت کے ساتھ ٹھکرا چکا ہے۔

نوٹ

ادارہ تمام کالم نیک نیتی پر کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضرورت نہیں

محنت

خصوصی کالم

سمعیہ فیاض

ڈونلڈ ٹرمپ کا عہد صدارت بھارت کیلئے کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں تھا۔ اس زمانے میں نریندر مودی اور ٹرمپ کی دوستی کی بڑی دھوم تھی۔ کبھی ایسی ہی لازوال دوستی جنرل پرویز مشرف اور جارج بش کے درمیان ہوا کرتی تھی۔ افغانستان میں امریکی فوجوں کی سہولت کاری کیلئے پاکستان کو شیشے میں اتارنا ضروری تھا لہٰذا امریکی صدر نے جنرل پرویز مشرف کو خوب تھپکی دی اور اسے ایک طویل اقتدار کے خواب دکھائے جس کی وجہ سے جنرل پرویز مشرف بالکل ڈھیر ہو گیا اور وہی کچھ کرنے لگا جو امریکہ بہادر چاہتا تھا۔ اقتدار جنرل پرویز مشرف کی کمزوری تھا اور امریکہ نے اسی کمزوری کا فائدہ اٹھایا لیکن جب وقت نے انگڑائی لی تو اس کے پیروں سے قالین چھین لیا۔ نریندر مودی نے ٹرمپ کی صدارتی مہم میں کھل کر اس کی مالی امداد کی اور اسے جیت کا بھرپور یقین دلایا لیکن یہ الگ بات کہ ڈونلڈ ٹرمپ اپنے متعصب بیانیہ کی وجہ سے کمزور ترین حریف ثابت ہوا اور جو بائیڈن سے انتخاب ہار گیا۔ بہر حال ڈونلڈ ٹرمپ کی اشیر واد اور یورپ کی پشت پناہی کی بدولت نریندر مودی نے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے اسے بھارت میں ضم کر لیا اور پاکستان منہ دیکھتا رہ گیا۔ انتشار اور معاشی بدحالی کا مارا ہوا پاکستان سوائے چند بیانات داغنے کے کچھ بھی کر نہ سکا کیونکہ کوئی ملک بھارت کی ناراضگی مول نہیں لینا چاہتا تھا۔ امریکہ اور یورپ بھارتی سحر انگیزیوں کے اسیر بنے ہوئے ہیں اور چین کو روکنے کی کاوشوں میں لگے ہوئے ہیں۔ ان کی پہلی ترجیح اب کشمیر نہیں بلکہ چین ہے اور اس کیلئے انھوں نے بھارت کو فرنٹ سٹیٹ کا درجہ دے رکھا ہے۔ بھارت نے امریکہ اور یورپ کو شیشے میں اتارا ہوا ہے کیونکہ پچھلے تین سالوں سے کشمیر میں کرفیو لگا ہوا ہے اور کشمیر کی اعلیٰ ترین قیادت کو جیلوں میں بند کیا ہوا ہے۔ ملک یاسین جیسے سیاسی راہنما پر دہشت گردی کا مقدمہ چلا کر اسے سزائے موت سنائی جا چکی ہے اور جیل میں اس کے ساتھ جس طرح کا بہیمانہ سلوک روا رکھا جا رہا ہے اس پر انسانی دل خون کے آنسو روتا ہے لیکن یورپ اور امریکہ بھارت کے ساتھ کھڑے ہیں اور اس کے انسانیت کش خیالات پر اس سے کوئی باز پرس نہیں کرتے۔ امریکہ اور یورپ اگر بھارت پر دباؤ ڈالیں تو پھر اس خطہ میں امن و امان کی صورتِ حال بہتر ہو سکتی ہے اور کشمیر کے دیرینہ مسئلے کا کوئی نہ کوئی منصفانہ حل نکل سکتا ہے لیکن یہود و نصاریٰ اور ہندوتوا کے متوالوں کے درمیان پاکستان کے عدمِ استحکام کا جو خفیہ معاہدہ ہے وہ انھیں اس جانب بڑھنے نہیں دیتا۔ ایک ایٹمی ملک سب کی نگاہوں میں کھٹکتا ہے اور وہ اس کے ہر حال میں حصے بخرے کرنا چاہتے ہیں۔

بھارت دنیا کا ڈارلنگ بنا ہوا ہے کیونکہ اس کے پاس دنیا کی سب سے بڑی منڈی ہے۔ ۱۴۰ کروڑ انسانوں کی مارکیٹ پورے یورپ اور امریکہ کو پاگل کئے ہوئے ہے لہٰذا وہ بھارتی مارکیٹ کی خاطر بھارت سے بگاڑ کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ بھارت یورپی اقوام کی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی ہے لہٰذا وہ پاکستان کی خاطر بھارت سے بگاڑ کیوں پیدا کریں؟ اقوامِ مغرب اور امریکہ کی پہلی ترجیح بھارت سے تجارتی حجم بڑھانا ہے لہٰذا وہ کشمیر اور سندھ طاس کے معاملہ میں پاکستان کا ساتھ نہیں دے سکتے جس کا فائدہ بھارت اٹھاتا ہے۔ بھارت ڈیم پر ڈیم بنائے جا رہا ہے اور ہم محض احتجاج کے سہارے زندہ ہیں۔ چین کی تجارتی یلغار کو روکنے کیلئے بھی امریکہ اور یورپی اقوام بھارت کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر آگے بڑھنا چاہتی ہیں۔ سی پیک کا پھیلاؤ امریکہ اور یورپ کی تجارتی سپرمیسی کے خلاف بلیک وارنٹ ہے لہٰذا اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات ہو رہے ہیں جس میں بھارت کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور شائد یہی وجہ ہے کہ سی پیک اب محدود ہوتا جا رہا ہے۔ ہمارا ازلی دشمن عالمی پشت پناہی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستانی دریاؤں میں اپنی مرضی سے پانی چھوڑ دیتا ہے جس سے پاکستان کو ناقابلِ تلافی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حالیہ بارشوں اور بھارتی سازش نے حالات کو اور بھی قیامت خیز بنا دیا ہے۔ ایک طرف بارش کی تباہ کاریاں اور دوسری طرف دریائی پانی کے زوردار ریلوں نے پاکستان میں ایسی تباہی مچائی ہے جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ مال و متاع، معصوم انسانوں کی جانوں کا ضیاع، فصلوں کی تباہی، گھروں کی مسماری سب کے سامنے ہے اور اس کے پیچھے بھارتی سازش چھپی ہوئی ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستانی قیادت نے ڈیم بنانے سے غفلت برتی جس کا نتیجہ تباہی و بربادی ہونا تھا لیکن اگر بھارت دریاؤں سے پانی نہ چھوڑتا تو تباہی کا لیول بہت کم ہو جاتا لیکن بھارت سے اچھائی کی امید رکھنا احمقوں کی جنت میں رہنے کے مترادف ہے۔ وہ تو سدا اس طرح کے مواقع کی تلاش میں رہتا ہے جس سے پاکستان کی سلامتی پر حرف آئے۔ اس کا دیرینہ خواب اکھنڈ بھارت ہے لہٰذا وہ اسی پر کاربند ہے۔

پچھلے کئی مہینوں سے پاکستان کے اندر دہشت گردی کی کاروائیوں میں شدت آ چکی ہے جس کا کھرا بھارت سے جا کر ملتا ہے۔ دہشت گردی کا نشانہ بلوچستان اور کے پی کے کا علاقہ بنا ہوا ہے کیونکہ افغانستان سے کاروائیوں کیلئے یہی موزوں مقام ہے۔ طالبان امارتِ اسلامی کا دائرہ اختیار پاکستان تک پھیلانا چاہتے ہیں اسی لئے وہ پاکستانی علاقے پر اپنا حق جتاتے ہیں۔ ماضی میں افغانستان کے کئی حکمرانوں نے برِ صغیر پر حکومت کی ہے لہٰذا طالبان کے دماغ میں یہ بات سمائی ہوئی ہے کہ پاکستان پر اپنا تسلط قائم کرنا ان کا تاریخی حق ہے۔ ویسے بھی پاکستان میں سیاسی انتشار اور خلفشار نے افغانیوں کے حوصلے مزید بڑھا دئے ہیں لہٰذا سوات، دیر، مالا کنڈ اور اس سے ملحقہ علاقوں میں ان کی سرگرمیوں بڑھ گئی ہیں۔ ایک عرصہ سے بلوچستان کو پاکستان سے علیحدہ کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں جن میں ایک دفعہ پھر تیزی آ رہی ہے۔ بھارت ملک میں افراتفری اور سیلاب کی تباہ کاریوں کا فائدہ اٹھا کر پاکستان کی سالمیت پر جس طرح وار کر رہا ہے اس کے پیشِ نظر ہمیں اپنی صفوں میں اتحاد و یگانگت کو قائم کرنے اور دشمن سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔

حسینیت، یزیدیت اور علمائے سو، کو بہ کو!!



سیاست نامہ

اثر علی چوہان

asarchauhansiyasatnamah@gmail.com

حسینیت، یزیدیت اور علمائے سو، کو بہ کو! (1)

معزز قارئین۔ 10 محرم الحرام کو یوم عاشور کے دِن امام عالی مقام حضرت امام حسینؓ اور ان کے 72 ساتھیوں نے ثابت کر دِیا تھا کہ ''حق کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا اور یہ کہ ''حسینیت'' ہمیشہ ''یزیدیت'' پر غالب آتی ہے۔ حضرت امام حسینؓ کی جنگ ملوکیت، ج±ور و جبر، خیانت، نجاست، بربریت اور جہالت کے خلاف تھی لیکن اس جنگ میں حضرت امام حسینؓ کے قبیلے کے لوگ اور چند عقیدت مند ہی تھے۔ ان میں پردہ دار خواتین، کم سن اور شیر خوار بچے بھی شامل تھے۔ سب کو شہید کر دیا گیا۔ اس کے بعد چشم فلک نے قبیلہ امام حسینؓ اور عقیدت مندانِ اہل بیتؓ کا خون بہانے والوں کا برا حشر بھی دیکھا۔ حضرت امام حسینؓ، ان کے رشتہ داروں اور عقیدت مندوں کی قربانیوں نے فی الحقیقت اسلام کو زندہ کر دِیا۔

''فرمانِ امام عالی مقامؓ!''

معرکہ کربلا سے پہلے امام عالی مقام حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ''بعض لوگ دنیا کے غلام اور دین کو اپنی زندگی کے وسائل فراہم کرنے کے لیے ایک لعاب کے طور پر استعمال کرتے ہیں جو ان کی زبانوں سے چمٹا رہتا ہے!''۔ سانحہ کربلا کے بعد یہی ہوا؟ اکثر علماء یزید کے غلام بن گئے اور پھر مسلمان بادشاہوں کے۔ وہ دین کو اپنی زندگی کے وسائل فراہم کرنے کے لیے ایک لعاب کے طور پر استعمال کرتے رہے۔ یہ علماء ہی تھے کہ جنھوں نے بادشاہوں کو خداوندی یا کلّی اختیار حاصل کرنے کا عقیدہ یعنی بادشاہوں کی نیابتِ الٰہی کا نظریہ (Divine Rite of Kings) پیش کیا۔ دراصل 'حسینیت' اور 'یزیدیت' اب بھی دو مختلف ''نظریات'' (Theories) ہیں۔

'خواجہ غریب نوازؒ!'

معزز قارئین۔ سانحہ کربلا کے بعد مختلف زبانوں میں دنیا بھر کے عظیم الشان علمائے کرام اور شعراء نے 'حسینیت' اور 'یزیدیت' کی دو مختلف قوتوں کو اہلِ اسلام کے لیے تا قیامت ظاہر رکھنے کا فریضہ انجام دیا تھا۔ نائب رسول فی الہند خواجہ غریب نواز حضرت معین الدین چشتیؒ نے ہندوستان میں اسلام کی ترویج و اشاعت کے لیے سانحہ کربلا کو بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ

شاہ ہست حسینؓ، پادشاہ ہست حسینؓ
دیں ہست حسینؓ، دیں پناہ ہست حسینؓ
سرداد، نداد دست،
در دستِ یزید
حقا کہ بنائے لا الہ
ہست حسینؓ

یعنی، ہمارے (اصل) شاہ اور بادشاہ حضرت امام حسینؓ ہیں۔ دینِ اسلام اور دین کی پناہ بھی امامؓ ہی ہیں، (آپؓ نے دین کی بقا کے لیے اپنا سر قلم کروا لیا لیکن خلافت کے نام پر یزید کی ملوکیت اور خاندانی بادشاہت کو قبول نہیں کیا! معزز قارئین۔ حقیقت یہ ہے کہ لا الہ الا اللہ کی بنیاد ہی امام حسینؓ ہیں۔

'حضرت سلطان باہوؒ'

معزز قارئین! قادریہ سلسلے کے ولی (فارسی اور) پنجابی کے نامور شاعر حضرت سلطان باہوؒ (1629ئ۔1690ئ) نے سانحہ کربلا کو اپنے انداز میں بیان کرتے ہوئے کہا کہ

جے کر دین علم وچ ہوندا،
تاں سر نیزے کیوں چڑھدے ہو!
اٹھاراں ہزار جے عالم آہا،
اوہ اگے حسینؓ دے مردے ہو!
جو کجھ ملاحظہ سرور دا کردے،
تاں خیمے تمبو کیوں سڑدے ہو!
پر صادق دین تنہاں دے باہو،
جو سر قربانی کردے ہو!

یعنی اگر دِین اسلام (محض) علم میں ہوتا تو پھر (میدانِ کربلا میں اہل بیتؓ) کے سروں کو نیزوں پر کیوں چڑھایا جاتا؟ سانحہ کربلا کے وقت یزید کی سلطنت میں 18 ہزار علمائے دین موجود تھے۔ انھوں نے یزید کے خلاف بغاوت کا جھنڈا بلند کیوں نہیں کیا؟ اور انھوں نے حضرت امام حسینؓ پر اپنی جانیں کیوں نہ قربان کر دیں؟ اگر وہ علماء حق پرست ہوتے تو وہ آل رسول کے خیموں کو آگ کی نذر کیوں ہونے دیتے؟ اگر اس وقت مسلمان کہلانے والے لوگ حضور کی اطاعت / تابعداری کرنے والے ہوتے تو وہ اہل بیتؓ کا پانی کیوں بند کرتے؟۔ اے باہو! جو لوگ حق پرست لوگوں کے لئے قربانی دے سکیں، وہی دِین کی حفاظت کرنے والے اور سچے ہیں!'

حضرت امام حسینؓ کی جنگ ملوکیت، ج±ور و جبر، خیانت، نجاست، بربریت اور جہالت کے خلاف تھی لیکن اس جنگ میں حضرت امام حسینؓ کے قبیلے کے لوگ اور چند عقیدت مند ہی تھے۔ ان میں پردہ دار خواتین، کم سن اور شیر خوار بچے بھی شامل تھے۔ سب کو شہید کر دیا گیا۔ اس کے بعد چشم فلک نے قبیلہ امام حسینؓ اور عقیدت مندانِ اہل بیتؓ کا خون بہانے والوں کا برا حشر بھی دیکھا۔ معزز قارئین! صدیوں سے بھارت کے صوبہ راجستھان کے شہر اجمیر میں آباد میرے آباؤ اجداد نے خواجہ غریب نواز نائب رسول فی الہند حضرت معین الدین چشتیؒ کے دست مبارک پر اسلام قبول کیا تھا اور مجھے اپنے والد محترم تحریک پاکستان کے (گولڈ میڈلسٹ) کارکن رانا فضل محمد چوہان سے اہلِ بیتؓ سے عقیدت و محبت اور حسینیت کا سبق ملا تھا۔

'عاشق رسول علامہ اقبالؒ'

معزز قارئین! عاشق رسول علامہ محمد اقبالؒ (1877ئ۔1938ئ) نے مولا علی مرتضیٰؓ اور اہلِ بیتؓ کے سبھی عظیم الشان ارکان کی شان بیان کرتے ہوئے بہت کچھ لکھا ہے۔ علامہ اقبالؒ نے 1918ء میں شائع ہونے والی اپنی فارسی تصنیف 'رموزِ بے خودی' میں فرمایا کہ

موسیٰؑ و فرعون و شبیرؓ و یزید!
ایں دو قوت از حیات آید پدید!
زندہ حق از قوتِ شبیری است!
باطل آخر داغِ حسرت میری است!

یعنی، موسیٰؑ اور فرعون، شبیرؓ (حضرت امام حسینؓ) اور یزید (باطل قوت)، یہ دو قوتیں ہیں جو زندگی سے ظاہر ہوئیں۔ اِن میں سے حضرت موسیٰؑ اور حضرت امام حسینؓ حق کے علم دار تھے۔ فرعون اور یزید نے باطل کی پاسداری کی۔ دونوں قوتیں ابتداء سے چلی آتی ہیں اور اِن کے درمیان کشمکش بھی ہوتی رہی ہے۔ (تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے) کہ حق قوتِ شبیری سے زندہ رہتا ہے۔ حضرت موسیٰؑ اور حضرت حسینؓ جیسے بزرگ اس کی خدمت انجام دیتے ہیں۔ باطل آخر حسرت کی موت کا داغ بن جاتا ہے (حق کا بول بالا قوتِ خیر سے ہوتا ہے جبکہ باطل قوتوں کا انجام ذِلت و خواری ہے)۔

'مولانا محمد علی جوہرؒ'

ہندوستان میں مسلمانوں کے عظیم راہنما اور شاعر، مولانا محمد علی جوہر (1878ئ۔1931ئ) نے اپنے انداز میں کیا خوب کہا تھا کہ

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

سیلاب کی کہانی اور 'وہ لوگ'



منظر نامہ

قیوم نظامی

qayyumnizami@gmail.com

2022ء کے ہولناک سیلاب نے المناک تباہی مچائی۔ لاکھوں خاندان بے گھر ہو گئے۔ حکومتی ادارے حسب روایت سیلاب متاثرین کی بروقت امداد سے قاصر رہے۔ سیاسی اور مذہبی جماعتوں کی اکثریت نے فوٹو سیشن کی حد تک اپنی ہمدردی کا اظہار کیا۔ جب تک مقامی حکومتوں کا مضبوط اور بااختیار نظام تشکیل نہ دیا جائے عوام آفتوں کا شکار ہوتے رہیں گے۔ سیلاب متاثرین کی بحالی بہت بڑا چیلنج تھا۔ اس چیلنج کو انسان دوست فلاحی اور رفاہی تنظیموں نے قبول کیا اور سیلاب متاثرین کی امداد اور بحالی کے لیے تاریخ ساز کام کیا۔ پاکستان کی ہر دلعزیز نامور انسان دوست ہمہ جہت شخصیت نے 'سیلاب کی کہانی' کے نام سے سیلاب متاثرین کے دکھ درد اور ان سے اخوت کا عملی مظاہرہ کرنے والوں کی داستان قلمبند کی ہے۔ اس رول ماڈل شخصیت کا اسم گرامی ذہن میں آئے تو یہ شعر یاد آتا ہے:

زباں پہ بار خدایا یہ کس کا نام آیا
کہ میرے نطق نے بوسے میری زباں کے لیے

محترم ڈاکٹر امجد ثاقب دلوں میں اتر جانے والے خطیب اور مصنف ہیں۔ اخوت کے نام سے انھوں نے لاکھوں مجبور اور بے بس خاندانوں کو باعزت اور باوقار طور پر اپنے پاؤں پر کھڑا کر کے ورلڈ ریکارڈ قائم کیا ہے۔ وہ اپنی کتاب کے بارے میں لکھتے ہیں: 'سیلاب میں لٹنے والوں کی یہ روداد آنسو بہانے کے لیے نہیں امید کے دیے جلانے کے لیے ہے۔ ان لوگوں کو ڈھونڈنے کے لیے جو دوسروں کی راہ میں پڑے کانٹے اٹھاتے ہیں۔ امید جن کا اوڑھنا بچھونا اور یقین جن کا سرمایہ ہے۔ پاکستان بھر کی اس کہانی میں جہاں دکھ اور درد کی صدا ہے وہیں تعمیر نو کا پیغام بھی ہے اور کچھ کر گزرنے کی تمنا بھی' اپنی طرز کے منفرد مصنف نے موزوں اشعار اور چرچل و نیلسن منڈیلا جیسی عظیم ہستیوں کے اقوال شامل کر کے کتاب کو گنجینہ علم بنا دیا ہے۔ انھوں نے اخوت کے علاوہ دیگر فلاحی تنظیموں اور پاک فوج کی سرگرمیوں کو بھی اپنی کتاب میں خراج تحسین پیش کیا ہے جن میں الخدمت فاؤنڈیشن، ایدھی ٹرسٹ، سیلانی ویلفیئر ٹرسٹ، کسٹم ہیلتھ کیئر سوسائٹی، سرور فاؤنڈیشن، بلوچستان یوتھ ایکشن کمیٹی شامل ہیں۔ اس کتاب کا دیباچہ پاکستان کی خوشبو دار شخصیت محترم محمد انوار الحق چیف جسٹس ریٹائرڈ لاہور ہائی کورٹ نے تحریر کیا ہے جو آج کل اپنی پنشن کو حلال کرنے کے لیے قاسم علی شاہ فاؤنڈیشن کے تعاون سے 'آؤ صلح کر لیں' کے نام سے مفت ثالثی فراہم کر رہے ہیں اور اب تک دو ہزار سے زائد خاندانوں میں صلح کرا چکے ہیں جن کے مقدمات سول عدالتوں میں زیر سماعت تھے۔ ان کی رائے ہے کہ تمام پنشنرز کو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی نہ کوئی کام کرتے رہنا چاہیے۔

پاکستان میں دار فانی سے کوچ کرنے والی قوم کی محسن شخصیات کو یاد کرنے کی روایت بہت کمزور ہے اور 'آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل' والی صورتحال بن چکی ہے۔ ملک معراج خالد بابائے سوشلزم شیخ محمد رشید ڈاکٹر مبشر حسن اور حنیف رامے اپنے دور کے نامور لوگ تھے افسوس آج ان کو یاد کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ پاکستان کا ایک نیشنل میوزیم ہونا چاہیے جس میں قومی ہیروز کی تصاویر اور تحریری خاکے رکھے جائیں۔ محترم سید وقاص جعفری کا شمار جماعت اسلامی کے اکابرین میں ہوتا ہے۔ انھوں نے جماعت اسلامی کے مرحوم قائدین اور نامور کارکنان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے شاندار خوبصورت اور منفرد کتاب قلمبند کی ہے۔ اس کتاب کا نام 'وہ لوگ جن سے مل کر زندگی سے عشق ہو جائے' رکھا ہے جو شاید اس شعر سے لیا گیا ہے:

وہ لوگ جن سے بزم سخن تھی سجی ہوئی
حاصل تھا جن کی ذات سے عرفان زندگی

کتاب کا انتساب قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتا ہے۔ 'محبت کے نام جو خدا سے ہو تو معرفت محبوب خدا سے ہو تو اطاعت اور انسانوں سے ہو جائے تو راحت کا عنوان ٹھہرتی ہے'۔ محترم سید وقاص جعفری نے جن شخصیات کے بارے میں اپنے مشاہدات اور تاثرات بیان کیے ہیں ان میں سر فہرست سید ابوالاعلیٰ مودودی ہیں جن کو انھوں نے اپنے عہد کے قد آوروں میں سب سے بلند قرار دیا ہے۔ وہ ایک فاضل استاد کا حوالہ دے کر لکھتے ہیں کہ مولانا مودودی نے یادگار اور معیاری تحریروں سے عقل کو کلمہ پڑھایا ہے۔ مصنف نے مولانا مودودی کو دیکھا نہیں البتہ ان کا پورا لٹریچر ذوق و شوق سے پڑھا ہے اور ان کی علمی فکری اور دینی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ مصنف کے دوسرے ممدوح قاضی حسین احمد ہیں جن کو وہ گفتار میں کردار میں اللہ کی برہان قرار دیتے ہیں۔ قاضی صاحب کو اقبال اور انقلاب دونوں سے عشق تھا۔ مصنف نے اپنی پسندیدہ شخصیات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے علامہ اقبال کے اشعار اور مختار مسعود کے اقوال کا سہارا لیا ہے۔ دلکش نثر اور موزوں اشعار نے کتاب کی اہمیت اور افادیت کو دو چند کر دیا ہے۔ کتاب کی ترتیب میں تیسری شخصیت سید منور حسن ہیں جن کے لیے اقبال کی نظم کا یہ مصرعہ نذرانہ عقیدت کے طور پر پیش کیا گیا ہے:

اس کی امیدیں قلیل اس کے مقاصد جلیل

سید منور حسن قرآن کی روح تقوی کی عملی تعبیر تھے۔ سید وقاص جعفری نے اپنی امی جان اور ابو جان سمیت 25 شخصیات کے خاکے قلمبند کیے ہیں جن میں ڈاکٹر وسیم اختر، امجد اسلام امجد، ڈاکٹر احسان اللہ شاہ منصورہ کے بابے بشیر احمد عارف، احسن اختر ناز اور اسلامی جمعیت طلبہ کے کارکنان شامل ہیں۔ سیلاب کی کہانی اور وہ لوگ دونوں کتب جہلم بک کارنر نے شائع کی ہیں جو معیار کے اعتبار سے پاکستان کا نمبرون اشاعتی ادارہ بن چکا ہے۔ 'وہ لوگ' کے مطالعہ کے بعد میر تقی میر کا یہ شعر دماغ میں مچلنے لگتا ہے:

وے صورتیں الٰہی کس دیس بستیاں ہیں
اب دیکھنے کو جن کے آنکھیں ترستیاں ہیں

پاکستان کی سیاسی مذہبی جماعتوں اور صحافتی تنظیموں کو اپنی نامور بے لوث شخصیات کے خاکے شائع کرنے چاہئیں تا کہ آج کے نوجوان ان سے حوصلہ اور امید لے کر اپنے حال اور مستقبل کو سنوارنے کے لیے مثبت کردار ادا کرنے پر آمادہ ہو سکیں۔

(بشکریہ نوائے وقت)

کرہ ارض اور انسان



مہمان کالم

احسن یوسف

اس کرہِ ارض پر انسان کیلئے خیر و شر کی ایک دنیا آباد ہے جو اسے ہر آن اپنی جانب کھینچتی رہتی ہے لہٰذا انسان کیلئے اس کے اندر زندہ رہنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ مذاہبِ عالم کے ساتھ ساتھ فلاسفرز، علماء، سائنسدانوں، دانشوروں اور اہلِ حق نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی کاوشیں کیں جو آنے والے زمانوں میں انسانی ارتقا اور سربلندی کی بنیاد بنیں۔ ایرانی دانشور زرتشت نے خیر و شر کی اس دو دھاری دنیا میں دو خداؤں (یزدان اور اہرمن) کا نظریہ پیش کیا۔ ایک خدا نیکی کا اور ایک خدا شر کا۔ اس کا نظریہ قبولِ عام حاصل نہ کر سکا کیونکہ دو خداؤں کا نظریہ غیر فطری تھا۔ اسلام نے (قل ہو اللہ ہو احد) کے پیغام سے اس باطل نظریہ کی مکمل نفی کر دی۔ خدائے واحد پر ایمان اسلام کی روح ہے اور اس کی ساری تعلیمات اسی کے گرد گھومتی ہیں۔ ارشادِ خداوندی ہے (خدا حی القیوم ہے اور اسے کبھی اونگھ نہیں آتی)۔ خیر و شر کی اس رزمگاہ کے اندر انسان بے شمار مسائل، مشکلات، مصائب اور آزمائشوں کا شکار ہے۔ وہ شر کا نہیں خیر کا طلبگار ہے۔ وہ دل بیتاب کو خوش و خرم رکھنے کیلئے محبت کی دنیا آباد کرتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ خیر و شر کی جنگ کو جذبہِ محبت کے بغیر جیتنا ناممکن ہے۔ مرد اور عورت کی فطری محبت، کشش اور مقناطیسیت اس کائنات کی نہ صرف بنیاد ہے بلکہ اس کائنات کی دلکشی اور جاذبیت کا محور بھی ہے۔ انسان کی ساری دلچسپیاں اسی محبت کی مرہونِ منت ہیں۔ انسان کی اس کیفیت کو بیان کرتے ہوئے پنجابی شاعر بابا غلام فریدؒ محبوب کی بے رخی کو دوزخ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ (غلام فریدا میں تاں دوزخ سڑساں۔۔ جے میں کھ ماہی ولوں موڑاں) ۔ مرزا غالبؔ نے اپنے محبوب کی خوشنودی اور دیدار کیلئے ہر در پر سرِ تسلیم خم کرنے کا اعلان کر رکھا تھا (مدت ہوئی ہے یار کو مہمان کئے ہوئے۔۔ جوشِ قدح سے بزم چراغاں کئے ہوئے)۔۔ (پھر جی میں ہے کہ در پر کسی کے پڑے رہیں۔۔ سر زیر بارِ منتِ درباں کئے ہوئے)۔ فیض احمد فیضؔ شبِ انتظار کے کرب سے گزرے تو ایک ہوک ان کے دل سے نکلی۔ (تم آئے ہو نہ شبِ انتظار گزری ہے۔۔ تلاش میں ہے سحر بار بار گزری ہے) غالبؔ شبِ انتظار کی جگہ شبِ غم کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں (کہوں کس سے میں کہ کیا ہے، شبِ غم بری بلا ہے۔۔ مجھے کیا برا تھا مرنا اگر ایک بار ہوتا) ڈاکٹر مقصود جعفری نے تو ایک ہی شعر میں کمال فن کا مظاہرہ کیا اور محبوب کے دیدار کو عبادت سے تشبیہ دے ڈالی۔ (تم جو آئے ہو میرے پاس تو یوں لگتا ہے۔۔ مدتوں بعد نگاہوں نے عبادت کی ہے)۔

دنیاوی محبوب کی محبت کے ساتھ ساتھ مالک کائنات نے اس کرہِ ارض کو جاذبیت عطا کرنے کیلئے انسان کیلئے اولاد، والدین، بہن بھائی اور دوستی کے رشتوں کو تخلیق کیا تا کہ انسان کی زندگی محبت کی بدولت آسانیوں کی آماجگاہ بنی رہے۔ انسان اپنے والدین اور اساتذہ سے سیکھتا ہے۔ میرے لئے میرے والدِ محترم ایک درسگاہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ میرے وہ تمام محسن، مہربان اور خیر خواہ جنھیں میرے والدِ محترم کو دیکھنے کا اعزاز حاصل ہے انھیں علم ہے کہ میرے والدِ محترم کا رنگ سرخ و سفید تھا اور ان کی شخصیت میں خاص قسم کا وقار جھلکتا تھا۔ دوسروں کا احترام ان کی گھٹی میں شامل تھا۔ ان کی نظر میں چھوٹے بڑے کی کوئی تمیز نہیں تھی بلکہ وہ سب کیلئے شجرِ سایہ دار تھے۔ امانت و دیانت، صداقت، صلہ رحمی، وعدہ کی پاسداری، اور ضرورتمندوں کی حاجت روائی ان کی ذات کا جزو لاینفک تھا۔ انھیں آہِ سحر گاہی کی عادت تھی جو سالہا سال ان کی ذات کا حصہ رہی۔ والدِ محترم کی آواز میں سوز و گداز تھا لہٰذا گھر میں جب بھی علم و ادب کی محفل جمتی تو والدِ محترم سے یوسف زلیخا کا قصہ سنانے کی فرمائش کی جاتی۔ میرے اندر لفظ کی عظمت اور ادب سے محبت اسی ماحول کا عطا کردہ تحفہ ہے۔ بچپن میں لفظ نے میرے اندر جس طرح گھر کیا اس میں والدِ محترم کی سجائی گئی محافل کا بڑا عمل دخل ہے۔ صبح صادق باآوازِ بلند تلاوتِ قرانِ پاک ان کی زندگی کا معمول تھا۔ اپنے سارے عزیز و اقارب اور دوست احباب جو اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں ان کیلئے دعائے مغفرت ان کا معمول تھا جس کا میں نے سال ہا سال مشاہدہ کیا۔ یہ ایک طویل سفر ہوتا ہے جسے خشیتِ الٰہی کی صفت سے ہی جاری و ساری رکھا جا سکتا ہے۔ ایک آدھ دن کی بات ہوتو ہر کوئی آہِ سحر گاہی کو اپنی ذات کا حصہ بنا لے لیکن یہ تو زندگی کی آخری سانسوں تک کا سودا ہوتا ہے جسے صرف دل والے ہی جاری رکھ سکتے ہیں۔ گرمی، سردی اور یخ بستہ راتوں میں یادِ خدا کیلئے نرم و گرم بستر کو خیر باد کہنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہوتا ہے لیکن جن کے دل نورِ الٰہی سے منور ہوتے ہیں وہ اسے نعمتِ خداوندی سمجھ کر اس کی ادائیگی میں جٹ جاتے ہیں۔ دنیا دار جس چیز کی ادائیگی سے ڈرتے ہیں دل والوں کو اسی کی ادائیگی میں سرور آتا ہے۔ ان کیلئے آہِ سحر گاہی میں سوز و گداز کا ایک ایسا جہاں آباد ہوتا ہے جس کا نشہ کم ہونے کی بجائے مزید بڑھتا چلا جاتا ہے۔ وہ تو اس بات کے منتظر ہوتے ہیں کہ سحر گاہی کی نعمت ان کی ذات کا حصہ بنے کیونکہ یہی وہ لمحے ہوتے ہیں جب وہ اپنے رب سے بلاواسطہ ہم کلامی کے شرف سے فیضیاب ہوتے ہیں۔ ان کا ہدف دیدارِ الٰہی ہوتا ہے اس لئے ان کی تڑپ کم ہونے کی بجائے بڑھتی چلی جاتی ہے۔ علامہ اقبالؒ کا دلنشین انداز دیکھئے (کبھی اے حقیقتِ منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں۔۔ کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں میری جبینِ نیاز میں) دل کے تار مالکِ کائنات سے جڑ جائیں تو پھر کششِ دنیا ماند پڑ جاتی ہے حالانکہ دنیا داری سے دامن بچانا انتہائی کٹھن ہوتا ہے۔ اہلِ دل کا یہی تو کمال ہوتا ہے کہ وہ اہلِ جہاں سے بالکل علیحدہ اپنی دنیا آباد کرتے ہیں۔ ایک ایسی دنیا جو محبتوں کی آماجگاہ ہوتی ہے اور جس میں حسد، کینہ، کدورت اور حرص و طمع کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔

آہِ سحر گاہی کے حاملین کا صلہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی ذات میں منکسر المزاجی، حلاوت، حلیمی اور نرمی کا اجالا بھر دیا جاتا ہے۔ دوسروں کے لئے آسانیاں ان کی پہچان بنتی ہے۔ لہٰذا جو بھی ایسے افراد سے شرفِ ملاقات کے اعزاز سے ہمکنار ہوتا ہے ان کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔ آہِ سحر گاہی کا راگ الاپنے والوں کا مقام تو رفعتوں کا نشان ہوتا ہے۔ علامہ اقبالؒ انھیں بلند و بالا مسند سے سرفراز کرتے ہیں۔ (عطار ہو رومی ہو، رازی ہو غزالی ہو۔۔ کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی)۔ تحریکِ پاکستان میں والدِ محترم کی خدمات سے صرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا۔ ۱۹۴۴ء میں قائدِ اعظم محمد علی جناح کو سیالکوٹ میں دیکھنے اور سننے کا انھیں اعزاز حاصل تھا۔ چٹی شیخاں کے نامور سپوت محمد شفیع بٹ کی معیت میں جس دستہ کو قائدِ اعظم کی سکیورٹی کے فرائض سر انجام دینے کا فریضہ سونپا گیا تھا اس کا تعلق ہمارے خاندان سے تھا۔ والدِ محترم نے اسی جلسہ میں قائدِ اعظم کو دیکھنے کی سعادت حاصل کی تھی جس کا ذکر وہ اکثر و بیشتر کرتے رہتے تھے۔ اسی جلسہ میں ملک کے نامور شاعر پروفیسر اصغر سودائی نے اپنی شہرہ آفاق نظم۔ (پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ) پڑھی تھی۔ محبت ایک دفعہ جنم لے لے تو پھر اسے مٹایا نہیں جا سکتا۔ یہ والدِ محترم کی تربیت کا کمال ہے کہ میں نے پورے عالم میں دو قومی نظریہ کا علم بلند کر رکھا ہے۔ پاکستان سے میرے خاندان کی محبت دوسروں کیلئے باعثِ تقلید ہے۔ ایک ایسی کھری اور سچی محبت جس کے بیان سے دانشوروں کے دلوں کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی ہیں۔ وطن کی محبت میں لپٹے ہوئے میرے دو اشعار۔ (یہ جو پاک وطن ہے میرا تعبیر ہے اس کے خوابوں کی۔۔ اس کی مٹی میں ہے خوشبو لہو رنگ گلابوں کی)۔۔ (اس میں میرے جانبازوں کی تکبیریں اور اذانیں ہیں۔۔ سایہ فگن ہے چاندنی ان پہ روشن روشن مہتابوں کی

ظہیر قریشی

جمیل اطہر قاضی

ایک منظر اور.... الائیڈ ہسپتال کا انتہائی نگہداشت کے مریضوں کے لیے وقف ایک کمرہ، جہاں مریض کی عیادت کے لیے جانے والوں کو بھی حفاظتی اور احتیاطی نقاب چہرے پر اوڑھنا ہوتا ہے۔ ہم ظہیر کے کمرے میں دبے پاؤں داخل ہوتے ہیں تا کہ ہماری آہٹ ظہیر کے آرام میں خلل نہ ڈالے مگر یہ کیا.... ظہیر جس کے زخمی پاؤں اور ہاتھ دھجیوں کی صورت میں پلاسٹک میں لپٹے ہوئے ہیں چہرے پر مسکراہٹ بکھیرے ہماری خیر و عافیت پوچھ رہا ہے اور ہم اس کی نازک حالت دیکھ کر کچھ بولنے سے قاصر.... آگ میں جھلس کر شدید زخمی ہونے کے بعد مکمل صحت یابی تک کے مراحل ظہیر نے جس حوصلے اور ہمت سے طے کیے یہ اسی کا کام تھا۔ سچ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی شخصیت کو ہمت و حوصلہ، دیانت و امانت، جرات و بے باکی، راست فکری اور راست بازی کے جن اجزائے ترکیبی سے ترتیب دیا تھا ان سے وہ کندن بن گیا تھا۔

ظہیر کی ایک تصویر اور لاہور میں ایک بزرگ شخص 'عوام' کے لیے اشتہارات کے حصول کا کام کرتے تھے۔ کام تو ان کا واجبی تھا مگر نہ جانے کس جذبہ سے ظہیر انھیں پانچ سو روپے ماہانہ دیئے جا رہے تھے، یہ صاحب چند سال پہلے دماغ کی شریان پھٹنے سے انتقال کر گئے، میں نے ظہیر کو فون کر کے درخواست کی کہ وہ یہ وظیفہ مرحوم کے بیٹے کے لیے جاری رکھیں، اس کے کام میں کچھ معاونت میں بھی کر دیا کروں گا۔ ظہیر نے بڑی خوش دلی سے یہ ہامی بھر لی اور نہایت باقاعدگی سے طویل عرصہ تک یہ مالی ایثار کرتے رہے حتیٰ کہ اس نوجوان نے ایم بی اے کر لیا اور از خود یہ مالی امداد لینا ترک کر دیا۔ ظہیر نے اس عرصہ میں اس نوجوان سے کبھی یہ تک نہ پوچھا کہ کیا وہ پانچ سو روپے ماہانہ کے اشتہارات بھی مہیا کرتا ہے یا نہیں اور نہ ہی کبھی مجھ پر اس بات کا کوئی احسان جتایا۔ مجھے اس نوجوان سے ہی معلوم ہوتا رہا کہ اس کے کنبہ کو یہ وظیفہ بدستور مل رہا ہے۔

ظہیر نے فیصل آباد کی صحافت کی عزت و وقار میں گراں قدر اضافہ کیا اور 'عوام' کو صحیح معنوں میں ایک مقامی اخبار بنا کر اس نے 'عوام' کو علاقائی صحافت کے لیے ایک ماڈل پیپر کی شکل دے دی۔ پورے ملک میں اس سے پہلے 'عوام' کی طرز کا کوئی علاقائی اخبار موجود نہیں تھا۔ جس طرح مولانا عبدالماجد دریا آبادی کی ادارت میں نکلنے والے چھوٹے آٹھ صفحات کا 'سچ'، 'صدق' اور 'صدق جدید' بڑے وقیع اخبار سمجھے جاتے تھے، اسی طرح ظہیر نے 'عوام' کی صورت میں ایک مثالی علاقائی اخبار کا ورثہ قومی صحافت کی جھولی میں ڈال دیا تھا۔ جس سے صحافیوں کی آئندہ نسلیں بھی استفادہ کرتی رہیں گی۔ میں تو اسے علاقائی صحافت کا محسن سمجھتا ہوں جس نے مقامی اخبار کے حقیقی تصور کے خاکے میں رنگ بھرا اور کئی جدتیں اختیار کیں۔ مجھ جیسے لوگ جنھوں نے ان کے والد سے صحافت کا ابتدائی درس لیا، اس میدان میں ظہیر کو اپنا رہبر و رہنما ماننے لگے۔

ظہیر قریشی نے صحافت میں مہینوں اور سالوں کا سفر دنوں اور ہفتوں میں طے کیا اور اس کا اخبار فیصل آباد کے عوام کی آواز بن گیا اس نے ساری دنیا سے قطع تعلق کر لیا۔ وہ اور اس کا اخبار فیصل آباد کے ہو کر رہ گئے، اس نے اخباری تنظیموں اے پی این ایس اور سی پی این ای کی رکنیت کا اعزاز تو برقرار رکھا لیکن عملی طور پر ان سے بے تعلق ہو گیا۔ آخری دو برسوں میں میری درخواست پر وہ کراچی اور لاہور میں منعقد ہونے والے اجلاسوں میں ضرور شریک ہوا اور میرا مان بڑھانے کا ذریعہ بنا ورنہ وہ کسی اور کے کہنے پر اس کے لیے راضی نہ ہوتا تھا۔

دو سال قبل وہ سی پی این ای کے اجلاس میں شریک تھا، میں نے ارکان سے اپیل کی کہ وہ اپنا چندہ ادا کر دیں، ظہیر اپنی نشست سے اٹھا اور اس نے صدر اجلاس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جمیل اطہر بار بار ارکان سے چندہ دینے کی اپیل کر رہے ہیں ان سے کہیں کہ وہ لفظ چندہ استعمال نہ کریں اس کا کوئی اور موزوں متبادل لفظ استعمال کریں.... میں نے ظہیر کی تجویز مان لی اور یہ لفظ پھر استعمال نہ کیا لیکن آج میں ظہیر سے اس کی روح کے ذریعے یہ ضرور پوچھنا چاہوں گا کہ

'اے میرے چندا! تو نے دنیا چھوڑنے میں اتنی جلدی کیوں کی اور رفیعہ اور ثبات کو اس آزمائش میں کیوں ڈال دیا کہ وہ تیری قائم کردہ اعلیٰ صحافتی صفات اور عظیم انسانی اوصاف کا پرچم تمہاری ہی طرح بے جگری سے تھامے رکھیں، مجھے یقین ہے کہ تم نے باری تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر پہلی دعا ثبات کے لیے ثابت قدمی کی ہی کی ہو گی اور ثبات اللہ ہی کے فضل سے خلیق و فضل ظہیر کی روایات کا نگہبان اور پاسدار بنے گا'۔ یادوں کی اس کہکشاں کا کون کون سا درخشاں پہلو آپ کے سامنے رکھوں۔ چلتے چلتے ظہیر کی ایک اور تصویر آپ کو دکھادوں۔ ایک بڑے اخباری گروپ کے سربراہ نے یہ خواہش ظاہر کی کہ میں ظہیر کو اس بات پر آمادہ کروں کہ 'عوام' کا ڈیکلریشن انھیں دے دے اور خود کسی اور نام سے اخبار نکال لے۔ میں نے انھیں یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ ظہیر صرف 'عوام' کا ناشر اور مدیر و مالک ہی نہیں ہے اس کی متاع عزیز ہے، وہ 'عوام' کا عاشق ہے اور 'عوام' سے اپنی وابستگی ہر گز ہرگز ختم نہیں کرے گا۔ لیکن اصرار جاری رہا اور پیہم اصرار سے مجبور ہو کر میں نے ایک روز ظہیر کو فون کر ہی دیا لیکن یہ کہنے کے لیے کہ.... آپ کے لیے یہ پیغام ہے، فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے، مشورہ میرا یہ ہے کہ اپنے والد کی میراث.... 'عوام' کی حفاظت کرنا اس کا سودا نہ کرنا.... ظہیر نے کہا، 'جمیل صاحب! اچھا کیا آپ نے مجھے یہ پیغام پہنچانے کے ساتھ یہ مشورہ بھی دے دیا۔ اگر آپ مجھے 'عوام' کا نام فروخت کرنے کے لیے کہتے تو یہ آپ سے میری آخری گفتگو ہوتی۔ یہ 'عوام' سے عشق کا ایک ادنیٰ اظہار تھا حقیقت میں وہ 'عوام' کا عاشق تھا، 'عوام' اس کا محبوب تھا اور فیصل آباد کے عوام بھی اس کے معشوق اور محبوب تھے جن کی ترجمانی کا حق اس نے اس شان سے ادا کیا کہ سارا فیصل آباد اپنے اس سچے عاشق کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے کے لیے گلستان کالونی کی گراؤنڈ میں امڈ آیا۔ سچ ہے کہ عاشقوں کے جنازے دھوم سے ہی اٹھتے ہیں۔ ظہیر کا ایک اور وصف اس کا اللہ پر توکل تھا یہ توکل بلڈنگ میں اس کا دفتر واقع ہونے کی کرامت تھی یا شیخ المشائخ حضرت اختر سدیدی کا فیضانِ نظر۔ لیکن یہ وصف ظہیر کی آن بھی تھا اور شان بھی۔

آخر میں بارگاہ ایزدی میں ظہیر قریشی اور احمد ثبات کی دعاؤں اور مرشد حضرت اختر سدیدی جن کے فیض سے ظہیر صحافی کے ساتھ ساتھ صوفی بھی بن چکا تھا، کی خشوع و خضوع سے ایک دعا کے چند اقتباس.... آیئے دست دعا اٹھائیں: یا رب رحیم حاسدوں کی نظر بد سے بچا۔ اے مولا تو جانتا ہے کہ یہ کسی سے حسد نہیں کرتے۔ اے تمام جہانوں کے خالق اور مالک تو ہی عزت اور ذلت دینے والا ہے۔ ہماری مدد فرما کہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔ اے باری تعالیٰ! احمد ثبات کو اپنے حبیب کے صدقے یقین محکم اور عمل پیہم کی دولت سے مالا مال رکھنا۔ لازوال جذبہ خدمت انسانیت سے سرشار رکھنا۔ سکون قلبی عطا کرنا اور کمینوں کی دوستی سے محفوظ رکھنا۔ وقار سے زندہ رہنے کے اسباب مہیا فرمانا.... آمین ثم آمین۔

(بشکریہ نوائے وقت)

خلیجی جریدے کا تکلیف دہ مضمون



برجستہ

غلام حیدر شیخ

barjastaghshaikh@gmail.com

خلیجی اخبار نے اپنی 29 جولائی 2023ء کی اشاعت میں ''پاکستان برائے فروخت'' کے عنوان سے جو نہایت سخت تکلیف دہ مضمون شائع کیا کہ پاکستان کو بڑھتے ہوئے قرضوں کی ادائیگیوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کی وجہ سے پاکستان اپنی بندرگاہیں، ہوائی اڈے اور ٹیلی کام کمپنیاں فروخت کرنے کی تگ و دو میں ہے، پاکستان نے گزشتہ ماہ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی میں اپنی قدیم اور مصروف ترین بندرگاہ کے ایک اہم حصے کو ابوظہبی پورٹ گروپ کو 25 سال کے لئے لیز پر دینے کا معاہدہ کیا، یہ معاہدہ آپریشنل آؤٹ سورسنگ ڈیل کے اعلان کے بعد عمل میں آیا ہے۔

معاہدے کے مطابق اے ڈی گروپ کراچی کی بندرگاہ کی تین برتھ پر کام کرے گا اور گودی میں جانے کے لئے بڑے بحری جہازوں کے لئے راستے کی توسیع کے علاوہ کنٹینر اسٹوریج ایریا کو بڑھانے کے لئے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرے گا، جب کہ پاکستانی حکومت کو آلات اور بنیادی ڈھانچے کے لئے 50 ملین ڈالر اور خدمات کے معاوضہ کی مد میں 18 ڈالر فی کنٹینر ملیں گے، خلیجی ممالک کی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی کوشش کرتے ہوئے پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات کے ساتھ ایک کثیر المقاصد کارگو ٹرمینل کی تعمیر کے لئے بھی ایک معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لئے بات چیت جاری ہے، اگر یہ بات چیت باہمی رضامندی سے طے پا جاتی ہے تو دبئی کو اس معاہدے کے تحت کراچی کی بندرگاہ کے ایک بڑی راہداری کا 85 فیصد کنٹرول حاصل ہو جائے گا۔ یہ ایک خاص حکمت عملی کے مقام کو ظاہر کرتی بحیرہ عرب کی پیشانی پر کراچی کی یہ بندرگاہ پاکستان کی تمام سمندری تجارت کو برآمد و درآمد کرنے کی مجاز ہے۔

قیامِ پاکستان کے وقت جو صنعتیں نوزائیدہ پاکستان کے حصے میں آئیں وہ ملک کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے میں آٹے میں نمک کے برابر تھیں، اس کا اندازہ ایسے لگایا جا سکتا ہے کہ آزادی کے پہلے عشرے میں صنعتوں کی پیداوار اس قدر کم تھی کہ روزمرہ کے استعمال آٹا اور چینی کی راشن بندی کرنا پڑی، ایوب دور میں غیر ملکی سرمایہ کاروں اور مقامی سرمایہ کاروں نے ملک میں صنعتیں تو لگائیں لیکن غریب عوام غربت کی چکی میں ہی پستا چلا گیا اور دولت کا ارتکاز صرف 22 خاندانوں تک محدود ہو کر رہ گیا تھا، ان تمام صنعتوں میں ٹریڈ یونین بننے لگی، سیٹھوں اور مزدوروں کے درمیان فاصلے بڑھتے چلے گئے، سرمایہ کار سہولتیں دینے سے منکر اور مزدور اپنے فرائض میں غفلت برتنے پر م±صر۔ پاکستان کا سرمایہ دار طبقہ عوامی استحصال کی تمام حدیں عبور کر چکا تھا بینکوں سے قرضے سرکاری سرپرستی میں لے کر انہیں سرکاری آشیر واد سے معاف بھی کروا لیا جاتا تھا، قومی املاک اور وسائل کی بندر بانٹ عروج پر تھی غیر ملکی سرمایہ کاری کے لائسنس اپنے من پسند افراد کو دیئے جاتے تھے، غربت بڑھتی گئی اور امیر امیر ہوتا گیا، آمرانہ نظام سے عوام کی نفرت اور ان کے غیض و غضب نے 1970ء کے انتخابات میں مذہبی اور نظریاتی سیاسی اکائیوں کو مسترد کر دیا اور ذوالفقار علی بھٹو کے ''روٹی، کپڑا اور مکان'' کے بنیادی ضروریات کے حصول کے لئے بھٹو کی پارٹی کو منتخب کیا۔

ذوالفقار علی بھٹو نے 2 جنوری 1972ء کو بحیثیت صدر مملکت ریڈیو اور ٹیلی وژن پر تقریر کرتے ہوئے ملک کی مختلف بنیادی بھاری صنعتوں کو قومی تحویل میں لینے کا حکم صادر کیا، یہ ایک اہم اور بڑا فیصلہ تھا جس کی وجہ سے عوام دشمن مافیا، مفاد پرست افراد کی کرپشن، ٹیکس چوری، مزدور طبقہ کا استحصال اور ناجائز کاروبار کرنے والوں کو گرفت میں لے لیا گیا، سقوط ڈھاکہ کے بعد جنگ سے تباہ حال ملکی معیشت کو استحکام دینے کے لئے بھٹو کا یہ فیصلہ پختہ سیاسی بصیرت اور ملک کو مستحکم کرنے کا احسن اقدام تھا، استحصالی قوتوں سے عوام کو آزاد کروایا، جس کی وجہ سے عوام دشمن عناصر میں بھٹو کے خلاف دشمنی کی حد تک اختلافات پیدا ہو گئے۔

تا حال کم فہمی پر مبنی خیالات کے مالک بھٹو کو پاکستان کی معیشت تباہ کرنے کا الزام دیتے ہیں جو کہ حقیقت کے برعکس ہے، بھٹو کو 1971ء کی جنگ کے بعد ہر شعبہ زندگی میں تباہ حال پاکستان سونپا گیا، تو اس وقت جی ڈی پی (GDP) صرف 47.0 فیصد پر تھی، ملک دو لخت ہو چکا تھا لیکن بھٹو کی سیاسی تدبر اور دور اندیشی سے پاکستان کی تعمیر نو ہوئی اور ایک سال کی مدت کے بعد شرح نمو (GDP) 7.06 فیصد کی حد تک پہنچ گئی، بھاری صنعتوں کی تحویل میں میاں نواز شریف کے والد کی اتفاق فاؤنڈری بھی تھی بھٹو سے نواز شریف کی شدید دشمنی کی وجہ بھی یہی تھی، نون لیگ کے تین ادوار حکومت میں نج کاری کے نام پر پاکستان کی معیشت کا حشر نشر ہوا، سرمایہ دار اور مراعات یافتہ طبقہ آج بھی ٹیکس دینے سے گریزاں ہے، حکومتوں کے بے جا اخراجات کی وجہ سے دنیا میں کشکول لئے پھرنا اور پھر یہ کہنا کہ ''جب کشکول لے کر باہر جاتے ہیں تو ہمیں شرم آتی ہے''۔

سر دست ملک میں سیاسی افراتفری، معاشی بحران اور قومی اداروں کی غیر ممالک کو نج کاری انتہائی تشویشناک ہے، حالات جس نہج پر چلے گئے ہیں واپسی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی، ارباب اقتدار عوام کو بتائیں کہ ''اب کیا کیا بیچیں گے'' ملک پر مسلط کئے گئے حالات میں وقتی طور پر قرضوں کا انجکشن یا ڈرپ لگا دینے سے پالیسیاں بدل نہیں جاتیں، اور نا ہی معاشی حالات میں کوئی تبدیلی آئے گی، قومی تحویل میں ادارے ریاست کا اثاثہ ہوتے ہیں نجکاری کر کے ان اثاثوں کو غیر کے ہاتھوں فروخت کر دینے سے ریاست کمزور ہو گی اور معیشت بھی کمزور ہی رہے گی بیرونی قرضوں اور نجکاری سے حاصل کی گئی رقم ریاست کو معاشی طور پر کھوکھلا کر دینے کے مترادف ہے۔

(بشکریہ نوائے وقت)

نوجوانوں پر سوشل میڈیا کا اثر

تحریر: رمشا دستگیر

آج کے ڈیجیٹل دور میں، سوشل میڈیا نوجوانوں کی زندگیوں کا ایک لازمی حصہ بن گیا ہے، جوان کے بات چیت، اور اپنے اردگرد کی دنیا کو سمجھنے کے طریقے کو متاثر کرتا ہے۔ اگرچہ یہ متعدد فوائد پیش کرتا ہے، جیسے بہتر کنیکٹیویٹی اور معلومات تک رسائی، نوجوانوں پر اس کے اثرات نے خدشات کو جنم دیا ہے۔ جو سوچ سمجھ کر امتحان کی ضمانت دیتا ہے۔

مثبت پہلو:

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز نے نوجوانوں کو دنیا بھر میں دوستوں اور کنبہ کے ساتھ جڑنے کے قابل بنایا ہے، کمیونٹی اور تعاون کے احساس کو فروغ دیا ہے۔ اس نے خود اظہار، تخلیقی صلاحیتوں اور نیٹ ورکنگ کے مواقع بھی کھولے ہیں۔ مزید برآں، سوشل میڈیا سماجی مسائل پر بیداری پیدا کرنے، نوجوانوں کی زیر قیادت تحریکوں کو متحرک کرنے اور ان کی آواز سننے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

منفی پہلو:

تاہم، نوجوانوں میں سوشل میڈیا کے ضرورت سے زیادہ استعمال کے نمایاں نشیب و فراز ہیں۔ مطالعات نے ذہنی صحت کے مسائل کے ساتھ اس کی وابستگی کو اجاگر کیا ہے، بشمول بے چینی، ڈپریشن اور تنہائی۔ پسندیدگیوں، تبصروں اور توثیق کی مسلسل کوشش ناکافی اور خود اعتمادی کے مسائل کا باعث بن سکتی ہے۔ مزید برآں، سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلانے میں آسانی تنقیدی سوچ کے لیے خطرہ بنتی ہے اور افواہوں اور سازشی نظریات کے پھیلاؤ میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔

سوشل میڈیا اور تعلقات:

باہمی تعلقات پر سوشل میڈیا کا اثر دو دھاری تلوار رہا ہے۔ جہاں اس نے رابطوں کو آسان بنایا ہے، وہیں اس نے نئے چیلنجز بھی پیدا کیے ہیں۔ سائبر دھونس، ہراساں کرنا، اور آن لائن تنازعات نوجوان افراد کو جذباتی اور نفسیاتی طور پر نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ آن لائن کسی مخصوص تصویر کو برقرار رکھنے کا دباؤ صداقت کے نقصان اور حقیقی کنکشن بنانے میں دشواری کا باعث بن سکتا ہے۔

ڈیجیٹل بہبود اور اسکرین ٹائم:

سوشل میڈیا کے استعمال سے منسلک سکرین کا طویل وقت جسمانی صحت، نیند کے نمونوں اور مجموعی صحت پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ ضرورت سے زیادہ اسکرین کا وقت نیند کے چکروں میں خلل ڈال سکتا ہے، جس سے نیند کی کمی واقع ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں موڈ، ارتکاز اور تعلیمی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔

رازداری اور حفاظت کے خدشات:

سوشل میڈیا پلیٹ فارم نوجوان صارفین کو رازداری کی ممکنہ خلاف ورزیوں، سائبر کرائمز اور شکاری رویے سے روشناس کر سکتے ہیں۔ ان خطرات سے آگاہی اور انٹرنیٹ کے استعمال کے بارے میں تعلیم دینا بہت ضروری ہے۔

صحت مند سوشل میڈیا عادات کو فروغ دینا:

نوجوانوں پر سوشل میڈیا کے اثرات سے نمٹنے کے لیے والدین، ماہرین تعلیم اور معاشرے کی طرف سے اجتماعی کوشش کی ضرورت ہے۔ سوشل میڈیا کے مثبت اور منفی پہلوؤں کے بارے میں کھلی بات چیت کی حوصلہ افزائی کرنا، میڈیا کی خواندگی کی تعلیم دینا، اور ڈیجیٹل فلاح و بہبود کو فروغ دینا نوجوانوں کو ذمہ داری سے ڈیجیٹل منظر نامے پر تشریف لے جانے کے لیے بااختیار بنانے کے لیے ضروری اقدامات ہیں۔

آخر میں، نوجوانوں پر سوشل میڈیا کا اثر ناقابل تردید ہے، جس کے مثبت اور منفی دونوں اثرات ہیں۔ ذمہ دارانہ استعمال، ڈیجیٹل خواندگی، اور سپورٹ نیٹ ورکس کو فروغ دے کر، ہم نوجوان افراد کو سوشل میڈیا کے ممکنہ فوائد سے فائدہ اٹھانے کے لیے تیار کر سکتے ہیں جبکہ ان کی فلاح و بہبود پر اس کے منفی اثرات کو کم کر سکتے ہیں۔



ٹی وی چینلز پر مزاحیہ شوز اسٹیج ڈرامہ ہی ہیں، سلیم البیلا

لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈین اداکار سلیم البیلا نے کہا ہے کہ مختلف ٹی وی چینلز پر دکھائے جانے والے مزاحیہ شوز ایک طرح سے اسٹیج ڈرامہ ہی ہیں، ان شوز کی اہمیت کو برقرار رکھنے کے لئے وقت کیساتھ ساتھ تبدیلی لانے کی ضرورت ہے۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر نجی ٹی وی چینلز ایک ہی طرز پر مسلسل شوز دکھاتے رہیں گے تو وہ وقت بھی آئے گا جب یہ اپنی اہمیت کھو دیں گے اور ان اداکاروں کو دوبارہ اسٹیج کی طرف آنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان شوز میں بھی جگتیں لگائی جاتی ہیں اور یہ ایک طرح سے اسٹیج ڈرامہ ہی ہیں تاہم وقت کا تقاضہ ہے کہ ان میں گزرتے وقت کیساتھ تبدیلی لائی جائے۔

زندگی کی مشکلات میں اپنے لئے راستہ بنانے کا ہنر آ گیا ہے، حمیرا ارشد

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ حمیرا ارشد نے کہا ہے کہ زندگی بڑی تلخ حقیقت ہے اور جو کوئی جتنی جلدی اس سے آشنا ہو جائے اس کی زندگی میں توازن آ جاتا ہے، کسی سے امیدیں وابستہ نہیں کرنی چاہیے کیونکہ جب امیدیں ٹوٹتی ہے تو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ ایک انٹرویو میں حمیرا ارشد نے کہا کہ زندگی کی مشکلات میں اپنے لئے راستہ بنانے کا ہنر آ گیا ہے اگر آپ کڑے وقت میں اس سے نکلنے کی کوشش نہیں کریں گے تو آپ مشکلات کی دلدل میں دھنسے چلے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں جو بھی مشکلات آئیں ان سے آنکھیں نہیں چرانی چاہئیں بلکہ ان کا مقابلہ کرنا چاہیے اور اس سے انسان میں زندگی کو جینا کا نیا حوصلہ جنم لیتا ہے۔ حمیرا ارشد نے کہا کہ میں نے

پاپ سنگر نازیہ حسن کی برسی 13 اگست کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پرائیڈ آف پرفارمنس پاپ سنگر نازیہ حسن کی 23 ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی۔ نازیہ حسن 3 اپریل 1965 کو کراچی میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنا بچپن کراچی اور لندن کے تعلیمی اداروں میں گزارا۔ 1980 میں نازیہ حسن صرف 15 برس کی عمر میں اس وقت شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئیں جب انہوں نے بھارت کے معروف فلمساز فیروز خان کی فلم ''قربانی'' میں آپ جیسا کوئی میری زندگی میں آئے تو بات بن جائے گا یا۔ نازیہ حسن نے پی ٹی وی پر متعدد پروگرام اور ٹی وی کمرشلز میں بھی کام کیا۔ نازیہ حسن نے اپنے بھائی زوہیب حسن کے ساتھ مل کر پاکستانی موسیقی میں ایک نئی جہت روشناس کروائی۔ انہوں نے 80 کی دہائی میں موسیقی میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے پاکستانی نوجوان نسل کے ساتھ بھارت، امریکہ، عرب امارات، لاطینی امریکہ سمیت دنیا بھر میں بھرپور پزیرائی حاصل ہوئی۔

اداکارہ نادرا کی 28 ویں برسی منائی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کی نامور اداکارہ نادرا کی 28 ویں برسی منائی گئی۔ اداکارہ نادرا نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز 1986ء میں پنجابی فلم ''آخری جنگ'' سے کیا جو ان کے لئے سنگ میل ثابت ہوئی جس کے بعد وہ مسلسل فلموں میں جلوہ گر ہو کر اپنی خوبصورت اداکاری کے جوہر دکھاتی رہیں۔ انہوں نے اپنے وقت کے مقبول ترین ہیروز کے مدمقابل بطور ہیروئین 60 سے زائد فلموں میں اداکاری کی، ان کی جوڑی مرحوم فلمی ہیرو اسماعیل شاہ کے ساتھ خوب سجتی تھی۔ اداکارہ نادرا کو 6 اگست 1995ء کو نامعلوم افراد نے گلبرگ کے علاقہ میں گولیاں مار کر قتل کر دیا تھا۔

حنا خواجہ بیات ماہِ اگست کی آمد پر اداس

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر میزبان و اداکارہ حنا خواجہ بیات اگست کے مہینے کی آمد پر اداس ہو گئیں۔ حنا خواجہ بیات نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر وطنِ عزیز کی آزادی کے مہینے کی آمد پر ملک کی موجودہ صورتحال پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ 'کتنے اگست دیکھے ہیں اس زندگی نے پر کبھی ایسا اداس اگست نہیں دیکھا۔ انہوں نے لکھا کہ 'جو بچے اپنا گھر پاکستان کے جھنڈے اور جھنڈیوں سے سجایا کرتے تھے وہ اب پاکستان چھوڑنا چاہتے ہیں۔

اداکاری اور ماڈلنگ سے طب کا شعبہ زیادہ پسند: شائستہ لودھی

لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان شائستہ لودھی نے کہا ہے کہ مجھے اداکاری اور ماڈلنگ کی نسبت طب کا شعبہ زیادہ پسند ہے، میں نے ٹی وی پر بڑا کام کیا ہے مگر جو روحانی سکون انسانیت کی خدمت میں ہے اسے لفظوں میں بیان نہیں کر سکتی۔ ایک انٹرویو میں شائستہ لودھی نے کہا کہ اگر مجھے شوبز اور طب کے شعبے میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑے تو میں طب کے شعبے کو ترجیح دوں گی اور میرے قریب دوست اس سے آگاہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے جب بھی فرصت ملتی ہے شوبز میں کام کرتی ہوں لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو آپ کی شخصیت کے مطابق کردار بھی ملے۔

فلم انڈسٹری بحالی کیلئے نئے موضوعات ڈھونڈنا ہونگے: چاہت علی

رائے ونڈ (این این آئی) خوبرو اداکارہ چاہت علی نے کہا ہے کہ فیصل آباد کی دھرتی نے بے شمار فنکار پیدا کئے ہیں فن اور فنکاروں کو فیصل آباد نے جتنی پذیرائی دی ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ ''این این آئی'' سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے چاہت علی نے کہا کہ مجھے فیصل آباد سے جو شہرت ملی میں ہمیشہ اہل فیصل آباد کی معترف رہی ہوں، فلم ''میرا کیا قصور تھا'' میں مرکزی کردار ادا کر رہی ہوں اور مجھے قوی امید ہے کہ میں اپنے مداحوں کی امیدوں پر پورا اتروں گی۔ ایک سوال کے جواب میں چاہت علی نے کہا کہ فلمسازوں کو چاہیے کہ پاکستان فلم انڈسٹری کی بحالی کیلئے نئے موضوعات ڈھونڈیں، یکسانیت کا شکار فلموں سے فلم بین سینما گھر آنا چھوڑ گئے ہیں، ناراض فلم بینوں کو واپس لانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ نئے موضوعات، معاشرتی مسائل پر فلمیں بنائی جائیں۔

میں نے اسٹیج پر جو بھی سٹائل دیا وہ میری پہچان بن گیا، امانت چن

لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈین اداکار امانت چن نے کہا ہے کہ میں نے اسٹیج پر جو بھی سٹائل دیا وہ میری پہچان بن گیا، کرکٹ سے جنون کی حد تک لگاؤ تھا اور ہے۔ ایک انٹرویو میں امانت چن نے کہا کہ میرے نام کے ساتھ چن کا اضافہ کس نے کیا مجھے آج تک معلوم نہیں ہو سکا لیکن جس نے بھی مجھے یہ نام دیا اس نے یقیناً بڑا سوچ سمجھ کر یہ نام دیا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اسٹیج پر ہمیشہ صاف ستھرا کام کیا ہے اور یہی میری پہچان ہے۔ جگت کے ساتھ میری مختلف حرکات و سکنات کو بھی پسند کیا جاتا ہے، میں نے اسٹیج پر جو بھی سٹائل دیا وہ میری پہچان بن گیا۔ امانت چن نے کہا کہ میرے آباؤ اجداد جو کام کرتے ہیں میں نے اسے فراموش نہیں کیا بلکہ میں نے بھی وہ کام کیا ہے، مجھے کرکٹ سے جنون کی حد تک لگاؤ تھا اور ہے اور سمجھ لیں کرکٹ میری کمزوری ہے۔

الیانا ڈی کروز کے ہاں بیٹے کی ولادت، انسٹاگرام پر تصویر شیئر کر دی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی پرکشش اداکارہ الیانا ڈی کروز کے یہاں بیٹے کی ولادت ہوئی ہے۔ اداکارہ نے بیٹے کا نام کوفینکس دولان رکھا ہے، فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ویب سائٹ انسٹاگرام پر نومولود کی پہلی تصویر بھی شیئر کی کر دی۔ ان کی پوسٹ پر نرگس فخری اور اتیا شیٹی نے مبارک باد پیش کی۔ الیانا نے لکھا کہ بیٹے کے آنے کی خوشی لفظوں میں بیان نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے اپریل میں اپنے حاملہ ہونے کی اطلاع دی تھی، پچھلے مہینے انہوں نے اپنے بوائے فرینڈ کے ساتھ پہلی بار تصویر بھی شیئر کی تھی۔

قومی ٹیم بھارت بھیجنے کا فیصلہ

ICC CRICKET WORLD CUP INDIA 2023

پاکستان سمجھتا ہے بھارت سے دوطرفہ تعلقات کو عالمی کھیلوں کے بارے میں ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے

ہمارا متواتر کہنا ہے کہ کھیلوں کو سیاست کی نذر نہیں کیا جانا چاہیے، کرکٹ ٹیم کو عالمی کپ 2023ء میں شرکت کیلئے بھارت بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے: ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی جانب سے آئی سی سی ورلڈ کپ 2023ء کیلئے قومی کرکٹ ٹیم کو بھارت بھیجنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہمارا متواتر کہنا ہے کہ کھیلوں کو سیاست کی نذر نہیں کیا جانا چاہیے، کرکٹ ٹیم کو عالمی کپ 2023ء میں شرکت کیلئے بھارت بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے، پاکستان سمجھتا ہے بھارت سے دوطرفہ تعلقات کو عالمی کھیلوں کے بارے میں ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں رکاوٹ نہیں بننا چاہیے، پاکستان کا فیصلہ تعمیری اور ذمہ دارانہ رویے کا عکاس ہے۔ دفتر خارجہ کا مزید کہنا ہے کہ بھارت نے متعصبانہ رویے کی وجہ سے ایشیاء کپ کیلئے اپنی کرکٹ ٹیم کو پاکستان بھیجنے سے انکار کیا تھا، پاکستان کو اپنی کرکٹ ٹیم کی سلامتی کے بارے میں گہری تشویش ہے، پاکستان اپنے خدشات بین الاقوامی کرکٹ کونسل اور بھارتی حکام تک پہنچا رہا ہے، امید ہے پاکستان کرکٹ ٹیم کے دورہ بھارت کے دوران مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔

رمیز کی سری لنکن گلوکارہ کیساتھ گانا مانیکے گانے کی کوشش، ویڈیو وائرل

کولمبو (این این آئی) پاکستان کے سابق کپتان رمیز راجا کی جانب سے سری لنکن گلوکارہ کیساتھ مشہور گانا مانیکے گانے کی کوشش کی گئی جس کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ رمیز راجا نے سری لنکا میں معروف لنکن گلوکارہ یوہانی کے ساتھ ان کے مشہور زمانہ گانے مانیکے مگے ہتھے گنگنانے کی کوشش کی۔ رمیز راجا اور یوہانی کی یہ دلچسپ ویڈیو لنکا پریمیئر لیگ کے ٹوئٹر اکاؤنٹ سے شیئر کی گئی جواب سوشل میڈیا کے کئی پلیٹ فارمز پر وائرل ہے۔ ویڈیو کے کیپشن میں لکھا گیا کہ یہ ایک بیٹنگ لیجنڈ ہیں تاہم رمیز راجا کی گلوکاری کی مہارت یوہانی کے ساتھ کتنی اچھی ہے؟ کیا رمیز یوہانی کو چیلنج کر سکتے ہیں؟ واضح رہے کہ یوہانی لنکا پریمیئر لیگ کی سفیر ہیں، 2020 میں ان کا گانا مانیکے مگے ہتھے پاکستان اور بھارت سمیت دنیا بھر میں مقبول ہوا تھا، 2022 میں اس گانے کو بالی وڈ فلم 'تھینک گاڈ' میں شامل کیا گیا تھا، گانے کی ویڈیو میں سدھارتھ ملہوترا اور نورا فتحی تھے۔ یہ گانا سری لنکا کی سنہالی زبان میں گایا گیا ہے، لیکن اس کی دھن اتنی شاندار ہے کہ ہر سننے والے کو اپنی جانب کھینچ لیتی ہے۔ خیال رہے کہ رمیز راجا کی پاکستان اور سری لنکا کے درمیان حال ہی میں ختم ہونے والی ٹیسٹ سیریز میں بطور کمنٹیٹر واپسی ہوئی ہے۔ سابق اوپنر ستمبر 2021 سے کمنٹری باکس سے دور تھے کیونکہ وہ تین سال کی مدت کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین منتخب ہوئے تھے۔

باکسر عامر کی اہلیہ کو قیمتی گاڑی کا تحفہ دیکر منانے کی کوشش

فریال کا چہرہ تاثرات بتا رہا، عامر کی شیئر ویڈیو پر برطانوی میڈیا کا دلچسپ تبصرہ

لندن (این این آئی) پاکستانی نژاد برطانوی باکسر عامر خان نے ماڈل گرل سمیرا سے اسکینڈل سامنے آنے کے بعد ناراض اہلیہ فریال مخدوم کو منانے کے لیے انہیں قیمتی گاڑی کا تحفہ دے دیا۔ عامر خان کی سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی پوسٹ کے مطابق انہوں نے اہلیہ فریال مخدوم کو دبئی میں جی ویگن اسٹائل کی جدید گاڑی بطور تحفہ دی، معروف برانڈ کی گاڑی کی مالیت ایک لاکھ 30 ہزار پاؤنڈز ہے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق عامر خان کا حال ہی میں ایک ماڈل گرل کو پیغامات کے تبادلے کا اسکینڈل سامنے آیا تھا۔ اسکینڈل سامنے آنے پر فریال مخدوم خان عامر خان سے ناراض تھیں، عامر خان نے قیمتی گاڑی کا تحفہ دے کر معاملات کو اچھا کرنے کی کوشش کی ہے تاہم فریال مخدوم نے گاڑی میں بیٹھ کر خوشگوار تاثرات کا مظاہرہ نہیں کیا۔ عامر خان نے سوشل میڈیا پر گاڑی کی ویڈیو بھی اپ لوڈ کی، ویڈیو میں فریال مخدوم خان کے چہرے کے تاثرات کو دیکھا جا سکتا ہے۔ عامر خان نے سوشل میڈیا پیغام میں لکھا کہ فریال کو جی ویگن اسٹائل گاڑی پسند ہے، میں یہ گاڑی دیکر فریال کو حیران کرنا چاہتا تھا، مجھے امید ہے کہ فریال کو گاڑی پسند آئے گی۔ برطانوی میڈیا نے تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ فریال مخدوم کے چہرے کے تاثرات تعلقات کی تمام کہانی بتا رہے تھے۔ عامر خان پر برطانوی نشریاتی ادارے کی پریزنٹر سوزی من نے بھی ہراساں کرنے کے الزامات لگائے۔ پریزنٹر نے دعویٰ کیا کہ عامر خان نے ایک کنسرٹ میں ملاقات کے بعد رابطے کی کوشش کی۔

آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ 14 اگست سے راولپنڈی میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن نے آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ 14 اگست سلیپور سٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گی، انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں آٹھ مختلف کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز، مینز ڈبلز، لیڈیز سنگلز، ایجوکیٹر، ڈیف، ٹیم ایونٹ، انٹر یونیورسٹی اور انٹر سکول کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں

آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارتی سیکیورٹی ادارے پریشان دکھائی دینے لگے

دبئی (این این آئی) آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ میں بھارتی سیکیورٹی ادارے پریشان دکھائی دینے لگے، بھارتی میڈیا کے مطابق کولکتہ پولیس پاکستان اور انگلینڈ میچ کیلئے مکمل سیکیورٹی دینے سے قاصر ہے۔ کولکتہ پولیس نے کرکٹ ایسوسی ایشن بنگال سے رابطہ کر کے کہا کہ کالی پوجا کی وجہ سے میچ کیلئے سیکیورٹی کی فراہمی مسئلہ ہوگا۔ واضح رہے کہ ورلڈ کپ میں پاکستان اور انگلینڈ کو 12 نومبر کو کولکتہ میں میچ کھیلنا ہے۔ صدر کرکٹ ایسوسی ایشن آف بنگال کے مطابق ہمیں میچ ری شیڈول کرنے کے بارے میں باضابطہ طور پر نہیں کہا گیا۔ ادھر بھارتی میڈیا نے کہا کہ احمد پولیس نے بھی نوراتری کی وجہ سے 15 اکتوبر کو پاک بھارت میچ میں سیکیورٹی سے معذوری ظاہر کی تھی۔

عباس آفریدی کی ہٹ ٹرک نے مانٹریال ٹائیگرز کو فائنل میں پہنچا دیا



برامپٹن (این این آئی) گلوبل ٹی 20 کینیڈا کے کوالیفائر 2 میں مونٹریال ٹائیگرز نے وینکوور نائٹس کو شکست دیکر فائنل میں جگہ بنالی۔ عباس آفریدی نے 29 رنز دیکر 5 وکٹیں حاصل کیں جن میں ایک ہیٹ ٹرک اور شیرفین رودرفورڈز (*48) کی آخری اوور زکی شاندار اننگز بھی شامل تھی جس کی بدولت ٹائیگرز نے فتح حاصل کی، اس وقت میچ کی 3 گیندیں باقی تھیں۔ مونٹریال ٹائیگرز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا، وینکوور نائٹس نے ورتیا راوند (7) کو جلد ہی کھونے کے باوجود اننگز کا مستحکم آغاز کیا، پاور پلے کے اختتام پر نائٹس کا اسکور ایک وکٹ کے نقصان پر 35 رنز تھا اس موقع پر محمد رضوان (39) اور کوربن بوش (36) نے 57 رنز کی ایک اور اہم شراکت قائم کی تاہم اچانک صورتحال اس وقت تبدیل ہوئی جب نائٹس نے کچھ ہی گیندوں پر 4 وکٹیں کھو دیں، 90 کے اسکور 1 وکٹ گری تاہم پھر عباس آفریدی نے پہلے کوربن بوش اور پھر نے اگلی ہی دو گیندوں پر راسی وان ڈیر ڈوسن اور نجیب اللہ زدران کو آؤٹ کر کے ہیٹ ٹرک مکمل کر لی۔ اگلے اوور کی پہلی گیند پر محمد رضوان (39) بھی ایان افضل خان کے ہاتھوں آؤٹ ہوئے، اس کے بعد 10 سالہ فابین ایلن عباس آفریدی کا دن کا پانچواں شکار بنے، وینکوور نائٹس نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 137 رنز بنائے۔ جواب میں ٹائیگرز نے دھماکہ خیز آغاز کیا۔ محمد وسیم (13) نے پہلے اوور میں دو چھکے لگائے جس کے بعد انہیں کوربن بوش نے آؤٹ کیا، کرس لین (7)، سریما نتھا وجئے رتنے (6) اور دلپریت سنگھ (2) اس کے فوراً بعد آؤٹ ہوئے۔ پاور پلے کے اختتام پر ٹائیگرز نے 4 وکٹیں کھو کر 37 رنز بنائے تھے۔ آخری اوور میں 15 رنز درکار تھے اور صرف ایک وکٹ باقی تھی، شیرفین رودرفورڈ نے ریان پٹھان کو لگاتار تین چھکے لگا کر ٹائیگرز کو سنسنی خیز فتح دلا دی۔

محکمہ یوتھ افیئرز کے تعاون سے پروگرام ''جستجو'' لانچ کر دیا گیا

پروگرام ''جستجو'' جشن آزادی کا بڑا تحفہ ہے رضا کار ٹیموں کو باقاعدہ نصاب اور ٹریننگ دے کر فیلڈ میں بھیجا جا رہا، مشیر کھیل

سکول کی سطح پر سماجی ذمہ داری اور کردار سازی کی باقاعدہ تربیت کی اشد ضرورت ہے: سیکرٹری سپورٹس شاہد زمان

رضا کار ٹیمیں چھوٹے گروپس کی صورت میں ایک ہفتہ سکولوں میں گزاریں گی، ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر کا تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) جشن آزادی منانے کا بہترین انداز میں منانے کے لئے وطن عزیز کے عوام کو بہترین تحفہ دے دیا گیا ہے محکمہ یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس کے تعاون سے لاہور میں تاریخ کا سب سے بڑا سماجی ذمہ داری کا رضا کار پروگرام "جستجو" لانچ کر دیا گیا، رضا کار پروگرام لمز یونیورسٹی، محکمہ یوتھ افیئرز، ڈی سی لاہور اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اشتراک سے لانچ کیا گیا مشیر کھیل و امور نوجوان وہاب ریاض، سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب شاہد زمان اور ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر نے ٹریننگ سیشن میں رضا کاروں کے جذبے کو سراہا مشیر کھیل و امور نوجوان وہاب ریاض نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ رضا کار ٹیموں کو باقاعدہ نصاب اور ٹریننگ دے کر فیلڈ میں بھیجا جا رہا ہے۔ سکولوں میں طلباء کی کردار سازی کے لیے باقاعدہ نصاب ترتیب دیا گیا ہے۔ رضا کار سکولوں میں سماجی ذمہ داری اور طلباء کی کردار سازی کا کام کریں گے۔ سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب شاہد زمان نے کہا ہے کہ ہم نصابی سرگرمیوں کے ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں بھی بہت ضروری ہیں جشن آزادی کے موقع پر "جستجو" کا لانچ کرنا ایک بہترین اقدام ہے، سکول کی سطح پر سماجی ذمہ داری اور کردار سازی کی باقاعدہ تربیت کی اشد ضرورت ہے۔ ڈی سی لاہور رافعہ حیدر نے کہا ہے کہ 1175 رضا کار اساتذہ بچوں کو تحمل، بردباری، قانون کی پاسداری، شہری ذمہ داری کی تربیت دیں گے۔ 1175 رضا کار اساتذہ بچوں کو محفوظ خوراک، بنیادی حفظان صحت اور متوازن غذا کا درس بھی دیں گے۔ رضا کار ٹیمیں چھوٹے گروپس کی صورت میں ایک ہفتہ سکولوں میں گزاریں گی بچپن میں غیر نصابی طریقوں سے بچوں کی تربیت انہیں بہترین شہری بناتی ہے۔ رضا کاروں کا کام جشن آزادی کے موقع پر پاکستان کے لیے ایک تحفہ ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ میں آئندہ ہفتے اہم فیصلوں کا امکان ہے

پروگرام ''جستجو'' جشن آزادی کا بڑا تحفہ ہے رضا کار ٹیموں کو باقاعدہ نصاب اور ٹریننگ دے کر فیلڈ میں بھیجا جا رہا، مشیر کھیل

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) میں آئندہ ہفتے اہم فیصلوں کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی ذکا اشرف آئندہ ہفتے کرکٹ ٹیکنیکل کمیٹی کے فیصلوں اور تجاویز کی منظوری دیں گے، پی سی بی نے انضمام الحق کو چیف سلیکٹر بننے کی پیشکش کی ہے۔ قومی ٹیم کے ڈائریکٹر مکی آرتھر اور ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن کی سلیکشن کمیٹی میں شمولیت کا بھی امکان ہے، افغانستان کے خلاف سیریز اور ایشیا کپ کیلئے سکواڈز کا اعلان بھی آئندہ ہفتے کے دوران متوقع ہے۔

پیٹ کمنز کی غیر موجودگی میں نئے آسٹریلوی کپتان کے سامنے آنے کا امکان

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی ٹیم کے کپتان پیٹ کمنز کی غیر موجودگی میں نئے کپتان کے سامنے آنے کا امکان ہے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق جنوبی افریقا اور بھارت کے دورے کیلئے نئے کپتان کا اعلان کیا جا سکتا ہے، پیٹ کمنز کی غیر موجودگی میں نیا وائٹ بال کپتان ہوگا۔ کپتان پیٹ کمنز آخری ایشیز ٹیسٹ میں کہنی کی انجری کا شکار ہو گئے تھے، انجری کے باعث پیٹ کمنز جنوبی افریقا کا دورہ نہیں کریں گے، پیٹ ممکنہ طور پر ورلڈ کپ سے قبل بھارت کے خلاف تین ون ڈے میچز میں آرام کریں گے۔

لیونل میسی سے دستخط مانگنے والا شخص نوکری سے فارغ



میڈرڈ (این این آئی) اسٹیڈیم میں صفائی ستھرائی کرنے والے شخص کو ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی سے دستخط مانگنے پر نوکری سے نکال دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی انٹر میامی اسٹیڈیم میں صفائی کرنے والوں میں سے کولمبیا سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کرسچن سلاماٹکا نے لیونل میسی سے اپنی شرٹ پر دستخط کرنے کو کہا جس کی انہوں نے رضا مندی ظاہر کر دی لیکن اس کے باوجود کرسچن سلاماٹکا کو نوکری سے نکال دیا گیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کرسچن سلاماٹکا میامی میں ڈیڑھ سال سے مقیم ہے اور وہ کھیلوں کی تقریبات اور کانسرٹس میں صفائی ستھرائی کرنے والی کمپنی کے ساتھ کام کرتا ہے۔ کرسچن نے ارجنٹائن کے ایک اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ میں بس گیراج کے حصے میں واقع بیت الخلاء کی صفائی کا کام کرتا ہوں، خوش قسمتی سے جب بس پہنچی اور کھلاڑی روانہ ہوئے تو میں وہاں موجود تھا۔ انہوں نے کہا کہ بس میں موجود آخری کھلاڑی لیونل میسی تھے تو میں نے چیخ کر کہا ہیلو، ورلڈ چیمپئن اور جب لیونل میسی میری طرف مڑ کر میری قمیص پر دستخط کرنے آئے تو سیکیورٹی اہلکار فوراً وہاں پہنچ گئے اور انہوں نے مجھے نوکری سے نکال دیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق لیونل میسی نے کرسچن کی شرٹ پر دستخط کر دیے تھے جو اس نے اپنے یونیفارم کے نیچے پہنی ہوئی تھی۔

دو روز کوچنگ اینڈ اوریئنٹیشن کورس آج سے شروع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام دو روز کوچنگ اینڈ اوریئنٹیشن کورس (آج)، پیر، 7 اگست سے منی سپورٹس کمپلیکس، ناظم آباد کراچی میں شروع ہوگا۔ پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ کورس کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، کورس میں تھروبال، کیچ بال، جمپ اینڈ روپ سکیپنگ اور روک بال کے بنیادی ڈھانچے اور قوانین کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ان گیمز کے پریکٹیکل بھی کروائے جائیں گے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

ریفنڈز کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر، کریڈٹ فنانسنگ کے مسائل کو فی الفور حل کیا جائے' کارپٹ ایسوسی ایشن

بیرون ممالک پاکستانی مصنوعات کی تشہیر کیلئے خصوصی پویلینز کا قیام ناگزیر ہے' سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف نے کہا ہے کہ برآمدات بڑھانے کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے، عالمی مارکیٹ میں اپنا حصہ وصول کرنے کیلئے برآمدی مصنوعات کی مارکیٹنگ اور تشہیر کیلئے موثر حکمت عملی مرتب کرنا ہوگی جو حکومتی معاونت کے بغیر ممکن نہیں ،ریفنڈز کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر اور کریڈٹ فنانسنگ جیسے مسائل کو فی الفور حل کیا جائے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا میں پاکستان کی پہچان سمجھے جانے والی ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت حالیہ ایک سے ڈیڑھ دہائی میں شدید مشکلات سے دوچار ہوئی ہے جس کی قیمت ہم عالمی مارکیٹ میں اپنا حصہ کھونے کی صورت میں ادا کر رہے ہیں ۔ یہ ایسی صنعت ہے جس کا حکومت پر کسی طرح کا کوئی بوجھ نہیں بلکہ اس کے ذریعے نہ صرف دیہی علاقوں میں روزگار کی فراہمی ہو رہی ہے بلکہ برآمدات سے قیمتی زرمبادلہ بھی حاصل ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود اس صنعت کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا جا رہا ہے جو تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات کے فروغ کیلئے بیرون ممالک پاکستانی مصنوعات کی تشہیر کیلئے خصوصی پویلینز کا قیام ناگزیر ہے، سنگل کنٹری نمائشوں کا انعقاد کیا جائے ، پاکستان اور عالمی حالات کو پیش نظر رکھ کر تجارتی پالیسی تشکیل دے کر اہداف مقرر کئے جائیں ۔انہوں نے کہا کہ مختلف ممالک کی مارکیٹوں تک رسائی کیلئے وفود بھجوائے جائیں ،اگر حکومت اس پر عمل پیرا ہو جائے تو پاکستانی مصنوعات کو بیحد پذیرائی مل سکتی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کو انتہائی چیلنجز کا سامنا ہے جس کیلئے انہیں فوری طور پر سہولیات اور مراعات دی جانی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک نے کہا کہ موجودہ حالات کے تناظر میں نہ صرف برآمدات کو بنیاد بنا کر تجارتی پالیسی تشکیل دی جائے بلکہ ہر سیکٹر کیلئے اہداف مقرر کئے جائیں تا کہ ہماری معیشت کو سہارا مل سکے۔

پاکستان، چین فصلوں کے کیڑوں پر قابو پانے کے لیے مشترکہ لیب قائم کریں گے

پاکستان کیڑوں کے مسئلے سے بہت زیادہ متاثر ہے، سفید مکھی کپاس، لیموں، امرود کی فصلوں کو بری طرح متاثر کر رہی ہے

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد اور انسٹی ٹیوٹ آف پلانٹ پروٹیکشن، چائنیز اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنس نے فصلوں کے کیڑوں پر قابو پانے کے لیے پاک چین مشترکہ لیبارٹری کے قیام کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ دونوں فریق مشترکہ لیبارٹری کا کام شروع کریں گے اور فصلوں کے کیڑوں اور مربوط بیماریوں پر قابو پانے والی ٹیکنالوجیز پر ٹیسٹ اور مشترکہ تحقیق کریں گے جبکہ تکنیکی عملے کی تربیت اور تبادلے پر بھی کام کیا جائے گا۔ یو اے ایف کے شعبہ اینٹومولوجی کے چیئرمین پروفیسر محمد جلال عارف نے بتایا کہ پاکستان کیڑوں کے مسئلے سے بہت زیادہ متاثر ہے، سفید مکھی کپاس، لیموں، امرود کی فصلوں کو بری طرح متاثر کر رہی ہے، جب ہمارے پھل اور سبزیاں مشرق وسطی کے مختلف ممالک کو برآمد کی جا رہی ہیں تو بعض اوقات ان پھلوں پر مکھیوں اور کیڑے مار ادویات کی باقیات کی موجودگی کی وجہ سے انہیں مسترد کر دیا جاتا ہے۔ پاکستان میں رجسٹرڈ کیڑے مار ادویات کے 1,300 مالیکیولز میں سے ایک بھی مالیکیول سفید مکھی کو کنٹرول کرنے کے قابل نہیں ۔انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس گزشتہ 75 سالوں میں ہمارے پاس ایک پرانا نظام ہے جس پر آنے والے دنوں میں نظر ثانی کی جانی چاہیے۔ ڈائریکٹر آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن آف یو اے ایف پروفیسر محمد جعفر جسکانی کے مطابق یہ تعاون کلائمنٹ سمارٹ ایگریکلچر کے لیے پاکستان کی کوششوں کا حصہ ہے۔ آئندہ نسلوں کے لیے خوراک کو محفوظ بنانا ہوگا اور جینیاتی تبدیلی، بائیوٹیکنالوجی کا استعمال یہ وہ اقدامات ہیں جو دونوں ممالک میں خوراک کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

بطور قوم عملی طور پر خود انحصاری کی طرف سفر کیلئے از سر نو پالیسیاں ترتیب دی جائیں' اشرف بھٹی

مسائل کے حل اور مضبوط روابط کیلئے فوکل پرسن کا تقرر کیا جائے' مرکزی صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم بطور قوم عملی طور پر خود انحصاری کی طرف سفر کا آغاز کریں اور اس کے لئے از سر نو پالیسیاں ترتیب دی جائیں ، پالیسی ساز روایتی طریقوں سے ہٹ کر قومی آمدن کے نئے ذرائع تلاش کرنے اور معیشت کو پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے مشاورت کا عمل شروع کریں ۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ ادرے معیشت کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے تاجروں کے مسائل حل کرنے کی طرف توجہ دیں ، پاکستان کی تاجر برادری نا مساعد حالات کے باوجود معیشت کو رواں دواں رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے لیکن ان کے دیرینہ مسائل کے حل کی طرف کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ حکومت سے کئی سالوں سے مطالبہ کرتے چلے آ رہے ہیں کہ مسائل کے حل اور مضبوط روابط کے لئے فوکل پرسن کا تقرر کیا جائے لیکن ہمارے مطالبے کی شنوائی نہیں ہو سکی۔

لاہور: چھٹی کے روز لنڈا بازار سے خریداری کر رہے ہیں

حکومت خواتین سرمایہ کاروں کو بہترین مواقع فراہم کر رہی: ایس ایم تنویر

حکومت صوبے میں کاروباری اور تجارتی مواقع کی فراہمی کے لئے موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے: صوبائی وزیر صنعت وتجارت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر سے ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ساہیوال کی صدر حمیرا بخاری نے ملاقات کی، وزیر اعلیٰ آفس میں ہونے والی ملاقات میں کاٹیج انڈسٹری کے فروغ اور خواتین سرمایہ کاروں کی معاشی سرگرمیوں پر بات چیت ہوئی، ڈی جی انڈسٹریز عائشہ حمید اور ایڈیشنل سیکرٹری کامرس بھی ملاقات میں موجود تھے، صدر ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ساہیوال حمیرا بخاری نے مطالبہ کیا کہ ساہیوال میں لیڈیز کلب کو خواتین سرمایہ کاروں کو اپنی معاشی سرگرمیوں کے لئے استعمال میں لانے کی اجازت دی جائے، صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صوبے میں کاروباری اور تجارتی مواقع کی فراہمی کے لئے موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، خواتین سرمایہ کاروں کو بھی ان کی معاشی سرگرمیوں کے لئے بہترین مواقع دیئے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ خواتین کی ترقی اور انہیں بااختیار بنائے بغیر ملک کی حقیقی ترقی کا خواب ادھورا رہے گا، صوبائی وزیر نے ڈی جی انڈسٹریز کو ہدایت کی کہ لیڈیز کلب کے خواتین سرمایہ کاروں کو اپنی معاشی سرگرمیوں کے لئے استعمال میں لانے کی اجازت کے حوالے سے کمشنر ساہیوال سے بات کی جائے، ایس ایم تنویر نے کہا کہ اگر یہ ماڈل کامیاب رہا تو اسے پورے صوبے میں اپنایا جائے گا۔

لاہور: ایک اوور رکشے والا بغیر حفاظتی تدابیر لوہے کا راڈ رکھے جا رہا ہے جو کسی بھی ناخوشگوار حادثے کا سبب بن سکتا ہے

اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ٹیکس نظام کی ری سٹرکچرنگ ناگزیر ہے' طارق محمود

انڈسٹریل آؤٹ پٹ سوا گیارہ فیصد پر آنا خطرے کی گھنٹی ہے' سینئر ممبر لاہور ٹیکس بار، سابق چیئرمین سیلز ٹیکس ریفنڈز کمیٹی

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار کے سینئر ممبر و سابق چیئرمین سیلز ٹیکس ریفنڈز کمیٹی طارق محمود میو نے کہا ہے معاشی استحکام لانے کیلئے ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا ہوگا، اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ٹیکس نظام کی ری سٹرکچرنگ ناگزیر ہے ،طویل المدت پالیسیوں کی بجائے ایڈ ازم نے معیشت سمیت ہر شعبے کو تباہ کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکس بار کے ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فرمان الٰہی ،عرفان خان، ارشد قصوری، آس محمد، محمد ندیم، فرحان خان، عبدالحق ،بکرم خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 80 بلین ڈالر کی امپورٹ کا 54 بلین ڈالر کی سطح پر خوش آئند ہے لیکن دیکھا جائے کہیں یہ کمی صنعتی خام مال کی امپورٹ میں کمی سے تو ممکن نہیں ہوئی ۔ نا مساعد حالات کی وجہ سے صنعتکار خام مال امپورٹ کرنے کی بجائے اپنی فیکٹریاں بند کرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ حکومت نے امپورٹ کا بل کم کرنا ہے تو لگژری مصنوعات کی امپورٹ پر پابندی عائد کرے یا ان پر غیر معمولی ڈیوٹیز عائد کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آج انڈسٹریل آؤٹ پٹ سوا گیارہ فیصد رہ گیا ہے جو الارمنگ صورتحال ہے ،ابھی بھی وقت ہے لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کے ساتھ مراعات دے کر سال میڈیم انڈسٹری کو پروموٹ کیا جائے۔

چین کی ہیبی ووکیشنل یونیورسٹی آف انڈسٹری اینڈ ٹیکنالوجی تعاون سے داخلوں کی پیشکش

4 سالہ پروگرام میں آخری سال چین میں 1 سالہ پروگرام کے لئے مکمل مالی معاونت دی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد نے چین کی ہیبی ووکیشنل یونیورسٹی آف انڈسٹری اینڈ ٹیکنالوجی تعاون سے بی ایس سی مکینیکل انجینئرنگ ٹیکنالوجی میں داخلوں کی پیشکش کی ہے۔ یونیورسٹی کی طرف سے جاری کردہ داخلہ نوٹس کے مطابق 4 سالہ پروگرام میں آخری سال چین میں 1 سالہ پروگرام کے لئے مکمل مالی معاونت حاصل ہوگی ۔ این ایس یو نے مکینیکل انجینئرنگ ٹیکنالوجی میں مشترکہ ڈگری پروگرام کے لیے ایچ وی یو آئی ٹی کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ پروگرام کے تحت آخری سال کے طالب علم ایک سال چین میں گزاریں گے۔ یونیورسٹی کے مطابق ایک سالہ صنعتی تربیت کو چینی حکومت کی طرف سے مکمل طور پر فنڈز فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت طلبا مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس سمیت جدید صنعتی ٹیکنالوجیز سیکھ سکیں گے۔ این ایس یو ایک غیر منافع بخش پبلک سیکٹر یونیورسٹی ہے جسے وفاقی حکومت نے قائم کیا ہے۔

جڑانوالہ، گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی برائے خواتین جڑانوالہ میں برائے آگاہی داخلہ مہم سیمینار کا انعقاد

جڑانوالہ (نامہ نگار) گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی برائے خواتین جڑانوالہ میں برائے آگاہی داخلہ مہم سیمینار کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی برائے خواتین جڑانوالہ میں برائے آگاہی داخلہ مہم ڈی ڈی ای سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں مختلف سکولز کی میٹرک پاس طالبات اور ان کی اساتذہ اور والدین نے بھی شرکت کی۔ پرنسپل ادارہ نے داخلہ مہم کے بارے میں طالبات کو آگاہ کیا اور ڈی ڈی ایم کے ڈپلومہ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ٹیکنیکل ایجوکیشن کے لیے طالبات کو ٹیکنیکل کالجز میں ٹیکنیکل شعبہ جات میں داخلہ لینے پر زور دیا۔ سیمینار میں علاقہ کے مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والی طالبات، والدین سمیت کثیر تعداد نے شرکت کی۔

ایس ڈی او رانا محمد بنیامین کے والد محترم کے انتقال پر فیسکو افسران کا اظہار تعزیت

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ڈی او رانا محمد بنیامین کے والد محترم کے انتقال پر فیسکو افسران کا اظہار تعزیت تفصیلات کے مطابق ایس ڈی او کنسٹرکشن ڈویژن فیسکو جھنگ رانا محمد بنیامین کے والد محترم انتقال کر گئے تھے ان کی وفات پر ڈائریکٹر ایس اینڈ آئی فیسکو ریجن فیصل آباد سید سلیم شاہ، ایس ای فیسکو جھنگ، ٹوبہ سرکل محمد افضل کاٹھیا، ایڈیشنل سپرنٹنڈنگ انجینئر ٹوبہ ڈویژن مدثر علی شیخ، ڈپٹی کمرشل منیجر محمد مسعود افضل، ایکسیئن سلطان باہو ڈویژن شورکوٹ کلیم اللہ، ایکسیئن کنسٹرکشن ڈویژن جھنگ ملک لیاقت علی اعوان ،حاجی محمد عمران بلوچ جھنگ سرکل، آصف رشید جھنگ ڈویژن فرسٹ اور چیئرمین کھیوہ سب ڈویژن صفدر نواز ڈب نے اپنے تعزیتی پیغام میں گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے بلندی درجات ، دعائے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر وجمیل کی دعا کی ہے۔

ڈسکہ نامعلوم چور چار موٹر سائیکلیں چوری کر کے لے گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور چار موٹر سائیکلیں چوری کر کے لے گئے تھانہ موترہ کے علاقہ جاکے چیمہ کا شمعون' سیوکی کا کاشف' کوٹلی خانوں کا آصف اور جنڈ وساہی کا ظہیر اپنی اپنی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کر کے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

سانگلاہل: سینئر صحافی قیصر رضا کی ساس انتقال کر گئیں

سانگلاہل (تحصیل رپورٹر) پریس کلب تحصیل سانگلہ (رجسٹرڈ) کے سینئر ممبر اور ایمرا کے انفارمیشن سیکرٹری قیصر رضا کی ساس رضائے الٰہی سے وفات پا گئی مرحومہ کی وفات کی وجہ ہارٹ اٹیک بنی جو کہ جان لیوا ثابت ہوا انکی نماز جنازہ عیدگاہ والی جنازگاہ میں ادا کی گئی انہیں مقامی عیدگاہ والے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں سیاسی سماجی شخصیات صحافیوں اور معززین حلقہ کی کثیر دار نے شرکت کی۔

پرائس کنٹرول مجسٹریس خود ساختہ مہنگائی کرنیوالوں کیخلاف کارروائیاں عمل میں لائیں

کمیٹی کی جانب سے مقرر کی جانے والی سبزیوں وفروٹ کی لسٹ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے من مرضی کے نرخوں پر فروخت شروع کر کھی ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کی سبزی و فروٹ منڈی میں متعدد سبزیوں اور فروٹ کی قیمتوں میں اضافہ ۔ سرکاری ریٹ لسٹ اور بازاروں میں فروخت ہونے والی سبزیوں کی قیمتوں میں واضح فرق۔ تفصیلات کے مطابق دکانداروں نے مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے مقرر کی جانے والی سبزیوں وفروٹ کی لسٹ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے من مرضی کے نرخوں پر فروخت شروع کر کھی ہے، اس طرح پیاز درجہ اول کا سرکاری نرخ 52 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ بازار میں کس پیاز 65 روپے فی کلو فروخت کئے جا رہیں ہے، ٹماٹر درجہ اول سرکاری قیمت 125 روپے مقرر ہے بازار میں 145 روپے، لہسن دیسی سرکاری نرخ 200 روپے مقرر ہے جبکہ بازاروں میں 250 روپے، ادرک تھائی لینڈ سرکاری ریٹ 895 روپے مقرر ہے لیکن بازاروں میں 950 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ سبز مرچ ریٹ لسٹ کے مطابق 75 روپے، جبکہ بازار میں 120، آلو 72 کے بجائے 80، ٹیموں سرکاری قیمت 160 اور بازار میں 70 1 روپے ، بھنڈی سرکاری نرخ 95 روپے مقرر ہے، بازار میں 120 روپے کلو بیچی گئی ، بینگن سرکاری ریٹ 125 روپے، بازار میں 135، بند گوبھی سرکاری قیمت 70 جبکہ مارکیٹ میں 80 روپے، شملہ مرچ سرکاری ریٹ 130 جبکہ مارکیٹ میں 150 روپے فی کلو فروخت ہوئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پرائس کنٹرول مجسٹریس خود ساختہ مہنگائی کر نیوالوں کیخلاف کارروائیاں عمل میں لائیں تا کہ مہنگائی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

چوہدری جاوید اسماعیل منڈا پر قاتلانہ حملہ، فائرنگ سے علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا

مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور مقدمہ درج کر لیا ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں

شرقپور شریف (نامہ نگار) رہنما پاکستان تحریک انصاف معروف سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری جاوید اسماعیل منڈا پر قاتلانہ حملہ، مخالفین کی دن دیہاڑے فائرنگ سے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا تفصلات کے مطابق آج صبح چوہدری جاوید اسماعیل منڈا اپنی کار پر ہمراہ اپنے بھتیجے چوہدری حسن فراز آبائی گاؤں نواں کوٹ نزد منڈی فیض آباد گئے تھے گھر واپسی کے لیے اپنی کار پر دونوں شرقپور شریف کی طرف نکلے تو راستے میں نواں کوٹ کے نزدیک ہی زین عرف زینی قوم رنگیلیا سکنہ ہیڑے ضلع ننکانہ صاحب مسلح پسٹل، ہمراہ 2 کس نامعلوم مسلح ریفل بسواری بیسی ٹریکٹر سامنے سے آتے ہوئے انہیں دیکھ کر سیدھی فائرنگ کر دی کار کی رفتار تیز ہونے سے فائر پچھلے شیشے پر لگا جبکہ چوہدری جاوید اسماعیل منڈا اور ان کا بھتیجا چوہدری حسن فراز معجزانہ طور پر محفوظ رہے ملزمان موقع واردات سے فرار ہو گئے وقوعہ کی اطلاع پولیس ایمرجنسی پر دی گئی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور مقدمہ درج کر لیا ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

پتوکی، انتظامیہ کی ملی بھگت سے پرافٹ مافیا غریب عوام کا خون چوسنے لگے، نوٹس لینے کا مطالبہ

دکانداروں کے خلاف سخت سے کاروائی عمل میں لائی جائے تا کہ غریب عوام کو بھی جینے کا بنیادی حق میسر ہو سکے

پتوکی (تحصیل رپورٹر) دیگر شہروں کی طرح پتوکی میں بھی انتظامیہ کی ملی بھگت سے پرافٹ مافیا غریب عوام کا خون چوسنے لگے، زندگی بچانے والی ادویات کی قیمتیں آسمان پر دیگر ضروریات زندگی کھانے پینے کی اشیاء خورد ونوش سبزیوں، دودھ دہی، دالوں، آٹے، پھلوں، چینی، چائے پتی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ سے غریب کی پہنچ سے دور کھانے پینے کی کوئی بھی اشیاء سرکاری نرخوں پر ملنا نایاب غریب عوام زندگی کے عذاب میں مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق دیگر شہروں کی طرح پتوکی میں بھی آٹے کی خود ساختہ مہنگائی شدد اختیار کرنے لگی زندگی بچانے والی ادویات کی قیمتیں غریب انسانوں کی پہنچ سے دور اسی طرح دیگر ضروریات زندگی کی کھانے پینے کی تمام تر اشیاء سبزی، دالیں، دودھ دہی، چینی، چائے پتی، پھلوں میں آے دن قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث دن بدن قیمتیں آسمان کو چھونے لگی دیگر مثالہ جات، کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ سے غریب کی قوت خرید سے باہر ہو گیا ہے ہر دوکاندار اور ریڑھی بان مارکیٹ کمیٹی کی نام نہاد سرکاری لسٹ کو نظر انداز کر کے من مانی قیمتیں وصول کر رہا ہے بے بس مجبور عوام مہنگی داموں خریدنے پر مجبور ہیں صحافتی سروے پر متاثرین شہریوں، عوامی، فلاحی، سماجی، سول سوسائٹی حلقوں نے اے سی پتوکی ڈی سی قصور ڈیوٹی مجسٹریٹس سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیکر خود ساختہ مہنگائی کو روکا جائے اور سرکاری نرخوں پر سبزیاں فروخت نہ کرنے والے دوکانداروں کے خلاف سخت سے کاروائی عمل میں لائی جائے تا کہ غریب عوام کو بھی جینے کا بنیادی حق میسر ہو سکے۔

عارف والا، ایستھیٹک کلینک کا افتتاح کر دیا گیا، حماد رضا جعفری

عارف والا (رانا ذیشان اسلم نمائندہ خصوصی) محکمہ تعلیم پنجاب کی پہچان چیمبر آف ایجوکیشن پاکستان کے مرکزی نائب صدر سید حماد رضا جعفری کے زیر انتظام گلشن اقبال کالونی میں ایستھیٹک کلینک کا افتتاح کر دیا گیا۔ شہر عارف والا کے معروف دینی جعفری گھرانے کے چشم وچراغ تعلیم دوست شخصیت حماد رضا جعفری کے زیر انتظام صحت سے وابستہ محکمہ صحت کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایستھیٹک کلینک کا سادہ و پروقار افتتاح کر دیا گیا جس میں سید حماد جعفری کی والدہ محترمہ نے افتتاحی ربن کاٹا اور دعائے خیر فرمائی یاد رہے ایستھیٹک کلینک میں سابقہ رجسٹرار شیخ زائد ہسپتال اسکن سپیشلسٹ ڈاکٹر عائشہ اکرم بیٹھیں گی اب عارف کے لوگوں کو اچھے ڈرمٹولوجسٹ کیلئے ساہیوال یا لاہور نہیں جانا پڑے گا۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا، ڈی ایس پی

پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے، میٹنگ میں انجمن تاجران سے خطاب

گجرات (ابوزر عمر قوت بیورو) ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او لالہ موسیٰ سرکل میاں محمد اکرم کی انجمن تاجران لالہ موسیٰ کے عہدے داروں کے علاوہ ایس ایچ او تھانہ سٹی لالہ موسیٰ انسپکٹر تنویر عباس بھٹی اور ایس ایچ او تھانہ صدر لالہ موسیٰ انسپکٹر صغیر احمد بھدر نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی لالہ موسیٰ کا کہنا تھا علاقہ سرکل لالہ موسیٰ سے چوروں، ڈاکوؤں، منشیات فروشوں، اور دیگر جرائم میں ملوث افراد کیخلاف تابڑ توڑ کاروائیاں جاری ہیں، پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت تیار ہے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

4 کروڑ تاوان کے عوض اغوا ہونیوالے زمیندار کو بازیاب کروالیا

دو ملزمان مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک، ملزمان کی نعشیں شرقپور سے ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ منتقل

شرقپور شریف (نامہ نگار) چار روز قبل شرقپور شریف کے علاقہ سے چار کروڑ روپے تاوان کے عوض اغوا ہونے والے زمیندار شمس القمر باجوہ کو بازیاب کروالیا گیا جبکہ دو مرکزی ملزمان مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک، اغوا برائے تاوان کے ہلاک ہونے والے ملزمان کی نعشیں شرقپور سے ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ منتقل کر دی گئیں۔ شمس القمر باجوہ جو بحریہ ٹاؤن کا رہائشی ہے اور انکا زرعی رقبہ شرقپور شریف کے نواحی علاقے چک نمبر 6/UCC اور چک نمبر 11/UCC میں واقع ہے مغوی چار روز قبل اپنی زمینوں پر آیا تھا مگر شام تک اس کا فون بن ہو گیا جس پر اس کے بیٹے محمد سلیم اختر باجوہ نے اپنے والد کی تلاش شروع کر دی اور سکھاں والا بنگلہ شرقپور شریف کے قریب ان کو اپنے والد کی گاڑی مل گئی اور انکے والد غائب تھے اسی دوران محمد سلیم باجوہ کو اغواکاروں کی جانب سے چار کروڑ تاوان کے بدلے والد کی رہائی کی کال موصول ہوئی جس کی اطلاع محمد سلیم نے تھانہ شرقپور شریف پولیس کو دی جس پر تمام ضلعی انتظامیہ حرکت میں آئی اور ایس ایچ او رائے عبدالحمید ہمراہ ٹیم وسکیورٹی اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں نے تین دن کے اندر اغواکاروں کا سراغ لگا کر دو مرکزی ملزمان کو گرفتار کر کے شمس القمر باجوہ کو باحفاظت بازیاب کروا لیا تاوان کی رقم ،گاڑی برآمد کر لی اور گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر آج صبح دوسرے ملزمان کو گرفتار کرنے کے لئے 11 چک UCC کے قریب پہنچے تو سامنے سے گرفتار ملزمان کے ساتھیوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دونوں مرکزی ملزمان ہلاک ہو گئے جن کی لاشوں کو شرقپور سے ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ منتقل کر دیا گیا جبکہ خصوصاً ایجنس بیورو کی ٹیم اور ڈی او محمد شہباز چیمہ کو اس کیس میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔

اے ایس آئی عقیل گجر پر ایف آئی آر درج، پولیس اپنے پیٹی بھائی کو گرفتار نا کر سکی

بدیانت عقیل گجر جو محکمہ پولیس کیلئے بدنما دھبہ ہیں اس کیخلاف محکمانہ اور قانونی کاروائی کرتے ہوئے میری دادرسی کی جائے، محمد ریاض



گوجرانوالہ (ابوبکر اولکھ) پنجاب پولیس کے اے ایس ائی عقیل گجر پر ایف آئی آر درج ،مگر تاحال پولیس اپنے پیٹی بھائی کو گرفتار نا کر سکی تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ کی ایف ائی آر نمبر 23/1200 بجرم 489 F کا ملزم جو پنجاب پولیس کا اے ایس ائی محمد عقیل گجر ولد عبدالعزیز قوم گجر سکنہ بھولا گجراں کوٹ شاہاں گوجرانوالہ کا رہائشی ہے جس میں مدعی مقدمہ محمد ریاض نے موقف اختیار کیا ہے کہ اے ایس آئی محمد عقیل گجر سے ساڑھے دس لاکھ روپیہ لینے ہیں، جس کا ملزم نے اپنا چیک بطور امانت دیا ہوا ہے، چیک کی تاریخ پر جب بینک میں چیک جمع کروایا گیا تو پیمنٹ نہ ہونے کی وجہ سے چیک ڈس آنر ہو گیا جس پر محمد عقیل گجر کو آگاہ کیا گیا عقیل گجر نے کہا کہ آپ کچھ دن نکال کر دوبارہ چیک کیش کروائیں اپ کا چیک کیش ہو جائے گا جب کچھ دنوں بعد دوبارہ چیک بینک میں جمع کروایا گیا مگر رقم نہ ہونے کی وجہ سے چیک ڈس آنر ہو گیا اور سلپ لگا کر بینک عملے نے چیک واپس کر دیا جس پر عقیل گجر کو آگاہ کیا گیا، پہلے تو عقیل گجر نے ٹال مٹول کرتا رہا پھر بعد میں صاف انکاری ہو گیا اور اپنی وردی کا روپ دکھاتے ہوئے سنگین نتائج اور جوجیلی مقدمات میں نامزد کرنے کی دھمکیاں دینے لگا، جس سے مجھے شدید پریشانی لاحق ہوئی ، میں نے متعلقہ تھانے درخواست دی مگر پولیس نے اپنے پیٹی بھائی کے خلاف کوئی بھی کاروائی نہ کی، پھر میں نے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا اور عدالت نے ایف آئی آر کے اڑ درجاری کیے۔

جہلم، امیر افضل نے ایس ایچ او احسن بٹ کو چوری کے مقدمے میں پھنسا لیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تھانہ منگلا کے سابق محرر امیر افضل نے ایس ایچ او احسن بٹ کو چوری کے مقدمے میں پھنسا لیا، انسپکٹر احسن بٹ شریف النفس اور اچھی شہرت کے مالک ہیں ، ڈی پی او جہلم خود انکوائری کر کے میرٹ پر فیصلہ کریں ،تفصیلات کے مطابق شہر کی سماجی ،رفاعی، فلاحی ،شہری ،صحافتی تنظیموں کے عمائدین نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ناصر محمود باجوہ سے مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ منگلا کے سابق محرر امیر افضل نے سازش کے تحت ایس ایچ او انسپکٹر احسن بٹ کا نام چوری کے مقدمے میں شامل کیا ہے حالانکہ احسن بٹ شریف انسان اور اچھی شہرت کا مالک ہے، شہری تنظیموں کے عمائدین کا کہنا ہے کہ محرر امیر افضل نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایس ایچ او احسن بٹ کو 20 ہزار روپے ادا کئے ہیں، جس سے محرر کی بدنیتی ظاہر ہوتی ہے، اور پتہ چلتا ہے کہ محرر ایس ایچ او انسپکٹر احسن بٹ کی شہرت کو نقصان پہچانے کے لیے بے بنیاد من گھڑت جھوٹا الزام عائد کر کے احسن بٹ کی شخصیت کو نقصان پہنچا رہا ہے۔

ڈسکہ، دو ملزمان نے جواں سالہ لڑکی کو اغوا کر لیا، مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو ملزمان نے جواں سالہ لڑکی کو اغوا کر لیا نواحی گاؤں میتر انوالی کے اکرم کی جواں سالہ بیٹی گھر سے باہر نکلی تو گھر واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو گاؤں کے لوگوں نے بتایا کہ تمہاری بیٹی کو ملزم عبدالرحمن اور ایک نامعلوم زبردستی اغوا کر کے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

''یوم شہدائے پولیس'' کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کے زیر اہتمام یوم شہدائے پولیس'' کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد۔ شہداء ہمارا فخر ہیں، قوم کے روشن کل کیلئے اپنا آج قربان کرنے والے عظیم سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں ک

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

درستگی نام

میرا اصل نام اشفاق احمد ہے غلطی سے محمد اشفاق لکھا گیا ہے آئندہ مجھے سرکاری کاغذات میں اشفاق احمد لکھا اور پکارا جائے اور سرکاری کاغذات میں درست کیا جائے۔المشتہر: اشفاق احمد ولد محمد فیروز سکنہ چبہ پرانا حکیماں والا تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔

درستگی نام

میرا اصل نام قیصر عمران ہے جبکہ غلط فہمی کی بنا پر یونین کونسل نمبر 22 موضع چک نمبر 18 شمالی میں قیصر درج ہوگیا ہے جبکہ میرے شناختی کارڈ پر قیصر عمران ہے جو کہ درست ہے آئندہ مجھے قیصر عمران کے نام سے لکھا اور پکارا جائے۔المشتہر: قیصر عمران ولد غلام حسین سکنہ تصور آباد داخلی چک نمبر 15 شمالی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

بقیہ 1 بقیہ جات

سے اتر گئیں۔اس حوالے سے ڈی ایس ریلوے محمود الرحمان کا کہنا ہے کہ نواب شاہ کے قریب ہزارہ ایکسپریس کی 10 بوگیاں پٹری سے اتریں، حادثے کے باعث اپ ٹریک پر ٹریفک معطل ہو [illegible] مسافر پھنسے ہوئے ہیں۔ڈی آئی او سانگھڑ عیس محمد کا کہنا ہے کہ حادثے میں جاں بحق 30 افراد اور 80 سے زائد زخمی مختلف اسپتال لائے گئے، 12 میتیں سرہاری کے دیہی صحت مرکز میں موجود ہیں جبکہ 7 میتیں پیپلز میڈیکل کالج نوابشاہ منتقل کی گئی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ 42 زخمی سرہاری مرکز صحت لائے گئے جبکہ 40 زخمیوں کو پی ایم سی نوابشاہ منتقل کیا گیا، سانگھڑ اور نواب شاہ ڈسٹرکٹ میں تمام اسپتالوں کو الرٹ کیا گیا ہے۔آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور ڈی جی رینجرز سندھ میجر جنرل اظہر وقاص کی ہدایت پر آرمی اور رینجرز کے دستے بھی امدادی کارروائیوں کے لیے جائے حادثہ پر پہنچ گئے ہیں۔متاثرہ ٹرین کے ڈرائیور راشد منہاس نے میڈیا کو بتایا کہ ٹریک بلکل ٹھیک تھا اور ٹرین 50 کلومیٹر فی گھنٹا کی رفتار پر تھی، حادثے کے مقام پر رفتار کی حد 105 کلو میٹر فی گھنٹہ تک مقرر ہے۔ٹرین ڈرائیور نے بتایا کہ ٹرین میں مجموعی طور پر 19 بوگیاں تھیں جس میں سے 10 حادثے کا شکار ہوئیں، ٹرین کو حادثہ ایک بج کر 15 منٹ پر پیش آیا۔وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے ہزارہ ایکسپریس کو پیش آنے والے ٹرین حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے 2 سے 3 دن باقی رہ گئے ہیں، خدشہ تھا کہ کوئی حادثہ نہ ہوجائے اور وہی ہوا۔سعد رفیق کا کہنا تھا پہلی ترجیح ریلیف آپریشن ہے اور پھر معاملے کی تحقیقات ہوں گی، ٹرین حادثہ تخریب کاری بھی ہو سکتا ہے اور ریلوے لائن میں مکینکل فالٹ بھی ہو سکتا ہے تاہم اس کا فیصلہ تحقیقات کے بعد ہوگا۔یاد رہے کہ دو روز قبل پڈعیدن میں بھی علامہ اقبال ایکسپریس کی دو بوگیاں پٹری سے اتر گئی تھیں۔

بقیہ 2 بقیہ جات

بحق 30 افراد کو جنت میں جگہ عطا فرمائے۔وزیر اعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ آج آپ کو اپنے قائد نواز شریف کا سلام پیش کرنا چاہتا ہوں، یہ عوامی سمندر اس بات کی گواہی دے رہا ہے اگلا وزیر اعظم نواز شریف ہوگا، آج تقریباً 263 ارب روپے کے منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا ہے، 260 کلو میٹر کی موٹروے بنے گی تو اس علاقے میں خوشحالی آئے گی، نواز شریف اس موٹروے کے معمار ہیں، انہوں نے ملک بھر میں موٹروے کا جال بچھایا۔انہوں نے کہا کہ 2008 میں 20،20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہوتی تھی، 2013 سے 18 کے درمیان بجلی کے اندھیرے ختم ہوئے، نواز شریف چین سے سی پیک لے کر آئے، سی پیک کے ذریعے پاکستان میں 30 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی، لاکھوں کی تعداد میں نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپس ملے، مجھ پر الزام لگتا تھا لیپ ٹاپس کے ذریعے نوجوانوں کو رشوت دے رہے ہیں، نوجوانوں کو لیپ ٹاپس نہ دوں تو کیا کلاشنکوف دے دوں۔وزیر اعظم شہباز شریف نے مزید کہا ہے کہ داسو، دیامر بھاشا ڈیم زیر تعمیر ہے ان کے معمار بھی نواز شریف ہیں، نواز شریف نے پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا، 5 دھماکوں کے مقابلے میں 6 دھماکے کر کے بھارت کے دانت کھٹے کیے، 5 ٹیلی فون کالز آئیں اور کہا گیا ایٹمی دھماکے نہ کریں 5 ارب ڈالر لے لیں، اس وقت کے 5 ارب ڈالر اس وقت کے 15 ارب ڈالر بن جائیں گے، نواز شریف نے کہا مجھے پاکستان کی بقا عزیز ہے۔دریں اثناء وزیر اعظم شہباز شریف نے ہائر ایجوکیشن کمیشن میں اراکین کے ناموں کی منظوری دے دی۔

بقیہ 3 بقیہ جات

نے کہا کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی جمہوری اصولوں کے احترام اور قانون کی حکمرانی کا کہتے ہیں۔واضح رہے کہ گزشتہ روز توشہ خانہ کیس میں اسلام آباد کی سیشن کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کو تین سال قید کی سزا سنائی تھی۔عدالتی فیصلے کے بعد لاہور پولیس کی جانب سے چیئرمین پی ٹی آئی کو زمان پارک لاہور میں اپنی رہائش گاہ سے گرفتار کر کے اٹک جیل منتقل کردیا گیا تھا۔

بقیہ 4 بقیہ جات

میں تمام قانونی تقاضے پورے کئے گئے، چیئرمین پی ٹی آئی نے ریاستی تحفے بیچے، اختیارات کا غلط استعمال کیا، وہ عدالت میں شہادتیں پیش کرنے میں ناکام رہے، اس لئے ان کی گرفتاری کا ملکی سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف اور چیئرمین پی ٹی آئی کا موازنہ نہیں کیا جا سکتا، سابق وزیر اعظم نواز شریف نے اپنے اوپر لگنے والے تمام الزامات کا جواب دیا اور عدالتیں موجود ہیں جہاں الزامات کا جواب دینے کا سب کو حق ہوتا ہے۔لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ 9 مئی کو پی ٹی آئی کے کارکنوں نے حساس تنصیبات کو نشانہ بنایا، 9 مئی حملوں میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو رہی ہے، چیئرمین پی ٹی آئی اپنے دفاع کیلئے عدالتوں میں پیش نہیں ہوتے تھے لیکن نواز شریف نے نیب کی 150 پیشیاں بھگتیں، قانون کو دھمکیاں دینے سے آپ مقدمات سے نہیں بچ سکتے اور آپ عوام کو ہر دفعہ اندھیرے میں نہیں رکھ سکتے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ زمان پارک میں پی ٹی آئی کارکنوں نے پولیس اہلکاروں پر حملے کئے، کیا سرکاری املاک، ہسپتالوں اور سکولز پر حملہ کرنے والوں کو رعایت دی جاسکتی ہے؟ چیئرمین پی ٹی آئی 9 مئی کے حملوں کے ماسٹر مائنڈ تھے، ان سے معیشت کی خرابی کا پوچھا جائے تو وہ کابینہ پر ڈال دیتے ہیں۔مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ مجھے ریاستی تحائف ملے میں نے توشہ خانہ میں جمع کرا دیئے لیکن چیئرمین پی ٹی آئی عدالت میں سوالوں کا جواب دینے سے قاصر رہے، چیئرمین پی ٹی آئی کو عدالتی حکم پر گرفتار کیا گیا اور کوئی احتجاج سامنے نہیں آیا۔وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے سیاسی مخالفین کو قید کروایا اور اپنے دور میں میڈیا کارکنوں پر بھی تشدد کرایا، پہلی بار دیکھا کسی سیاسی جماعت نے پٹرول بموں کا استعمال کیا ہو، پرامن احتجاج کسی بھی سیاسی جماعت یا کارکن کا جمہوری حق ہے۔

بقیہ 5 بقیہ جات

کی حالت کو بہتر بنانے کا حکم دے دیا۔دورے کے دوران فرنٹ ڈیسک کمپلینٹ سسٹم بھی انتہائی سست رفتار پایا گیا جس پر وزیر اعلیٰ نے ناراضگی کا اظہار کیا، محسن نقوی فرنٹ ڈیسک کے کمپیوٹر پر سائلین کی درخواستوں پر پراگرس کا جائزہ لینے لگے تو سسٹم نے کام کرنا چھوڑ دیا۔نگران وزیر اعلیٰ تھانے کے دورے کے بعد دوبارہ فرنٹ ڈیسک پر آئے تو بھی سسٹم کام نہیں کر رہا تھا، جس پر وزیر اعلیٰ نے بہتر سپیڈ والا انٹرنیٹ لگانے اور زیر التواء درخواستوں پر جلد ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیا۔محسن نقوی نے ہدایت کی ہے کہ درخواست کے اندراج سے ایف آئی آر تک سائلین کو تھانے کے بار بار چکر نہ لگوائے جائیں، سائلین کی درخواستوں پر فوری کارروائی کی جائے۔نگران وزیر اعلیٰ نے حوالات، [illegible]

ہیں، حالات مزید بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔

بقیہ 7 بقیہ جات

راولپنڈی میں دفعہ 144 کے نفاذ کا نوٹیفکیشن ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے جاری کیا جس کے مطابق کسی بھی قسم کے اجتماع، جلسے جلوس اور دھرنوں پر مکمل پابندی ہوگی۔راولپنڈی میں لاؤڈ اسپیکر کے استعمال اور اسلحہ لے کر گھومنے پر بھی پابندی ہوگی، وال چاکنگ اور ڈبل سواری پر بھی پابندی لگا دی گئی۔

بقیہ 8 بقیہ جات

ہوگی، بہت جلد ان کے گھر سے بھی گواہیاں آئیں گی۔اسلام آباد کی سیشن عدالت نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کو تین سال قید کی سزا سنائی ہے جس کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی کو لاہور سے گرفتار کر لیا گیا۔اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو تین سال قید کی سزا سنائی اور ایک لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا۔عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ اگر عمران خان ایک لاکھ روپے جرمانہ نہیں دیں گے تو 6 ماہ مزید قید ہوگی۔

بقیہ 9 بقیہ جات

قانون کے تابع ہوتے ہیں جو ویب سائٹ پر دستیاب ہوتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی نے جو اثاثے ظاہر کئے اس پر کارروائی ہوئی، ان کی چوری پکڑی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ ایک قانونی طریقہ کار کے تحت آپ کو سزا ہوئی ہے، آپ کے پاس تو نظر ثانی اپیل کا بھی حق ہے، میاں نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی کو تو اپیل کا حق بھی نہیں دیا گیا تھا۔اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ 2017 کی مردم شماری سے متعلق سیاسی جماعتوں کو اعتراض تھا جس کے باعث اس بار ڈیجیٹل مردم شماری کی گئی، ہوسکتا ہے کچھ حلقوں میں تبدیلی آئے، الیکشن کمیشن کو اس معاملے پر آفیشل اسٹیٹمنٹ دینا چاہیے۔وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ انتخابات آئینی ضرورت کے عین مطابق جلد از جلد ہونے چاہئیں، اتحادی جماعتوں کا بھی مؤقف ہے کہ الیکشن وقت پر ہوں، الیکشن کمیشن کو چاہیے وضاحت کے لئے بیان جاری کرے۔

بقیہ 10 بقیہ جات

ٹولے کو عوام بھی معاف نہیں کریں گے۔

بقیہ 11 بقیہ جات

جلد بازی میں کیا گیا، یہ آرٹیکل 4 کے تحت ملزم کے بنیادی حقوق کی صریحاً خلاف ورزی ہے، فیصلے کو وکیل کو سنے بغیر انتہائی عجلت میں سنایا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا ہے کہ ہائیکورٹ نے ایڈیشنل سیشن جج کو ہدایت کی تھی کہ وہ قابل سماعت ہونے کے معاملے پر نئے سرے سے فیصلہ کریں، فاضل جج نے اس معاملے کا نئے سرے سے فیصلہ کرنے کے بجائے جلد بازی میں اور بغیر کسی آزاد ذہن کے درخواست کو اپنے ہی سابقہ احکامات پر بھروسہ کرتے ہوئے مسترد کر دیا، معاملات کا دوبارہ فیصلہ کرنے کیلئے ریمانڈ دیا گیا تھا۔صدر اور سیکرٹری سپریم کورٹ بار نے کہا کہ ملزم کیخلاف قانون کے تحت زیادہ سے زیادہ سزا سنائی، عجلت میں فیصلہ انصاف، فطری انصاف اور قانونی عمل کے تمام طے شدہ اصولوں کیخلاف ہے، اس طرح کے فیصلے کے وقت کا مقصد سیاسی رہنماؤں کو آئندہ انتخابات میں حصہ لینے سے باز رکھنا ہے۔انہوں نے مزید کہا ہے کہ عدلیہ کی جانب سے مقبول سیاسی رہنماؤں کی نااہلی اور پابندی کا تاریخی رجحان جمہوریت کے اصولوں اور منصفانہ ٹرائل کے منافی ہے، عدلیہ آئین اور اس میں درج بنیادی حقوق کی محافظ ہے، ایسے فیصلے انصاف کو برقرار رکھنے کیلئے عدلیہ پر سے لوگوں کے اعتماد کو ہی کم کریں گے۔

بقیہ 12 بقیہ جات

مفادات کونسل کی جانب سے نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کے بعد کوئی کہہ رہا ہے الیکشن چھ ماہ مؤخر ہوں گے اور کوئی کہہ رہا ہے الیکشن سات ماہ مؤخر ہوں گے۔رضا ربانی کا کہنا تھا الیکشن کمیشن چپ کا روزہ توڑے اور سامنے آکر بتائے کہ حلقہ بندیوں میں کتنا وقت لگے گا؟ الیکشن میں تاخیر وفاق کے لیے خطرناک ثابت ہوگی۔حکومتی اتحادی جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے سینیٹ اجلاس میں کہا کہ حکومت نے مردم شماری کی منظوری دے کر جاتے جاتے بلوچستان پر ایک اور بم گرایا ہے، بلوچستان کی 16 سیٹوں والی جمہوریت بھی برداشت نہیں ہورہی۔وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل میں مردم شماری کی منظوری دینے والوں میں جے یو آئی کے پارلیمانی لیڈر اسعد محمود بھی شامل تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان سمیت سی سی آئی اجلاس میں شریک کسی فرد نے مردم شماری کے نتائج پر اعتراض نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں ترمیم کیوں ضروری تھی یہ بتایا نہیں گیا، پبلک آرڈر کو شامل کرنے سے آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا اسکوپ بہت بڑھ جائے گا، آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل پر دوبارہ غور کیا جائے۔سینیٹر رضا ربانی بولے آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل کو حال ہی میں پاس کیے آرمی ایکٹ کے ساتھ ملا کر پڑھ لیں، دونوں ایکٹ کو ملا کر دیکھا جائے تو جو فیکٹری دودھ یا بسکٹ بنا رہی ہے اسے بھی استثنیٰ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ اس ترمیم میں ملٹری کے تعلیمی اداروں کو بھی ممنوعہ علاقہ قرار دے دیا گیا ہے۔

بقیہ 13 بقیہ جات

انہوں نے ملازمہ کو گالیاں اور پولیس کو بلا کر اسے بند کرانے کی دھمکیاں بھی دیں۔ترجمان استحکام پاکستان پارٹی نے ویڈیو بنانے والے شخص کو بھی دھمکیاں دیں اور مبینہ طور پر رقم کا مطالبہ کرتی ہوئی نظر آرہی ہیں۔دوسری جانب ترجمان استحکام پاکستان پارٹی فردوس عاشق اعوان نے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ بے بنیاد الزامات لگانے سے گریز کیا جائے، کسی قسم کا تشدد نہیں ہوا، یہ جرائم پیشہ گروہ تھا جو گھروں میں کام کرتے اور چوریاں کر کے فرار ہو جاتے ہیں۔ترجمان آئی پی پی کا کہنا تھا کہ اس گروپ کے خلاف پہلے بھی چوری کی ایف آئی آر درج ہے۔

بقیہ 14 بقیہ جات

مقدمے میں ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کر رکھی ہے۔ذرائع کا بتانا ہے کہ سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ رضوانہ تشدد کیس میں جے آئی ٹی کے روبرو پیش ہوئیں جہاں ان سے ملازمہ پر بہیمانہ تشدد کے متعلق سوالات کیے گئے۔پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ سول جج عاصم حفیظ کی اہلیہ کے پاس اپنی صفائی میں کوئی جواب نہیں تھا، جج کی اہلیہ سے بچی پر تشدد کی وجہ پوچھی گئی تو جواب میں انہوں نے الزامات کی بوچھاڑ کردی۔ذرائع کے مطابق ابتدائی طور پر [illegible]

کردہ ناشتہ کیا، چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل مینول کے مطابق دیگر سہولیات تولیہ، ٹشو پیپر، منرل واٹر، عینک، تسبیح، گھڑی، کرسی، زمین پر سونے کے لئے میٹرس فراہم کیا گیا ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ جیل اٹک میں سابق وزیر اعظم نواز شریف سمیت سابق وزرائے اعلیٰ و دیگر سیاسی شخصیات بھی ماضی میں قید رہ چکی ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی اسی سکیورٹی بیرک میں رکھا گیا ہے جہاں میاں نواز شریف بھی کچھ عرصہ قید رہے۔جیل ذرائع کے مطابق سابق وزیر اعظم نواز شریف کو قید کے دوران بیٹر کلاس میں رکھا گیا تھا جس میں ٹی وی، اخبار، لکھنے پڑھنے کیلئے کتب، سٹیشنری، ایئر کنڈیشن یا روم کولر، چھوٹا فریج و بستر اور مشقتیوں کی اجازت ہوتی ہے تاہم چیئرمین پی ٹی آئی کیلئے ان سہولیات کو ہوم ڈیپارٹمنٹ یا عدالت کی اجازت سے مشروط کیا گیا ہے۔ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ جیل اٹک کے اندر اور بیرونی اطراف میں سکیورٹی ہائی الرٹ ہے، چیئرمین پی ٹی آئی جس بیرک میں قید ہیں اس کے گرد محکمہ جیل خانہ جات کے کمانڈوز اور باہر جیل پولیس کے اہلکار تعینات ہیں، جیل کے بیرونی اطراف ضلعی پولیس اور رینجرز کی پٹرولنگ بھی جاری ہے۔

بقیہ 16 بقیہ جات

عدل و انصاف کی حکمرانی، بے لاگ احتساب اور سودی معیشت سے نجات کیلئے قوم جماعت اسلامی کا ساتھ دے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حافظ آباد میں جلسہ عام اور لالہ موسیٰ گجرات میں خواتین کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔امیر جماعت نے اعلان کیا کہ جماعت اسلامی اقتدار میں آکر خواتین کے حق وراثت کو یقینی بنائے گی، الیکشن میں حصہ لینے کے لیے گھر کی خواتین کی طرف سے حق وراثت دینے کا سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیا جائے گا، خواتین کے لیے الگ یونیورسٹیاں بنائیں گے، ان کی عزت و ناموس کے تحفظ کے لیے سخت قوانین اور ان پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے، بچیوں کے الگ اور محفوظ پارک بنائیں گے، بزرگ خواتین اور بیواؤں کی ریاست کفالت کرے گی، تعلیم اور صحت کی مفت سہولیات دیں گے، بچیوں کی تعلیم لازمی قرار دی جائیگی۔کنونشن میں امیر جماعت اسلامی شمالی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم، مرکزی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین دردانہ صدیقی، ناظمہ صوبہ ثمینہ احسان، امیر ضلع چوہدری انصر محمود دھول سید ضیاء اللہ شاہ، سید حیدر احسان نے بھی شرکت کی۔حافظ آباد جلسہ عام سے امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری اور امیر ضلع قاسم تارڑ نے بھی خطاب کیا۔خواتین، بزرگوں اور دیگر عوام کی کثیر تعداد نے جلسہ میں شرکت کی۔سراج الحق نے کہا کہ معیشت کی تباہی سودی نظام کی وجہ سے ہے جو انگریز کے دور سے چلا آرہا ہے، عدالتوں میں بھی انگریز کا نظام ہے۔سود اللہ سے جنگ ہے، آئین پاکستان، اسلامی نظریاتی کونسل، وفاقی شرعی عدالت نے سود کو حرام قرار دیا ہے مگر پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی، پی ٹی آئی اور جرنیلوں کی حکومتوں میں سود جاری رہا، جماعت اسلامی اقتدار میں آکر سب سے پہلا وار سودی نظام پر کرے گی۔انہوں نے کہا کہ عدالتوں میں قرآن کا نظام نافذ کریں گے۔نوجوانوں کو روزگار دیں گے، انہیں سرکاری زرعی زمینیں دی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ ملک پر چند خاندان مسلط ہیں جو چاہتیں ہیں کہ عوام ان کے بعد ان کے بیٹوں، پوتوں اور نواسوں کو بھی اقتدار میں لائیں، یہ سب استعمار کے وفادار ہیں، انہوں نے ملک کے جغرافیے اور نظریے سے غداری کی۔انہوں نے قوم کو مسالک، صوبائیت اور دیگر تعصبات پر تقسیم کر رکھا ہے، ان ظالموں اور لٹیروں کا کوئی ادارہ احتساب نہیں کر سکا، عوام ووٹ سے ان کا احتساب کریں، ظالموں کا ساتھ دینا ظلم میں شراکت داری ہے، یزید کا ساتھ دینے والے آخرت میں حسین کے ساتھی نہیں بن سکتے۔خواتین کا سب سے بڑا جہاد یہ ہوگا کہ وہ ووٹ سے فرسودہ نظام کو بدلنے کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔جن کے نام پانامہ لیکس، پنڈورا پیپرز میں آئے، جنہوں نے قومی خزانہ اور توشہ خانہ پر ہاتھ صاف کیا انہیں دوبارہ موقع دینا جہالت اور خودکشی ہوگی۔

بقیہ 17 بقیہ جات

گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے اور بیرون ملک اشتہاریوں کی گرفتاری میں گوجرانوالہ ریجن کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ چھ ماہ میں گرفتار ہونے والے 103 اشتہاریوں کو انٹرپول کی مدد سے دنیا کے مختلف ممالک سے گرفتار کیا گیا جن میں امریکہ، برطانیہ، اٹلی، یورپ، جنوبی افریقہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات سمیت دیگر ممالک شامل ہیں۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ بیرون ملک مفرور اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے انٹرنیشنل کوآرڈینیشن، انٹیگریٹڈ بارڈر مینجمنٹ، فیس ٹریس ٹیکنالوجی کو بھی استعمال میں لایا جا رہا ہے، جبکہ انٹرپول کے تعاون سے ریڈ نوٹس اجرا سمیت تمام قانونی تقاضے پورے کر کے ملزمان کو پاکستان لایا گیا ہے، ڈاکٹر عثمان انور نے بتایا کہ اشتہاریوں کے خلاف مختلف اضلاع میں قانونی کارروائی جاری، قرار واقعی سزائیں دلوائی جا رہی ہیں، مذکورہ اشتہاری قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان سمیت سنگین جرائم کا ارتکاب کر کے بیرون ملک فرار ہو گئے تھے، ڈاکٹر عثمان انور نے افسران کو ہدایت کی کہ انٹرپول، ایف آئی اے اور دیگر اداروں کے تعاون سے اشتہاریوں کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جائے۔مزید برآں آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بیرون ملک مفرور اشتہاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے خصوصی ویڈیو پیغام میں کہا کہ انٹرپول اور بین الاقوامی اداروں کے تعاون سے بیرون ملک مفرور خطرناک اشتہاریوں کی گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے، بیرون ملک مفرور اشتہاریوں کو انٹی گریٹڈ بارڈر مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے بھی پکڑا جا رہا ہے۔ڈاکٹر عثمان نے مزید کہا کہ دشمنی، فراڈ، قتل سمیت دیگر جرائم میں ملوث بیرون ملک مفرور اشتہاریوں کو پکڑ کر واپس لانے کا سلسلہ جاری رہے گا، تمام قانونی ضوابط پورے کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں پیش کریں گے۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ ہم یقینی بنائیں گے کہ کوئی مجرم کسی شریف شہری کو ملک سے باہر بیٹھ کر نفسیاتی یا کوئی دیگر نقصان نہ پہنچائے۔اگر کسی شہری کو کوئی اشتہاری دھمکی آمیز کال کر رہا ہے تو فوری متعلقہ پولیس سے رابطہ کریں۔ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ ہم اس اشتہاری کو گرفتار کر کے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں گے۔

[illegible]

آف ریونیو سے نوٹس لینے اور سرکاری اراضی پر ہونے والے قبضے واگزار کروانے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 20 بقیہ جات

خبر رساں ادارے کے مطابق بحرین کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں اپنے شہریوں پر زور دیا کہ وہ مسلح تنازع کی وجہ سے لبنان چھوڑ دیں۔

بقیہ 21 بقیہ جات

شاہی خاندان اکٹھا بھی نہیں گا، ملکہ الزبتھ دوئم کی ذاتی رہائشگاہ پر بھی کوئی تقریب نہیں ہوگی۔رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ ملکہ الزبتھ دوم ہر سال باقاعدگی سے اپنے والد شاہ جارج پنجم کی برسی منایا کرتی تھیں۔ملکہ الزبتھ دوم گزشتہ سال 8 ستمبر کو 96 برس کی عمر میں وفات پا گئی تھیں۔

بقیہ 22 بقیہ جات

2019 کو بھارت نے ناجائز اور غیر آئینی اقدام کر کے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر دی، یہ اقدام مظلوم کشمیریوں کے بنیادی حقوق کا واضح استحصال ہے، غاصب بھارت کے اس اقدام سے ان نہ صرف کشمیریوں کو ان کی بنیادی حقوق سے محروم کرنے کی بدترین کوشش کی گئی بلکہ کشمیریوں کی بنیادی حقوق انسانی حقوق کو بھی پامال کر دیا گیا، بھارتی فوجی درندے نہتے کشمیریوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بناتے ہیں بھارتی درندے چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کرتے ہوئے گھروں میں گھس جاتے ہیں اور خواتین کو زیادتی کا نشانہ بناتے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر ملک محمد افضل کھوکھر نے کہا کہ کشمیری بھارت کے ان ظالمانہ اور غیر آئینی اقدامات کو تسلیم نہیں کرتے اور بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بھارت پر موثر دباؤ ڈال کر پانچ اگست 2019 کے غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر انسانی اقدامات کو واپس لینے پر مجبور کیا جائے، سات دہائیوں سے زائد کا عرصہ گزر جانے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے باوجود بہرحال بھارت کا مظلوم اور نہتے کشمیریوں پر ظلم و جبر کا سلسلہ جاری ہے، ریلی میں سول سوسائٹی کے ممبران اور سماجی شخصیات اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، ریلی کے شرکاء نے کشمیریوں کے حق میں پلے کارڈ اور بینرز بھی اٹھا رکھے تھے، ریلی کے اختتام پر کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی اور کشمیریوں کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی، علاوہ ازیں تعلیمی اداروں میں بھی استحصال کشمیر کے سلسلہ میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ 23 بقیہ جات

دیگر ضلعی افسران و اہلکاران، میڈیا نمائندگان اور شہریوں نے کثیر تعداد میں ریلی اور مرکزی تقریب میں شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب میاں رفیق احسن نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم کے خلاف نکالی گئی ریلی کی قیادت کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مسئلہ کشمیر کا فوری حل اشد ضروری ہے، آج کی یہ ریلی اہل کشمیر کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ہندوستان کی ظالمانہ پالیسیوں کی مذمت کرتی ہے، ہم کشمیر کی آزادی کے لیے اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے کہا کہ 05 اگست 2019 کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، پاکستانی قوم کشمیریوں کے جذبہ آزادی جرات اور قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، اب وہ وقت دور نہیں جب کشمیری بھائیوں کو بھارتی چنگل سے نجات ملے گی۔علاوہ ازیں ضلع کونسل ہال میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے مرکزی تقریب ک انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ مزمل الیاس نے کی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے اور آزادی کشمیر کے لیے اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ظلم جب حد سے بڑھتا ہے تو مٹ جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ دعا ہے کہ کشمیریوں کی زندگی میں آزادی کا سورج جلد سے جلد طلوع ہو، کشمیری بھائی بھی اپنے آپ کو اکیلا مت سمجھیں اور انشاءاللہ کشمیر کی آزادی اور بھارت کی بربادی کا وقت قریب آن پہنچا ہے۔تقریب کے اختتام پر ملک وقوم کی سلامتی اور کشمیری بہن بھائیوں کی آزادی کے لیے خصوصی دعا کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 24 بقیہ جات

کرتے ہیں۔مظلوم کشمیریوں کی ہر سطح پر اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رہے گی۔یوم استحصال کشمیر منانے کا مقصد مقبوضہ وادی میں جاری بھارتی بربریت بارے پوری دنیا کو آگاہ کرنا ہے۔یہ بات انہوں نے حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کے زیر اہتمام 05 اگست یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل کی زیر قیادت ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد آج سے چار سال قبل 05 اگست 2019 کو بھارتی حکومت کے غیر آئینی اقوام متحدہ کی قراردادوں کے خلاف یکطرفہ اقدامات کی مذمت اور مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرنا ہے۔ریلی کا سرکاری سطح پر منانے کا مقصد مظلوم کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی ہے ریلی ڈپٹی کمشنر دفتر سے ڈی او ہیلتھ کے دفتر تک اختتام پذیر ہوئی جس میں تمام سرکاری اداروں کے افسران و نمائندے شریک ہوئے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) شبیر حسین بٹ ، ایس ایس پی آپریشنز ، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی او ریسکیو رفعت ضیاء، سی او ایم سی اور سرکاری ملازمین سکول و کالجز کے طلباء، اساتذہ، سول سوسائٹی، 1122 ریسکیو، سول ڈیفنس، ہلال احمر، میٹرو پولیٹن کارپوریشن، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، جی ڈبلیو ایم سی، ہیلتھ اہلکاروں سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران شریک ہوئے، شرکاء کی بھارتی حکومت کے غیر قانونی اقدام کے خلاف شدید نعرے بازی، مظاہرین نے ''کشمیر بنے گا پاکستان'' اور بھارتی غاصبانہ قبضے کے خلاف خوب نعرے بازی کی۔ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینر اٹھا رکھے تھے، شرکاء نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مظلوم کشمیریوں کو حق خودارادیت انکی امنگوں اور قراردادوں کو مطابق دینے کا مطالبہ کیا، ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے اس موقع پر کہا کہ کشمیر بھارتی تسلط سے جلد آزاد ہو گا، کشمیری عوام کے دل پاکستانیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن، بھائیوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر سطح آواز بلند کرتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کا استحصال اور غیر قانونی محاصرہ آزادی کو روک نہیں سکتا۔کشمیریوں کو حق خود آرادیت نہ دینا غیر قانونی اور سیاہ اقدام ہے اور کشمیر کا ذرہ ذرہ کشمیریوں کی جدوجہد کا امین ہے۔مظلوم کشمیری عوام پر ظلم و جبر کی جو بربریت جاری ہے اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔کشمیری عوام خود کو اکیلا نہ سمجھیں ہم سب ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔آج پوری قوم کشمیری بہن بھائیوں سے یکجہتی کی تجدید کرتی ہے اور ہر پاکستانی کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

بقیہ 25 بقیہ جات

اٹھا رکھے تھے۔احتجاجی کیمپ کے دوران بارش کے باوجود بڑی تعداد میں قریب سے گزرتے ہوئے یورپی باشندے اس احتجاج کی طرف متوجہ ہوئے اور کشمیریوں پر مظالم کے خلاف اپنی تشویش کا اظہار کیا۔اس موقع پر کشمیریوں سے یکجہتی کے لیے جن پاکستانی اور کشمیری نژاد شخصیات نے شرکت کی، ان میں فرید خان، ملک اجمل، شازیہ اسلم، احمد جوئیہ، نصیر چوہدری، پرویز ملک، سردار محمود خان، سید اظہر شاہ ہمدانی، راجہ عبدالقیوم، مہر ندیم اور دیگر شامل تھے۔احتجاج کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جب تک مودی سرکار کشمیریوں پر مظالم بند نہیں کرتی اور کشمیریوں کو حق خودارادیت نہیں دیتی تب تک یورپ میں ہماری پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 26 بقیہ جات

5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔او آئی سی کے بیان میں عالمی برادری سے بھی مطالبہ کیا گیا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کروانے کی کوششیں تیز کی جائیں۔او آئی سی کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حیثیت کی یک طرفہ تبدیلی کے 4 سال بعد بھی مقبوضہ علاقے کی صورتحال پر بدستور تشویش ہے۔

بقیہ 27 بقیہ جات

پیا مرکز نے بتایا کہ مشرقی چین میں آئے زلزلے کی شدت 5.5 ریکارڈ کی گئی ہے۔زلزلہ چین کے شہر ڈیز ہو (Dezhou) کچھوب میں 10 کلومیٹر گہرائی میں آیا۔زلزلے کے جھٹکے بیجنگ اور شنگھائی میں بھی محسوس کیے گئے۔

بقیہ 28 بقیہ جات

ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں، اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز میڈم خیزران علی ، اشفاق احمد، طارق محمود گوندل، اے سی ایچ آر محمد اسلم ضیاء، ڈی او انڈسٹریز، سیکرٹری مارکٹ کمیٹی ، ای اے ڈی اے کے علاوہ دیگر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس موجود تھے ،ایس این اے نے تحصیل وائز پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو الطاف حسین انصاری نے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر وزٹ کریں اس سلسلہ میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 29 بقیہ جات

سندھ میں نظر آئے گی اور کہا ہے کہ PMLN سندھ لیبر ونگ کا ہر ممکن تعاون سید غلام علی شاہ کے ساتھ رہے گا۔

بقیہ 30 بقیہ جات

نہیں کریں گے ان خیالات کا اظہار کشمیری عوام تحریک آزادی کیخلاف مذموم بھارتی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے اپنے اندر اتحاد و اتفاق کو مزید مضبوط بنائیں انہوں نے کہا کہ 5 اگست کشمیر کی تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے ان خیالات کا اظہار یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اس وقت دس لاکھ سے زائد خونخوار بھارتی فوجی کشمیریوں کی منظم نسل کشی میں مصروف ہیں کشمیری قوم کی آزادی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی کشمیر کی تقسیم کا کوئی فارمولہ قبول نہیں کیا جائے گا۔تحریک آزادی کشمیر کیلئے لاکھوں لوگ شہید ہوئے۔ہماری ماؤں نے اپنے لخت جگر بہنوں نے اپنے بھائی اور بیواؤں نے اپنے شوہر اس تحریک کیلئے قربان کیے ہیں اس تحریک میں لاکھوں لوگوں کے شہداء کا خون شامل ہے ان شہداء کا خون رائیگاں نہیں جانے دینگے انہوں نے کشمیری عوام سے اپیل کی ہے کہ 5 اگست کو یوم سیاہ کے طور پر منا کر عالمی برادری پر ایک مرتبہ پھر واضح کر دیں گے کہ انہیں غیر قانونی بھارتی قبضہ ہرگز تسلیم نہیں۔

بقیہ 31 بقیہ جات

چوتھے نمبر پر ساہیوال سٹی رہے ، فیصل آباد صدر 5 ویں، دریا خان 6 ویں، رینالہ خورد 7 ویں، بھکر 8 ویں، خیر پور ٹامیوالی 9 ویں نمبر پر اور 10 ویں پر بہاولپور سٹی رہے، 11 ویں نمبر پر خان پور، 12 ویں پر پسرور، 13 پر لیاقت پور، 14 پر پنڈ دادن خان، 15 پر منڈی یزمان، 16 پر پاکپتن، 17 پر عارف والا، 18 پر ڈسکہ، 19 پر بھکر سٹی اور 20 پر حاصل پور 21 پر وہاڑی، 22 پر رحیم یار خان، 23 پر لاہور کینٹ، 24 پر منڈی بہاؤ الدین، 25 پر لاہور ماڈل ٹاؤن، 26 پر ٹوبہ ٹیک سنگھ، 27 پر گوجرانوالہ صدر، 28 پر چیچہ وطنی، 29 پر گجر خان اور 30 پر خانیوال 31 پر خوشاب، 32 پر ملتان صدر، 33 پر سرگودھا سٹی، 34 پر چونیاں، 35 پر پھالیہ، 36 پر بھکر، 37 پر دیپالپور، 38 پر ہارون آباد، 39 پر بورے والا اور 40 پر میاں چنوں 41 پر ملتان سٹی، 42 پر کوٹ رادھا کشن، 43 پر پیر محل، 44 پر کھاریاں، 45 پر لاہور شالیمار، 46 پر کوٹ ادو، 47 پر جہلم سٹی، 48 پر اکاوڑہ، 49 پر کبیروالا اور 50 پر چک جھمرہ 51 پر نارووال سٹی، 52 پر شکرگڑھ، 53 پر گوجرانوالہ سٹی، 54 پر شاہ کوٹ، 55 پر سرگودھا، 56 پر فورٹ عباس، 57 پر فیصل آباد سٹی، 58 پر رائیونڈ، 59 پر کمالیہ اور 60 پر اوکاڑہ 61 پر چشتیاں، 62 پر نوشہراں ورکاں، 63 پر نور پور تھل، 64 پر کروڑ پکا، 65 پر کوٹ چھٹہ، 66 پر ظفروال، 67 پر صادق آباد، 68 پر جھنڈ، 69 پر جہانیاں اور 70 پر بہاولپور صدر 71 پر بھیرہ، 72 پر احمد پور ایسٹ، 73 پر علی پور، 74 پر بھلوال، 75 پر ننکانہ صاحب، 76 پر صفدر آباد، 77 پر پپلاں، 78 پر قصور، 79 پر سانگلہ ہل اور 80 پر پنڈی غیب 81، پر جتوئی، 82 پر ملکوال، 83 پر کلر سیداں، 84 پر لاہور سٹی، 85 پر حضرو، 86 پر مری، 87 پر گوجرہ، 88 پر راجن پور، 89 پر حسن ابدال اور 90 پر وزیر آباد 91 پر شیخوپورہ سٹی، 92 پر ڈیرہ غازی خان، 93 پر جام پور، 94 پر، 95 پر جھنگ، 96 پر مظفر گڑھ، 97 پر شورکوٹ، 98 پر سلاں والی، 99 پر حافظ آباد اور 100 پر شیخوپورہ 101 پر تونسہ شریف، 102 پر شجاع آباد، 103 پر کروڑ لعل عیسن، 104 پر مریدکے، 105 پر منچن آباد، 106 پر دینہ، 107 پر میانوالی، 108 پر ساہیوال، سرگودھا، 109 پر جلال پور پیروالا، اور 110 پر ٹیکسلا 111 پر پنڈی بھٹیاں، 112 پر طلہ گنگ، 113 پر لودھراں، 114 پر چنیوٹ، 115 پر جڑانوالہ، 116 پر کلر کہار، 117 پر راولپنڈی، 118 پر کاموکنے، 119 پر گجرات اور 120 پر کوٹلی ستیاں 121 پر سمبڑیال، 122 پر میلسی، 123 پر چکوال، 124 پر شورکوٹ، 125 پر نوشہرہ، 126 پر قائدہ آباد، 127 پر احمد پور سیال، 128 پر کوٹ مومن، 129 پر فتح جھنگ اور 130 پر کہوٹہ 131 پر چواں سیداں، 132 پر سرائے عالمگیر، 133 پر عیسیٰ خیل، 134 پر سیالکوٹ، 135 پر اٹک، 136 روجھان، 137 پر چوبارہ، 138 پر للیاں، 139 پر چکوال اور 140 پر بھوآنہ 141 پر لیہ، 142 پر پتوکی اور آخری نمبر پر اسسٹنٹ کمشنر سوہاوہ رہے۔

بقیہ 32 بقیہ جات

کیا جانے لگا جامعہ تلاشی میں لاکھوں روپے کے سیکڑوں موبائل فون ہڑپ کرنے کے بھی انکشافات بہاولپور کا بین الصوبائی بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ دلال، ٹاؤٹ و منشیات فروش مصطفیٰ عرف ٹیپو عباسی اور انچارج چوکی لال سوہانرا چوہدری نعیم اختر کا گٹھ جوڑ چوکی انچارج کی مبینہ سرپرستی میں جھانگی والا ڈیرہ بکھا، نبی صادق آباد، لال سوہانرا۔نواب پورا سنجر اور گردونواح میں منشیات کی ہول سیل پر سپلائی دھڑلے سے جاری سب انسپکٹر نعیم اختر کی پشت پناہی سرکاری ڈالے پر منشیات سپلائی کی جاتی ہے ذرائع کے مطابق احمد پور شرقیہ اور بہاولپور کا بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ دلال ، فحاشہ خاتون کے ذریعے شریف شہریوں پر مقدمات درج کروا کر بلیک میلنگ کرنے والے گروہ کا سرغنہ مصطفیٰ عرف ٹیپو عباسی نے ہول سیل پر آئس اور چرس کی فروخت کا مکروہ دھندہ عباس نگر کی حدود میں آرائیں اینڈ عباسی گینگ بنا کر شروع کر رکھا کر رکھا ہے لڑائی جھگڑا، اور چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں بھی اضافہ ہو چکا ہے اہل علاقہ شدید پریشان ہیں اہل نے شدید احتجاج کرتے ہوئے آئی جی پنجاب، ڈی پی او بہاولپور اور ایس ایچ او عباس نگر ٹاؤٹ و منشیات فروش عباسی اینڈ آرائیں گینگ کے سرغنہ ٹیپو عباسی اور دیگر گینگ کے خلاف فوری کارروائی کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 33 بقیہ جات

ہے لیکن انسانی حقوق کے نام نہاد علمبرداروں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔بلکہ بھارت کی ڈھٹائی دیکھئے کہ آج سے چار سال قبل کل کے دن کشمیریوں کے خلاف شرمناک اقدامات کر کے انہیں بنیادی آئینی حقوق سے بھی محروم کر دیا جو کشمیریوں کی نسل کشی کے بھی مترادف ہے۔عالمی طاقتوں کو اب تو خواب غفلت سے جاگنا چاہئے یا پھر اقوام متحدہ کو ختم اور انسانی حقوق کا علم اتار دینا چاہئے۔ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام س پنجاب کے جنرل سیکرٹری صاحبزادہ مولانا محمد ایوب خان ثاقب نے یوم استحصال کشمیر سیمینار سے دارالعلوم مدنیہ ڈسکہ میں کیا سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے عالمی مجلس کے راہنما مولانا ارشد محمود نے کہا ہے کہ مسئلہ تیمور کا حل ممکن ہے تو دنیا مسئلہ کشمیر کا بھی حل نکالے صاحبزادہ حامد خان نے کہا ہے کہ یو این او۔او آئی سی سلامتی کونسل مخلصانہ کوشش سے مسئلہ کشمیر کا حل ممکن ہے۔سیمنسر سے جمعیت طلبہ اسلام مسلم لیگ۔کشمیر کونسل جمعیت القراء۔سنی سرفروش اور دیگر تنظیموں کے راہنماؤں نے بھی خطاب کیا

بقیہ 34 بقیہ جات

سلمان نے اپنے سفارتی لیبل میں کہا کہ ہمیں شدید بارشوں کے نتیجے میں دارالحکومت بیجنگ میں سیلاب اور اس کے نتیجے میں جانی نقصان کی اطلاع موصول ہوئی۔ہم آپ کے درد میں برابر کے شریک ہیں اور آپ کو اور اپنی جانیں گنوانے والے چینی شہریوں کے خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

بقیہ 35 بقیہ جات

جس پر طالبعلم مجبورا ان ٹیچروں کے پاس ٹیوشن پڑھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں سکول ہیڈ ماسٹر اصغر علی بھی ان ٹیچروں کی سرپرستی کرنے میں مصروف ہے گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول کے ٹیچروں کو ماہانہ ہزاروں روپے ٹیوشن فیس ادا کرنے کے باوجود حالیہ میٹرک امتحان میں کوئی بھی طالبعلم پوزیشن نہ لے سکا جس پر طالبعلموں کے والدین گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ہیڈ ماسٹر اصغر علی اور ٹیچروں طیب اور عمر کیخلاف سراپا احتجاج بن گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم محنت مزدوری کر کے ان ٹیچروں کو بچوں کی ماہانہ فیسیں ادا کرتے تھے کہ ہمار ے بچے پڑھ لکھ کر کچھ بن سکیں مگر ان کے نمبر زا چھے نہیں آئے جتنے انہوں نے ٹیچروں کے پاس ٹیوشن پڑھ کر نمبر لیے ہیں اس سے انہیں اگلی کلاسز میں داخلہ لیکر دینے کو دل نہیں کر رہا گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ٹیچرز طیب اور عمر اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر اصغر علی کی ملی بھگت سے طالبعلموں سے پیسے بٹورنے میں مصروف ہیں طالبعلموں کے والدین نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے رابطہ کرنے پر گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ہیڈ ماسٹر اصغر علی اور ٹیچروں طیب اور عمر نے بتایا کہ ہمارا کام ہے بچوں کو ٹیوشن دینا اور ان کے دماغوں میں ہم گھول کر تو تعلیم نہیں ڈال سکتے

بقیہ 36 بقیہ جات

کو فروغ دینے کے لیے بن رہا ہے۔مستقبل کے اس ریل نیٹ ورک کا مقصد ملک کے لیے 200 بلین ڈالر کے اقتصادی مواقع پیدا کرنا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق متحدہ عرب امارات کے طول وعرض میں مال بردار خدمات کے آغاز اور خطے میں آئندہ لگژری ریل سروس کے اعلان کے سے آغاز کرکے اتحاد ریل ایک عظیم منصوبے پر آگے بڑھ رہا ہے جس کا اعلان پہلی بار 14 سال پہلے ہوا تھا۔

بقیہ 37 بقیہ جات

کی چال بازیوں سے اچھی طرح باخبر ہو چکے ہیں۔عام انتخابات میں ان سے سیاسی بازگروں سے نجات ہی ملک وقوم کے آگے بڑھنے اور ترقی کی ضمانت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہر میں مختلف تقریبات میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ضیاء الدین انصاری ایڈوکیٹ نے مزید کہا کہ عوام دشمن پالیسیوں کے نتیجے میں غریب آدمی کا جینا مشکل بنا دیا گیا ہے جبکہ لوگ دو وقت کی روٹی کیلئے ترس رہے ہیں، بجلی و گیس کی لوڈشیڈنگ اور آٹا سمیت روزمرہ کی اشیا خورنوش کی قیمتیں آسمان پر پہنچ چکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام کا قیام اور جماعت اسلامی تمام مسائل کی واحد امید کی کرن ہے۔جس کے پاس دیانتدار قیادت اور وژن بھی موجود ہے۔

بقیہ 38 بقیہ جات

اگست سے 13 اگست لندن میں ٹریننگ میں شامل ہوں گے، یوکے کی یونیورسٹی آف ہل میں یہ ٹریننگ سیشن ہونا ہے۔عدالتی ٹریننگ کا موضوع 'انسانی حقوق اور قانون کی حکمرانی' ہے، ٹریننگ کا تمام خرچہ کامن ویلتھ سیکرٹریٹ لندن کی جانب سے اٹھایا جا رہا ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ روز ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور نے چیئرمین پی ٹی آئی کو تین سال قید کی سزا سنائی تھی۔اسلام آباد سے ججز کی جوڈیشل کانفرنس شمولیت کا عمل دو ماہ سے جاری تھا اور کچھ ججز کو ویزہ نہ ملنے پر نام تبدیل کر کے دوسرے ججز کو شامل کیا گیا، پشاور میں بھی کچھ ججز کو ویزہ نہ ملنے پر نام تبدیل کئے گئے۔

بقیہ 39 بقیہ جات

سالم عبداللہ الجابر الصباح نے اس کے رد عمل میں کہا کہ سلام کا بیان سیاسی اقدار سے مطابقت نہیں رکھتا کہ فیصلے کس طرح کیے جاتے ہیں۔انہوں نے لبنانی وزیر پر زور دیا کہ وہ دوطرفہ تعلقات کے تحفظ کے لیے اس بیان کو واپس لیں۔

بقیہ 40 بقیہ جات

قرآن پاک سے شروع ہوا اور ختم شریف کی محفل میں سینکڑوں اہل علاقہ نے محفل میں شرکت کی محفل کی زیر سرپرستی ملک الطاف اور ملک مشتاق اور ملک جبار نے کی سینکڑوں اہل علاقہ نے قرآن پاک اور نعت شریف اور علماء کرام کا خطاب سننے سے کے اندر مزید ایمان کی روشنی چمک اٹھی اور اہل علاقہ نے مل کر ملک محمد یوسف کے لیے ایصال ثواب کیا

بقیہ 41 بقیہ جات

پر پرواز کرتے ہوئے روس کی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کی۔روسی وزارت دفاع نے کہا کہ امریکی ڈرون طیارے کو روکنے کیلئے ایس یو 30 لڑاکا طیارہ بھیجا گیا۔وزارت دفاع نے مزید کہا کہ روسی لڑاکا طیارے کو دیکھ کر امریکی ڈرون روسی حدود سے واپس پلٹ گیا۔

بقیہ 42 بقیہ جات

اہمیت کو ایک مرتبہ پھر اجاگر کیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پبلک سکیورٹی نے ٹویٹر کے ذریعے مزید کہا کہ المسجد الحرام اور المسجد النبوی اور ان کے صحنوں میں ماسک پہننا آنے والے کی حفاظت کرتا اور دوسروں کو بیماریوں کے انفیکشن سے بچاتا ہے۔

بقیہ 43 بقیہ جات

تنظیموں کا سینئر صحافی کیساتھ پٹرولنگ پولیس اگو چک چیک پوسٹ کے اہلکاروں کی بدتمیزی اور بلاوجہ حوالات میں بند کرنے پر شدید احتجاج۔پاگل کانسٹیبل کسی بھی وقت انسانی جان لینے کا سبب بن سکتا ہے اس کو محکمہ سے فارغ کرنے کا مطالبہ۔تفصیل کے مطابق پٹرولنگ پولیس چیک پوسٹ چک اگو کی طرف سے حافظ آباد روڈ کی دونوں سائیڈوں پر ناکہ لگا رکھا تھا۔کہ سینئر صحافی کی طرف سے تعارف کروانے اور رش کی وجہ پوچھنے پر خالد نامی کانسٹیبل اگ بگولا ہو گیا اور شعبہ صحافت کے بارے بلا وجہ ہی غلیظ زبان استعمال کرنے لگا۔صحافی ضرغام عباس کا ہیلمٹ چھین کر اور گریبان سے پکڑ کر چوکی کے اندر لے گیا اور دیگر پولیس ملازمین کے ہمراہ گالم گلوچ اور تشدد کرنے لگا۔پولیس کانسٹیبل خالد (جو کہ مسلح تھا) نے پسٹل نکال کر سینئر صحافی کو جان سے مار دینے کی دھمکیاں دیتے ہوئے زبردستی موبائل فون چھین کر حوالات میں بند کر دیا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی چوکی انچارج نے اکر سینئر صحافی کو حوالات سے نکالا۔بعد میں معلوم ہوا کہ کانسٹیبل خالد ذہنی مریض ہے اس بابت ڈاکٹر اسکے پاگل پن کی تصدیق بھی کر چکا ہے۔صحافیوں نے پٹرولنگ پولیس چیک پوسٹ چک اگو کے اہلکاروں کی طرف سے سینئر صحافی کے ساتھ بدتمیزی کرنے ،ڈرانے دھمکانے اور غیر قانونی طور پر حوالات میں بند کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے ایس پی پٹرولنگ سے واقعہ میں ملوث ملازمین کیخلاف سخت قانونی کارروائی اور *مخبوط الحواس* خالد کانسٹیبل کو محکمہ سے فارغ کر کے اسکے علاج معالجے کا مطالبہ کیا ہے۔تاکہ کوئی بھی شہری خالد کے پاگل پن کا شکار ہونے سے محفوظ رہے۔

بقیہ 44 بقیہ جات

محرران کو ایف آئی آر کی نقل کی فیس نہ دی جائے تو نقل ہی نہیں ملتی اگر فیس دے دیں تو منٹوں میں فرنٹ ڈیسکوں کا عملہ بھی ایف آئی آر کی نقل مہیا کر دیتا ہے سائلین نے بتایا کہ ایسے فرنٹ ڈیسکوں کا کیا فائدہ جو ابھی بھی محرران کے مرہون منت ہو یہ فضول کی تنخواہیں لے رہے ہیں سائلین نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 45 بقیہ جات

اضافہ کر کے غریب سفید پوش طبقہ سے دو وقت کی روٹی کا نوالہ بھی چھین لیا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں نے سفید پوش طبقے کو زیر زمین دفن کر دیا ہے جو اپنی سفید پوشی کا بھرم قائم رکھنے کے لئے نہ تو کسی کے سامنے ہاتھ پھیلا سکتا ہے اور نہ ہی پیٹ بھر کر بچوں کو کھانا مہیا کر سکتا ہے، چوہدری محمد ہارون رفیق نے کہا کہ اس وقت دہشت گرد پاکستان میں خودکش حملے کر رہے ہیں اور عین اس موقعے پر حکمرانوں نے عوام پر بجلی ،ایل پی جی، اور پٹرول بم گرا دیا جس کی وجہ سے عوام مہنگائی کی چکی میں پستی چلی جا رہی ہے، جب کہ ہمارے حکمران عیاشیوں مین مصروف ہے تو ہم اس موقعہ پر یہ بات کہنا چاہتے ہے، کہ جو لوگ کل تک مہنگائی کے نام پر سیاست کر رہے تھے آج وہی لوگ مہنگائی کر کے اپنی عیاشیوں کے اندر مصروف ہے، تو اس موقعہ پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ یہ جو پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے، ہم اس کی پر زور مزمت کرتے ہے اور حکمرانوں سے مطالبہ کرتے ہے کہ فل فور، نرخوں میں کمی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے چوہدری محمد ہارون رفیق نے کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ جو کہ عوام کی نمائندہ جماعت ہے ،اس مشکل وقت میں عوام کے لیے روزگار کے مواقعے پیدا کر رہی ہے ، اور غریب سفید پوش لوگوں کے لیے ضلع جہلم میں 15 سے زائد سستے تندور چل رہے ہیں ، جہاں سے 10 روپے میں روٹی دستیاب ہے اسی طرح 50 روپے میں سالن مہیا کیا جا رہا ہے تا کہ غریب سفید پوش طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد پیٹ بھر کر کھانا کھا سکیں، اسی طرح سستے بازار بھی لگائے جا رہے ہیں ، جہاں سے عوام کو سستی سبزیاں دستیاب ہو گی جبکہ خشک راشن اور فروٹ بھی سستے داموں دستیاب ہو نگے انہوں نے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ نے ملک بھر میں سستے بازار لگانا شروع کر رکھے ہیں تا کہ مہنگائی میں پسی عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مل سکے ، اس موقع پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے رہنما ملک محمد افضل نے بھی مہنگائی مکاؤ مارچ سے خطاب کیا انہوں نے کہا کہ عوام باقی سیاست دانوں کو دو ، دو تین ، تین مرتبہ آزما چکے ہیں ، اس مرتبہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کو کامیاب بنائیں تا کہ مہنگائی کا خاتمہ ممکن ہو سکے، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے رہنما ملک محمد افضل اعوان نے کہا کہ اپنے منشور عوامی خدمت اور اسلامی فلاحی پاکستان کے قیام کیلئے عملی کردار ادا کرتے رہیں گے جہلم سمیت ملک بھر میں عوامی ریلیف کے منصوبہ جات کا آغاز کیا جا چکا ہے ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ اسلام کے سنہری اصولوں کے مطابق عوامی خدمت کی سیاست کر رہی ہے، دوسروں کی پگڑیاں اچھالنا اور آڈیو ویڈیو لیکس کیساتھ ذاتی کردار کشی، بد اخلاقی اور الزامات نے سیاست کو پراگندہ کر دیا ہے، انبیاء اکرام کی سیاست اور بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے فرامین کے مطابق پاکستان کو اسلامی فلاحی پاکستان بنانے کیلئے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کردار اور خدمت کیساتھ حیاء اور اخلاق والی سیاست کی بنیاد رکھ چکی ہے۔

بقیہ 46 بقیہ جات

پاکستان نعمت اللہ ظفر، حافظ عمران احمد، ضلع ممبر مجلس شوریٰ جمیعتہ علماء اسلام (ف) حافظ محمد رفیق عابد علوی، پیپلز پارٹی کے امیدوار این اے 73 اعجاز احمد چیمہ ایڈووکیٹ، ضلعی امیر جماعت اسلامی ناصر محمود کلیر، رہنما شیعہ علماء کونسل مرزا تقی علی، عبد المنان سلفی، تحریک لبیک پاکستان کے قاری عبد الوحید، رانا عبد الرحمن، قاری عبد القیوم، نصیر احمد بھٹی، مولانا محمد اشفاق چٹھہ، حاجی محمد شفیق کھوکھر، رانا محمد عرفان، مولانا شرافت علی حیدر، حافظ عمر طاہر، محمد ناصر شاکر، حافظ حبیب الرحمن، حافظ محمد شفیق، مولانا محمد طفیل ثاقب، مولانا عطاء الرحمن، مولانا حافظ محمد عمر سلفی، قاری مزمل، قاری جمیل، مولانا محمد اویس علوی، حافظ زاہد یعقوب، قاری غلام ارشد، قاری عبد الرشید بلوچ، حافظ سلیم ارشد اولکھ، حافظ ناصر ظفر اثری سمیت دیگر نے شرکت کی۔مقررین نے کہا کہ 76 واں یوم آزادی ہمیں یہی سبق دیتا کہ ہم نظریہ پاکستان کے تحفظ اور پاسداری کریں شہداء پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں قومی تہوار کے موقع پر ملک سے عریانی، فحاشی، قتل وغارت، بد امنی، دہشت گردی، فرقہ واریت، سود خوری، کرپشن، نا انصافی، غربت، بے روزگاری، مہنگائی کو ختم کرنے کا عزم کرتے ہیں، ملک کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے ہمارے اسلاف نے پاکستان بنایا تھا ہم سب مل کر پاکستان کو بچائینگے اور خوشحال بنائینگے۔آزادی کا مقصد یہ نہیں کہ ہم جھنڈے، جھنڈیاں لگائیں، رنگارنگ تقریبات منعقد کروائیں گالوں پر جھنڈے بنوالیں اور 14 اگست نوجوان اپنے موٹر سائیکل کے سلنسر اتا کر شہر کا امن برباد کر دیں بلکہ یوم آزادی تجدید عہد کا دن ہے تاریخ پاکستان یاد کرنے ادن ہے قیام پاکستان کے مقصد کو پانے کا دن ہے آئیے ہم سب مل کر اپنے اور اپنے معاشرے کی اصلاح کرنے، ملک کو سنوارنے اور ملک میں خلافت راشدہ کا نظام لانے اور ملک کو خوشحال و مستحکم بنانے کا عزم کریں۔

بقیہ 47 بقیہ جات

ورک کے اندر آتا ہے جسے شاہ سلمان سنٹر فار ریلیف اینڈ ہیومینیٹیرین ایڈ کے ذریعے چلایا جا رہا ہے۔اس امدادی فضائی پل کا مقصد شام اور ترکیہ میں زلزلے سے متاثرہ افراد کی مدد کرنا ہے۔خادم حرمین شریفین شاہ سلمان اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی ہدایات پر یہ امدادی آپریشن شروع کیا گیا۔

بقیہ 48 بقیہ جات

علاقہ میں ڈاکو شاہد کی دکان سے 90 ہزار روپے لوٹ کر فرار ہو گئے، باٹا پور کے علاقے میں ڈاکو گن پوائنٹ پر دلبر خان سے 50 ہزار روپے اور موبائل فون، مصطفی ٹاؤن سے ڈاکو عدنان سے 4 لاکھ 75 ہزار روپے چھین لئے، سندر میں ڈاکو ہاشم سے گن پوائنٹ پر 25 ہزار روپے اور موبائل فون، گلبرگ میں ڈاکو عباس سے 50 ہزار روپے اور موبائل فون ، لیاقت آباد میں ڈاکو کامران سے گن پوائنٹ پر 20 ہزار روپے اور موبائل فون اچھرہ کے علاقہ میں ڈاکو علی احمد سے 15 ہزار روپے اور موبائل فون ، لوئر مال میں ڈاکو رحمت سے 35 ہزار روپے اور موبائل فون ، شاہدرہ کے علاقہ میں ڈاکو وہاب سے 15 ہزار روپے اور موبائل فون ، فیصل ٹاؤن کے علاقہ میں ڈاکو نعمان سے 19 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر لے گئے جبکہ ماڈل ٹاؤن، مصطفی ٹاؤن، ہنجروال، لیاقت آباد، رائیونڈ، ہربنس پورہ سے گاڑیاں اور مصری شاہ، باغبانپورہ، برکی، ریس کورس، مزنگ، لوئر مال، مانگا منڈی سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

بقیہ 49 بقیہ جات

محتاط رہنے کی تاکید کی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق دبئی کے جنوب مشرقی علاقوں کے مکینوں نے سوشل میڈیا پر شدید بارش اور تیز آندھی کی اطلاع دی گئی۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک صارف نے اپنی بالکونی سے شدید بوندا باندی کی ایک ویڈیو شیئر کی ہے اور لکھا کہ دبئی میں موسم گرما کی بارش۔دبئی کی ایک خاتون مکین نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ انہوں نے دبئی میں واقع فیئرویز ایسٹ ٹاور میں اپنے بلند و بالا اپارٹمنٹ سے پہلی مرتبہ اس انداز میں شدید بارش اور تیز ہوائیں دیکھی ہیں۔

بقیہ 50 بقیہ جات

نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر پیر سید ناظم حسین شاہ نے پاکستان کی سلامتی، بلاول بھٹو زرداری، آصف علی زرداری کی صحت اور ذوالفقار علی بھٹو شہید، محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے درجات کی بلندی اور مرحومہ کی مغفرت کے لئے خصوصی دعا فرمائی۔پیر سید ناظم حسین شاہ کا کہنا تھا کہ سب سے پہلا سوال نماز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ہمارے پیارے آقا حضرت محمدؐ نے نماز کو مومن کی معراج اور اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا ہے۔رشتہ داروں، ہمسایوں، غریبوں، مسکینوں سے حسن سلوک کا حکم دیا گیا۔جس طرح کی زندگی نبی مہربان حضرت محمدؐ نے گزاری ہمیں اسی سنت پر عمل پیرا ہونے کا حکم دیا گیا۔نبی مہربان پر درود وسلام بھیجنے کا حکم ہے۔اللہ پاک قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ میں اور میرے فرشتے پیارے آقا حضرت محمدؐ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی ان پر درود بھیجو۔اس کے بے حد فضائل بھی بیان فرمائے گئے ہیں۔نبی پاکؐ کی آل پاک سے مودت کا حکم ہے۔اگر ہم پیارے آقا حضرت محمدؐ کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں گے تو ہمار ی دنیا بھی سنور جائے گی اور آخرت بھی۔

بعدالت جناب امان اللہ گوندل صاحب، نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست برائے تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 7ML، متوفیہ نذر محمد ولد غلام علی وارثان غلام علی والد ملکھاں بی بی والدہ بیوہ زوجہ پہلے فوت شدہ زندہ ممتاز بیگم بیوہ۔زہراں بی بی دختر۔ذوالفقار احمد۔خالد محمود پسران شفیق النساء۔عذرا پروین دختران نذر محمد متوفی ہیں۔اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب چوہدری احسان الٰہی صاحب نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست برائے تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 7 شمالی متوفیہ عصمت بی بی زوجہ محمد بشیر۔وارثان محمد اکبر والد بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔زندہ حافظ محمد بشیر خاوند۔غلام دستگیر۔صغیر احمد۔محمد ظہیر۔محمد کامران پسران۔صدیقہ بشیر۔عروج فاطمہ دختران متوفیہ ہیں۔اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

عوام سے خوفزدہ حکمران الیکشن میں تاخیر چاہتے ہیں: سراج الحق

عدالتوں اور اداروں کے بارے میں شکایتیں لگانے والے بتائیں انہیں ٹھیک کرنا کس کا کام تھا، جنہیں ایک بار نہیں بار بار اقتدار ملا، توشہ خانہ لوٹنے والوں کا احتساب چاہتے ہیں

گجرات، حافظ آباد (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ عوام سے خوفزدہ حکمران الیکشن میں تاخیر چاہتے ہیں [illegible] (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

پنجاب پولیس کی انٹرپول کے تعاون سے گرفتار اشتہاریوں کی سنچری مکمل

ڈائریکٹر انٹرپول، ڈی آئی جی ایف آئی اے کا شکریہ ادا کرتے ہیں، 103 اشتہاری ملزمان کو مختلف ممالک سے گرفتار کیا گیا: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور [illegible] (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: افغان سفیر سردار احمد شکیب کی سربراہی میں افغان وفد جمعیت علماء اسلام پاکستان کے امیر مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کر رہا ہے

کشمیر کونسل ای یو کے زیر اہتمام برسلز میں احتجاجی کیمپ

برسلز (مانیٹرنگ ڈیسک) کشمیر کونسل ای یو کے زیر اہتمام 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر بیلجیئم کے دارالحکومت برسلز میں سینٹرل ریلوے اسٹیشن کے نزدیک پلس ڈی البرٹائن کے مقام پر ایک روزہ احتجاجی کیمپ لگایا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق احتجاجی کیمپ میں شرکا نے کشمیریوں کی حمایت اور بھارتی مظالم کے خلاف پلے کارڈز اور بینرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

ننکانہ میں بھی یوم استحصال کشمیر تقریب، ریلی کا اہتمام کیا گیا

ضلعی افسران و اہلکاروں سمیت شہریوں کی شرکت، بھارتی اقدام کی مذمت کی گئی

ننکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) ملک بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب میں بھی یوم استحصال کشمیر کو قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل ہال میں یوم استحصال کشمیر کے سلسلہ میں مرکزی تقریب اور ڈپٹی کمشنر آفس سے گوردوارہ جنم استھان تک ریلی نکالی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ مزمل الیاس، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ اللہ توکل وٹو، سی ای او ایجوکیشن احسن فرید، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز پروفیسر ڈاکٹر ملک مختار سمیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

بھارت، ہریانہ میں حالات بدستور کشیدہ مسلمانوں کے گھر اور دکانیں مسمار

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں اقلیتوں کیلئے حالات بدستور کشیدہ ہیں اور ریاست ہریانہ میں فسادات رکنے کے بعد بھارتی حکومت نے مسلم اکثریت علاقوں میں مسلمانوں کے گھروں اور دوکانوں کو مسمار کر دیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارتی ریاست ہریانہ میں فسادات کے بعد مسلمانوں پر ایک اور مشکل آن پڑی ہے، اور بھارتی پولیس نے مسلم آبادی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

گلاسکو: پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر چوہدری محمد سرور اور لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان کا اوورسیز پاکستانیوں سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

جہلم انتظامیہ ناکام، سرکاری پراپرٹی پر پختہ تعمیرات ہونے لگیں

متعدد مرتبہ متعلقہ افسران کو تحریری و زبانی طور پر آگاہ کر چکے ہیں، شہری پھٹ پڑے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے مختلف علاقوں میں واقع اربوں روپے کی قیمتی سرکاری پراپرٹی پر پختہ تعمیرات ہونے لگی، محکمہ مال سمیت ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی شہریوں کا نگران وزیر اعلیٰ پنجاب، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ اور محکمہ مال کے افسران کی ملی بھگت کی وجہ سے بااثر افراد نے حکومت پنجاب اور محکمہ اوقاف کی ملکیتی، قیمتی اراضی پر قبضے کر کے پختہ تعمیرات شروع کر رکھی ہیں، اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

کشمیر کی آزادی کیلئے آواز بلند کی جائیگی: نوید حیدر شیرازی

مظلوم کشمیریوں کی ہر سطح پر اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے کشمیر کی آزادی تک ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں یوم استحصال کشمیر بھارت کے ظلم و بربریت کے خلاف اقوام عالم کی توجہ مبذول کرانے کی بہترین کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق خودارادیت کے حصول کے لئے قربانیاں دینے والے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

سعودی عرب اور بحرین کی اپنے شہریوں کو لبنان چھوڑنے کی ہدایت

ریاض/منامہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب اور بحرین نے لبنان میں مقیم اپنے اپنے شہریوں کو وہاں سے فوری طور پر نکل جانے کی ہدایت کی ہے اور انھیں کہا ہے کہ وہ مسلح تنازع کے علاقوں سے دور رہیں۔ غیر ملکی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

اوآئی سی کا مقبوضہ کشمیر میں غیر قانونی اقدامات منسوخ کرنے کا مطالبہ

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اوآئی سی نے مطالبہ کیا ہے کہ 5 اگست 2019 اور اس کے بعد شروع کیے گئے تمام غیر قانونی اقدامات فوری منسوخ کیے جائیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یوم استحصال کشمیر پر اسلامی تعاون تنظیم (اوآئی سی) نے مقبوضہ کشمیر میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

چنیوٹ: پرائس کنٹرول کمیٹیاں متحرک، گرانفروشوں کو جرمانے

عوام کو لوٹنے والے گرانفروش کسی رعایت کے مستحق نہیں: اسسٹنٹ کمشنر کی گفتگو

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پرائس کنٹرول مجسٹریٹس گرانفروشوں کے خلاف کاروائیوں کو مزید تیز کریں، روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں، بازاروں کے وزٹ کریں اور دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹوں کی دستیابی اور قیمتوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، عوام کو لوٹنے والے دکانداروں کو بھاری جرمانے کریں، انکے خلاف ایف آئی آر درج کروائیں، عوام کو لوٹنے والے گرانفروش کسی رعایت کے مستحق نہیں، یہ ہدایات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو الطاف حسین انصاری نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

لاہور: چھٹی کے روز شہری بادشاہی مسجد کے سامنے بارہ دری کی سیر کر رہے ہیں

شاہ چارلس کا ملکہ الزبتھ دوم کی پہلی برسی نہ منانے کا فیصلہ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی شاہ چارلس نے ملکہ الزبتھ دوم کی پہلی برسی نہ منانے کا فیصلہ کیا ہے، کوئی سرکاری اور نجی سطح پر تقریب بھی نہیں ہوگی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ملکہ الزبتھ دوم کی برسی پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

یوم استحصال کشمیر پر افضل کھوکھر کے زیر قیادت واک کا اہتمام

دنیا بھارت پر دباؤ ڈال کر غیر انسانی اقدام کو واپس کروائے: شرکا سے خطاب

عارفوالہ (نمائندہ قوت) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عارفوالہ ملک محمد افضل کھوکھر کی زیر قیادت میونسپل کمیٹی ہال سے کچہری تک واک کا انعقاد، واک میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد ندیم، ایجوکیشن، ہیلتھ، ریسکیو 1122 سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے، اسسٹنٹ کمشنر ملک محمد افضل کھوکھر نے واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی تاریخ میں 5 اگست کا دن انتہائی اہمیت کا حامل ہے،، پانچ اگست (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

چین کے مختلف شہروں میں زلزلہ، 10 افراد زخمی

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرقی چین میں زلزلے کے باعث متعدد عمارتیں گرنے سے 10 افراد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی زلزلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

سید غلام علی شاہ سینئر صدر لیبر ونگ ن لیگ سندھ تقرر

امید ہے سید غلام علی شاہ ن لیگ کو سندھ میں فعال کرینگے: عبدالرحیم اعوان

لاہور (سٹاف رپورٹر) عبدالرحیم اعوان صدر PMLN لیبر ونگ سندھ نے سید غلام علی شاہ کو سینئر صدر PMLN لیبر ونگ سندھ تقرر کیا ہے اور اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ سید غلام علی شاہ سندھ میں PMLN کو بحال کرنے میں اپنا شاندار کردار ادا کریں گے اور انشاء اللہ بہت جلد PMLN لیبر ونگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

کشمیری غلامی پر موت کو ترجیح دیں گے: چوہدری ظفر اللہ

حکمرانوں سمیت عالمی دنیا خاموش بیٹھی، بھارتی سازشوں کو ناکام بنایا جائے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مرکزی مسلم لیگ حلقہ پی پی 142 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری ظفر اللہ منہاس نے کہا ہے کہ پوری قوم متحد ہو کر آج کے دن کو یوم سیاہ کے طور پر منا رہی ہے 5 اگست کشمیریوں کیلئے ایک سیاہ باب ہے جس کو بھارت نے کشمیریوں پر مسلط کر کے ان کی شناخت اور حقوق سلب کیے کشمیری بھارت کے اس اقدام کو مسترد کرتے ہیں ہمارے حکمرانوں سمیت عالمی دنیا خاموش بیٹھی یہ وقت بھارت اور عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دینے کا ہے کہ کشمیری غلامی پر موت کو ترجیح دیں گے اور وہ اپنے اصولی موقف پر کبھی سمجھوتہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

جہلم کے اسسٹنٹ کمشنرز نے کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ دیئے

اسسٹنٹ کمشنر جہلم 47 جبکہ اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان 14 پر رہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم حکومت پنجاب نے 143 تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کی کارکردگی کی رپورٹ جاری کر دی۔ پنجاب بھر میں ضلع جہلم کی چاروں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ دیئے، اسسٹنٹ کمشنر سوہاوہ 143، اسسٹنٹ کمشنر دینہ کارکردگی کے لحاظ سے 106، اسسٹنٹ کمشنر جہلم 47 جبکہ اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان 14 پر رہے، پنجاب بھر میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے اسسٹنٹ کمشنر بہاولنگر وکٹری سٹینڈ پر، دوسرے نمبر پر اسسٹنٹ کمشنر سمندری، تیسرے نمبر پر اسسٹنٹ کمشنر تاندلیانوالہ اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

بہاولپور: تھانہ عباس نگر چوکی انچارج کرپشن کے چرچے

پولیس چوکی لال سوہانرا وین پر منشیات کی سپلائی، فرمائشی مقدمات کا اندراج معمول

بہاولپور (بیورو چیف) تھانہ عباسنگر چوکی انچارج لال سنہارا کی کرپشن کے چرچے پولیس چوکی لال سوہانرا کی وین پر منشیات کی سپلائی کا انکشاف، فرمائشی مقدمات درج دوران چھاپہ گھروں کا قیمتی سامان چوری کیا جانے لگا جامع تلاشی میں لاکھوں روپے کے سیکڑوں موبائل فون ہڑپ اہل علاقہ نکونک عوامی حلقوں کا ڈی پی او بہاولپور سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیل کے مطابق بہاولپور چوکی انچارج لال سنہارا کی کرپشن کے چرچے اہل علاقہ اپنے محافظوں سے لٹنے لگے جھوٹے مقدمات کی بھرمار دوران چھاپہ گھروں سے قیمتی سامان چوری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

بھارت نے 5 اگست کو کشمیریوں کا استحصال کیا: مولانا ایوب ثاقب

کشمیریوں پر مظالم ڈھائے جا رہے انسانی حقوق کے علمبردار خاموش بیٹھے ہیں

ڈسکہ (نامہ نگار) مودی سرکار نے 5 اگست 2019 اگست کو ظالمانہ قانون کی تحت استحصال کرتے ہوئے کشمیر کی خصوصی حیثیت تبدیل کی ہے۔ ریاست کشمیر مودی سرکار نے مسلم آبادی کے واسطہ ناگا اسکی بنا دیا ہے کشمیری عوام کا پاکستان کے ساتھ لازوال رشتہ ہے انتہائی جبر کے باوجود کشمیری قوم کا دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتا ہے کشمیری قوم آزادی کے واسطے نسلوں کی قربانیاں پیش کر رہے ہیں۔ سات دہائیوں سے زائد کا عرصہ گزر جانے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے باوجود بھارت کا مظلوم اور نہتے کشمیریوں پر ظلم و جبر کا سلسلہ جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

لاہور: تعطیل کے روز چڑیا گھر کی سیر کیلئے آئے شہریوں کا رش

شاہ سلمان، ولی عہد کا چینی صدر سے رابطہ، سیلاب سے نقصان پر اظہار افسوس

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے چین میں شدید بارشوں کے سبب آنے والے سیلاب میں جانی نقصان پر چینی صدر شی جن پنگ سے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

ڈسکہ: اساتذہ کی نااہلی میٹرک امتحان میں بچے پوزیشنز نہ لے سکے

طالبعلم ماہانہ ہزاروں روپے ٹیوشن فیس بھی ادا کرتے، گورنمنٹ کرسچن سکول طلبا سراپا احتجاج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ٹیچروں کو ماہانہ ہزاروں روپے ٹیوشن فیسیں ادا کرنے کے باوجود بھی میٹرک کے امتحان میں کوئی طالبعلم پوزیشن نہ لے سکا والدین سراپا احتجاج بن گئے گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ کے ہیڈ ماسٹر اصغر علی ملی بھگت سے سکول کے ٹیچر زطیب اور عمر وغیرہ سکول میں تعلیم حاصل کرنیوالے بچوں کو زبردستی اپنے پاس ٹیوشن پڑھنے پر مجبور کرتے ہیں اور طالبعلموں کے والدین سے ٹیوشن کے نام پر ہزاروں روپے ماہانہ فیس وصول کی جاتی ہے جو طالبعلم ان ٹیچروں طیب اور عمر کے پاس ٹیوشن نہیں پڑھتا اس طالبعلم کو سکول سے نکالنے اور مختلف سزائیں دی جاتی ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

اتحاد ریل کی تکمیل کا عمل جاری، خلیجی ریلوے نیٹ ورک سے امیدیں وابستہ

ابوظہبی (مانیٹرنگ ڈیسک) متحدہ عرب امارات کا بلند عزم اتحاد ریل نامی منصوبہ اس وقت تیزی سے حقیقت کا روپ دھار رہا ہے جو ملک کے اندر اور باہر کے وسیع خطے میں لوگوں کا سفری طریقے تبدیل کرنے کے ساتھ ساتھ تجارت اور کاروبار کے انعقاد میں آسانی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

ڈسکہ: مولانا ایوب ثاقب یوم استحصال کشمیر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کرپٹ سیاستدانوں کا بے رحمانہ احتساب ہونا چاہئے: ضیاء الدین انصاری

مہنگائی بیروزگاری نے عام آدمی کو خودکشی پر مجبور کر دیا، اسلامی نظام کا قیام اور جماعت اسلامی تمام مسائل کی واحد امید کی کرن ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک لوٹنے والے کرپٹ سیاستدانوں کا بے رحمانہ احتساب ہونا چاہیے۔ مہنگائی بیروزگاری اور معاشی بدحالی نے عام آدمی کو خودکشی پر مجبور کر دیا ہے۔ آئی ایم ایف کی غلامی اور معاشی بدحالی میں ملک کی 75 سالہ تاریخ کا ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ پی ڈی ایم کی کارکردگی عوام کو مہنگی بجلی کے جھٹکے اور پٹرول بم کے ذریعے معاشی طور پر تباہ کرنا ہے۔ ن لیگ اور پی پی نے ایک دوسرے کی کرپشن کو تحفظ دے کر لوٹ مار کو پروان چڑھا کر قوم کے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔ لیکن عوام ان مفاہمتی لٹیروں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

لاہور: چند روز قبل پولیس کے کریک ڈاؤن کے باوجود نشئیوں نے فیروزپور روڈ پر میٹروبس کے ٹریک کے نیچے ڈیرے ڈال رکھے ہیں

متعدد وارداتیں شہری لاکھوں کے مال و زر سے محروم

برکی میں اعجاز کے گھر 6 لاکھ 50 ہزار، مصطفی آباد میں مجید کی دکان سے 75 ہزار، باٹاپور میں دلبر خان سے 50 ہزار روپے لوٹ لئے گئے

ماڈل ٹاون، مصطفی ٹاون، ہنجروال، لیاقت آباد، رائیونڈ، ہربنس پورہ سے گاڑیاں جبکہ مختلف علاقوں سے 7 موٹر سائیکل چھومنتر ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت ڈاکوؤں اور چوروں نے متعدد وارداتوں کے دوران شہریوں کو لاکھوں روپے مالیت کی نقدی و طلائی زیورات اور دیگر قیمتی اشیائ سے محروم کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق برکی کے علاقہ میں ڈاکوؤں نے اعجاز کے گھر گھس کر گن پوائنٹ پر 6 لاکھ 50 ہزار کی نقدی، طلائی زیورات اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے شیراکوٹ میں چور جمیل کی دکان سے 1 لاکھ 45 ہزار کی نقدی اور دیگر سامان چوری کر کے لے گئے، مصطفی آباد میں ڈاکوؤں نے مجید کی دکان میں گھس کر اسلحہ کے زور پر 75 ہزار روپے، شادمان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

چیئرمین PTI کو سزا سنانے والے جج ہمایوں دلاور انگلینڈ روانہ

ہمایوں دلاور کی لندن ٹریننگ نامزدگی سے متعلق چار اگست کا خط سامنے آیا

ٹریننگ کا تمام خرچہ کامن ویلتھ سیکرٹریٹ لندن کی جانب سے اٹھایا جا رہا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی کو سزا سنانے والے ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور جوڈیشل کانفرنس میں شرکت کیلئے انگلینڈ چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق جج ہمایوں دلاور کی لندن ٹریننگ نامزدگی سے متعلق چار اگست کا خط سامنے آیا جس میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے جج کی جوڈیشل کانفرنس میں شمولیت کیلئے نامزدگی کی تھی، اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار نے چار اگست کو خط سیشن جج کو لکھا۔ خط کے متن کے مطابق جج فیضان حیدر کی جگہ ٹریننگ کیلئے جج ہمایوں دلاور کا نام شامل کیا جائے، جج ہمایوں دلاور پانچ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

کویت کا لبنانی وزیر سے بیروت بندرگاہ کی تعمیر نو سے متعلق بیان واپس لینے کا مطالبہ

کویت سٹی (مانیٹرنگ ڈیسک) کویت کے وزیر خارجہ نے لبنان کے نگراں وزیر اقتصادیات امین سلام کے بیروت کی بندرگاہ کے ایک حصے کی تعمیر نو کے بارے میں دیے گئے بیان کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور اس کو واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کویت کے وزیر خارجہ شیخ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

ڈسکہ سرکل تھانوں کا فرنٹ ڈیسک عملہ بھی پولیس کی ڈگر پر چل نکلا

ایف آئی آر کی نقل لینے کیلئے آنیوالوں کو خوار کرنے لگے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں: مطالبہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سرکل ڈسکہ کے پانچوں تھانوں کے فرنٹ ڈیسک عملہ نے پولیس کا رویہ اختیار کر لیا ایف آئی آر کی نقل لینے کیلئے آنیوالوں کو خوار کرنے لگے سرکل ڈسکہ کے پانچوں تھانوں سٹی، ستراہ، بمبانوالہ، موترہ اور صدر میں قائم ہونیوالے فرنٹ ڈیسکوں پر تعینات لیڈی عملہ سمیت تمام نے پولیس کا رویہ اختیار کر لیا ہے فرنٹ ڈیسک کا عملہ ایف آئی آر کی نقل لینے کیلئے آنیوالے سائلین کو خوار کرنے لگے ہیں اور سائلین کو بلاوجہ تنگ کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے سائلین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور فرنٹ ڈیسک کا عملہ ایف آئی آر کی نقل دینے کیلئے متعلقہ تھانوں کے محرر کی اجازت نامہ لینے پر سائلین کو مجبور کرتا ہے اگر کوئی سائل محرران تھانہ کے پاس ایف آئی آر کی کاپی کا اجازت نامہ لینے جائیں تو وہ فیس مانگنا شروع کر دیتے ہیں اگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

دنیا میں جو بھی آیا اسے ایک دن واپس جانا ہے: پیر ناظم حسین شاہ

نبی کریم کا بتایا ہوا راستہ باعث نجات ہے: میاں خالد سعید کی بھاوج کی رسم قل پر خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیاسی، سماجی اور مذہبی رہنما پیر سید ناظم حسین شاہ نے کہا ہے کہ جو دنیا میں آیا ہے اسے ایک دن واپس جانا ہے۔ اپنے رب سے ملاقات کرنی ہے۔ جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہیں ان کا حساب دینا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میاں خالد سعید کی بھاوج اور میاں زبیر کی زوجہ کی رسم قل کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رسم قل میں پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سمیت اہل علاقہ اور معززین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

امارات کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش، آندھی اور ریت کا طوفان

ابوظہبی (مانیٹرنگ ڈیسک) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے بعض علاقوں میں تیز ہواؤں، شدید بارش اور ریت کے طوفان نے تباہی مچا دی۔ پولیس اور موسم کی پیشین گوئی کرنے والے حکام نے مکینوں کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور: پیپلز پارٹی کے رہنما میاں خالد سعید کی بھاوج اور میاں زبیر کی زوجہ کی رسم قل کے موقع پر پیر سید ناظم حسین شاہ دعا کروا رہے ہیں

شاہدرہ: ملک یوسف کے ایصال ثواب کے لئے دسواں شریف کے ختم میں مختلف شخصیات شریک ہیں

جہلم: پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا مہنگائی کیخلاف احتجاج

حکمران فوری طور پر اشیاء خورونوش سمیت بجلی گیس، پٹرول کی قیمتیں کم کریں: مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا مہنگائی کی ستائی عوام کیلئے احتجاجی مظاہرہ۔ پرامن مظاہرین نے جہلم پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا اور حکمرانوں کو اشیاء خوردونوش سمیت بجلی، گیس، پٹرول کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کر دیا، مظاہرے کی قیادت چوہدری محمد ہارون رفیق رہنما پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع جہلم، ملک محمد افضل اعوان رہنما پاکستان مرکزی مسلم لیگ جہلم کر رہیں تھے، احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے، چوہدری محمد ہارون رفیق نے کہا کہ مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام کی آواز بلند کرنے کے لیے سڑکوں پر آنا پڑا ہے، حکمرانوں نے وطن عزیز کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے وعدے پر اقتدار سنبھالا اور اقتدار میں آنے کے بعد پٹرول، بجلی، گیس سمیت اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں غیر معمولی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

ملک یوسف کے ایصال ثواب کیلئے دسواں شریف کا ختم

اہتمام ملک الطاف، ملک مشتاق، ملک جبار نے کیا، بلندی درجات کیلئے خصوصی دعا مانگی گئی

شاہدرہ (نمائندہ خصوصی) ماچس فیکٹری ختم شریف دسواں برائے ایصال ثواب ملک محمد یوسف جو کہ گزشتہ 10 دن پہلے ملک محمد یوسف رضائے الٰہی سے وفات پا چکے تھے ان کے ایصال ثواب کیلئے دسویں کا ختم شریف کے حوالے سے آج ملک مارکی میں محفل کا انعقاد کیا گیا جس میں علماء کرام نے خطاب کیا اور نعت خوان نے نعت شریف پڑھی اور ختم شریف تلاوت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

امریکی ڈرون کی روس کی حدود میں داخل ہونے کی کوشش

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی ڈرون طیارے نے روس کی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی ڈرون نے بحیرہ اسود (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

وزیر آباد: آل پارٹیز خوشحال و مستحکم پاکستان بذریعہ نفاذ اسلام سیمینار

ملکر پاکستان کو بچائینگے اور خوشحال بنائینگے: جمعیت اہلحدیث و یوتھ فورس عہدیداران کے خطاب

وزیر آباد (نامہ نگار) جمعیت اہلحدیث و اہلحدیث یوتھ فورس ضلع وزیر آباد کے زیر اہتمام رائل میرج ہال میں آل پارٹیز خوشحال و مستحکم پاکستان بذریعہ نفاذ اسلام سیمینار کا انعقاد کیا گیا جسمیں امیر جمعیت اہلحدیث ضلع وزیر آباد پروفیسر حافظ عدیل احمد گرجاکھی، نائب صدر مسلم لیگ (ن) پنجاب مستنصر علی گوندل ایڈووکیٹ، صدر اہلحدیث یوتھ فورس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

حرمین شریفین میں ماسک پہننا انفیکشن سے بچاؤ ہے، انتظامیہ

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) حرمین شریفین میں جنرل سیکورٹی ادارے نے مسجد حرام اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں آنے والے زائرین کے لیے ماسک پہننے کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

ترکیہ میں زلزلہ متاثرین کی مدد کے لیے سعودی عرب نے 18 واں امدادی طیارہ بھیج دیا

انقرہ (نیٹ نیوز) ترکیہ میں زلزلہ متاثرین کی مدد کے لیے سعودی عرب نے اپنا 18 واں امدادی طیارہ بھیج دیا۔ میڈیا پورٹس کے مطابق امدادی طیارہ کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 32 ٹن سے زیادہ طبی آلات اور آلات لے کر ترکیہ کے غازی عنتاب ایئرپورٹ کے لیے اڑا۔ یہ سعودی ریلیف ایئر برج کے فریم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

گوجرانوالہ: پٹرولنگ پولیس ہیلمٹ کے نام پر عوام کو خوار کرنے لگی

صحافی کے رش کا پوچھنے پر کانسٹیبل خالد آگ بگولہ، گریبان سے پکڑ کر چوکی لے گیا

گوجرانوالہ (علی رضا وڑائچ) پٹرولنگ پولیس چیک پوسٹ چک اگو پاگلوں کے حوالے۔ ہیلمٹ چیکنگ کے بہانے شرفاء کی پگڑیاں اچھالنا، ڈرانا دھمکانا ڈیکلیئر پاگلوں کا وطیرہ بن گیا خالد نامی پاگل کانسٹیبل مسلح پسٹل شہریوں کو جان سے مار دینے کی دھمکیاں دینے لگا۔ سینئر صحافی ضرغام عباس پر چوکی میں بیہمانہ تشدد اور حوالات میں بند کر دیا۔ صحافی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

14 اگست یوم آزادی کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ قوت خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام بیورو چیف/نمائندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ موقع کی مناسبت سے اپنے اشتہارات ڈیزائن کر کے 12 اگست تک مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر میل کریں۔

منیجر بیوروز

محمد اکرام اعوان

0302-1228000

0300-4181870

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

خاتون نے چہرے کی سرجری کیلئے گھر بیچ دیا

نیو یارک (نیٹ نیوز) امریکی خاتون نے چہرے کی فیس لفٹ سرجری کیلئے گھر بیچ دیا اور اب ایک وین میں رہائش پذیر ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق امریکی ریاست ایریزونا سے تعلق رکھنے والی 50 سالہ کیلی بیزلی نے خوبصورت اور جوان دکھنے کیلئے چہرے کی سرجری کا فیصلہ کیا۔ خاتون کی کہانی انٹرنیٹ پر بہت سے لوگوں کے رونگٹے کھڑے کر رہی ہے، کیلی نے رقم کا انتظام نہ ہو پانے کی وجہ فیس لفٹ سرجری کیلئے اپنا تین کمروں کا گھر $14,000 (11 لاکھ روپے) میں بیچ دیا۔

خوش قسمت خاتون ڈیڑھ گھنٹہ مگرمچھ کے جبڑوں میں رہ کر بھی زندہ بچ گئی

انڈونیشیا (نیٹ نیوز) مثل مشہور ہے کہ دریا میں رہتے ہوئے مگر مچھ سے بیر نہیں لینا چاہیے، یعنی مگر مچھ اتنا طاقتور اور خوفناک جانور ہے کہ اس کے شکنجے میں آنے کے بعد شکار کی موت یقینی ہوتی ہے۔ مگر آپ یہ جان کر حیران رہ جائیں گے کہ ایک عورت نے ڈیڑھ گھنٹے تک اس خونخوار جانور کا مقابلہ کیا انڈونیشیا کے صوبہ مغربی کلیمنتن کے علاقے کتاپانگ ریجنسی میں 38 سالہ فلمیرا ڈی جیسس اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پام کے پودے کاشت کر رہی تھی۔